★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
قوت
لاہور
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 12 | منگل 29 رجب 1444ء 21 فروری 2023ء 6 پھاگن 2079 ب صفحات 8 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 255

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

لاہور راولپنڈی میچوں کیلئے فول پروف سکیورٹی انتظامات کیے جائینگے، وزیراعلیٰ پنجاب

ملتان کی طرح راولپنڈی کے کیمروں کو بھی سیف سٹی لاہور سے لنک کیا جائے‘ پی ایس ایل کیلئے 4 درجاتی سکیورٹی حصار بنایا جائے گا‘ روٹس پر ٹریفک کی بندش کا دورانیہ کم سے کم رکھا جائے

گلبرگ کالج میں شائقین کو پارکنگ کی سہولت فراہم‘ معذور اور بزرگ افراد کے لئے کالج سے سٹیڈیم تک شٹل سروس چلائی جائے گی‘ محسن نقوی کا پی ایس ایل سکیورٹی انتظامات بارے میٹنگ سے خطاب

لاہور (سٹاف رپورٹر‘ قوت) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کا کہنا ہے کہ ملتان کی طرح لاہور اور راولپنڈی کے میچوں کیلئے بھی فول پروف سکیورٹی انتظامات کیے جائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی زیرصدارت پی ایس ایل سکیورٹی انتظامات سے متعلق فالو اپ میٹنگ کی گئی، میٹنگ میں پی ایس ایل کے متعلق لاہور اور راولپنڈی میں ہونے والے میچز کے لئے کیے جانے والے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ محسن نقوی نے ملتان کی طرح راولپنڈی کے کیمروں کو بھی سیف سٹی لاہور سے لنک کرنے کی
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر کم ہو کر خطرناک سطح پر آ گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ‘ قوت) پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر کم ہو کر خطرناک سطح پر آ گئے
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

عمران خان لاہور ہائیکورٹ میں پیش، حفاظتی ضمانت منظور

جیل بھرو تحریک سے پیچھے نہیں ہٹوں گا، عدالتوں کا احترام کرتا ہوں‘ عمران خان

لاہور (سٹاف رپورٹر‘ قوت) حفاظتی ضمانت کی درخواست سے متعلق کیس میں لاہور ہائی کورٹ نے چیئرمین پی ٹی آئی کی تا حال کمرہ عدالت میں
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)


اسلام آباد: روتھ چائلڈ اینڈ کمپنی کا وفد وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہا ہے (فوٹو قوت)

آئین اور قانون 90 دن سے زائد کی تاخیر کی اجازت نہیں دیتا، آئین کی خلاف ورزی سے بچنے کیلئے اپنا آئینی اور قانونی فرض ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں

صدر عارف علوی نے پنجاب اور خیبر پختونخواہ میں انتخابات کی تاریخ دیدی

الیکشن کمیشن 9 اپریل بروز اتوار پنجاب اور خیبر پختونخواہ کی صوبائی اسمبلیوں کیلئے انتخابات کرائے، ایکٹ کے سیکشن 57 دو کے تحت الیکشن کا پروگرام جاری کیا جائے‘ صدر مملکت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ‘ قوت) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے پنجاب اور خیبر پختونخواہ میں انتخابات کی تاریخ دے دی۔ صدر مملکت نے الیکشن ایکٹ 2017ء کے سیکشن 57 (1) کے تحت 9 اپریل بروز اتوار پنجاب اور خیبر پختونخواہ کی صوبائی اسمبلیوں کیلئے انتخابات کا اعلان کر دیا۔ ایوان صدر سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن ایکٹ کے
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

مشکلات کے باوجود ملکی معیشت کی بہتری کیلئے کوشاں ہیں‘ وزیراعظم

غیر ضروری درآمدات میں کمی‘ برآمدات میں اضافہ حکومت کی اولین ترجیح‘ شہباز شریف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ‘ قوت) وزیراعظم شہباز شریف سے روتھ چائلڈ اینڈ کمپنی کے وفد نے ملاقات کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

جمہوریت کا یہ فائدہ ہے کہ آپ کی آواز ایوانوں تک پہنچتی ہے سپیکر پنجاب اسمبلی

لاہور (سٹاف رپورٹر‘ قوت) سپیکر پنجاب
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹر میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں


اسلام آباد: برٹش ہائی کمشنر اینڈریو وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اسحاق ڈار سے ملاقات کر رہے ہیں

اسٹیبلشمنٹ کا سیاست سے باہر نکلنا ووٹ کو عزت دو کی جیت ہے، احسن اقبال

اسٹیبلشمنٹ، عدلیہ، بیوروکریسی اور سیاست دانوں کو ماضی سے سبق سیکھنا چاہئے‘ عمران حکومت کو ہم پر مسلط کیا‘ وفاقی وزیر

شکرگڑھ (تحصیل رپورٹر) لیگی رہنما ن لیگ احسن اقبال کی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ کا سیاست سے باہر نکلنا ووٹ کو عزت دو کی جیت ہے۔ اسٹیبلشمنٹ، عدلیہ، بیوروکریسی اور سیاست دانوں کو ماضی سے سبق سیکھنا چاہیے۔ عمران حکومت کو بعض ججوں اور جرنیلوں نے ہم پر مسلط کیا، خوشی ہے علی وزیر کو رہائی ملی، یہ قانون کی جیت ہے۔ عمران حکومت، دہشت
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

پی ٹی آئی کے لوگ (ن) لیگ میں آنے کیلئے منتیں کر رہے ہیں، مریم نواز

مہنگائی کی ذمہ دار موجودہ حکومت نہیں، عوام جانتے ہیں معاشی تباہی اور مہنگائی کا عذاب سابق حکومت لائی‘ تنظیمی اجلاس سے خطاب

راولپنڈی (بیورو رپورٹ‘ قوت) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر اور چیف آرگنائزر مریم نواز نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے لوگ مسلم لیگ (ن) میں آنے کے لیے منتیں کر رہے ہیں، مہنگائی کی ذمہ دار موجودہ حکومت نہیں، عوام جانتے ہیں کہ معاشی تباہی اور مہنگائی کا عذاب سابق حکومت لائی ہے، چار سال میں جو تباہی مچائی گئی اس سے نجات حاصل کرنے میں چند سال لگیں
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

طورخم سرحد‘ افغان فورسز کی ایف سی چیک پوسٹوں پر فائرنگ، اہلکار زخمی

خیبر (ایجنسیاں‘ قوت) طورخم سرحد پر افغان
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

عمران خان کی گرفتاری کا فیصلہ، ایف آئی اے اور پولیس نے تیاری مکمل کر لی

لاہور (سٹاف رپورٹر‘ قوت) چیئرمین
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

اسلام آباد: سی ای او مسٹر خرم جمیل صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے ملاقات کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کارکنان نے بھی عمران کی سیاست کو مسترد کر دیا‘ شیری رحمن

جیل بھرو تحریک کا آغاز کر کے خود حفاظتی ضمانت کیلئے عدالت جا رہے ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ‘ قوت) وفاقی وزیر شیری رحمان نے کہا ہے کہ عمران خان آج سے جیل بھرو تحریک کا آغاز کر کے خود حفاظتی ضمانت کیلئے عدالت پہنچ رہے، خود ضمانت لیکر کارکنان کو جیل جانے کا مشورہ دے رہے ہیں، یہی وجہ ہے تحریک انصاف کے صرف 16 سو ورکرز نے رجسٹریشن کرائی ہے۔ پیر کے روز عوامی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے ایک بیان میں شیری رحمان کا کہنا تھا کہ عوام کے بعد پی ٹی آئی کارکنان نے بھی عمران خان کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

صدر مملکت اپنی اوقات سے باہر نکل رہے ہیں‘ خواجہ آصف

ہمارا آئی ایم ایف سے معاہدہ ہوا، ڈیفالٹ کی کوئی صورت نہیں بن رہی‘ وزیر دفاع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ‘ قوت) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ صدر مملکت اپنی اوقات سے باہر نکل رہے ہیں، صدر کی اوقات ہی نہیں کہ وہ ایسے (الیکشن سے متعلق) فیصلے کریں۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ ہمارا آئی ایم ایف سے معاہدہ ہوا، ڈیفالٹ کی کوئی صورت نہیں بن رہی، ملک کی آدھی آبادی غربت اور آدھی عیاشی کی زندگی گزار رہی ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ ایف بی آر کا ریکارڈ دیکھ لیں ادارے ریونیو جمع کرنے میں ناکام ہیں، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

عمران خان کیخلاف درج ایک بھی مقدمہ درست نہیں، اسد عمر

جس احتجاج میں عمران خان موجود ہی نہیں تھے اسی میں نامزد کر دیا گیا‘ رہنما پی ٹی آئی

لاہور (سٹاف رپورٹر‘ قوت) تحریک انصاف کے رہنما اسد عمر نے واضح کیا ہے کہ جس احتجاج میں عمران خان موجود ہی نہیں تھے اسی میں نامزد کر دیا گیا، ان پر درج ایک بھی مقدمہ درست نہیں، حقائق بیان کرنے پر ہمارے لوگوں کیخلاف غداری کے مقدمے بن گئے۔ لاہور میں شبلی فراز کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے رہنما پی ٹی آئی رہنما اسد عمر کا کہنا تھا کہ ہماری جماعت کی جانب سے 21 اکتوبر میں الیکشن کمیشن کے باہر پرامن مظاہرہ کیا گیا، جس میں ایک گملا تک نہیں ٹوٹا، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

مردم شماری میں کراچی میں رہنے والے ہر شہری کو گنا جائے‘ فاروق ستار

پیپلز پارٹی پر کوئی اعتماد نہیں‘ ہم پاکستان کے مقتدر اداروں کو دیکھ رہے ہیں

کراچی (بیورو رپورٹ‘ قوت) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) کے رہنما فاروق ستار نے کہا ہے کہ مردم شماری کسی ایک سیاسی جماعت کا مسئلہ نہیں، کراچی میں رہنے والے ہر شہری کو گنا جائے، ہمارا پیپلز پارٹی پر کوئی اعتماد نہیں، ہم پاکستان کے مقتدر اداروں اور اہل اقتدار طبقوں کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رہنما ایم کیو ایم فاروق ستار نے کہا کہ مردم شماری کا انعقاد ہر 10 سال بعد ہوتا ہے، گزشتہ مردم شماری 17 سال بعد ہوئی، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

نگران پنجاب کابینہ کی ترجیحات میں عام آدمی کو سہولت دینا سرفہرست ہے، ڈاکٹر جاوید اکرم

پنجاب کے کارڈیالوجی ہسپتالوں میں آنے والے مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا مسلسل جائزہ لیا جا رہا ہے

صوبہ بھر کے کارڈیالوجی ہسپتالوں میں عملہ کو ڈیش بورڈ پر آن لائن انٹری کرنے کیلئے باقاعدہ تربیت دی جائے گی‘ نگران صوبائی وزیر صحت کا اجلاس سے خطاب

لاہور (خبر نگار) نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم کی زیرصدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ پنجاب کے معاون ڈاکٹر فرقد عالمگیر، سیکرٹری صحت پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی، سپیشل سیکرٹری سید واجد علی شاہ، ڈی جی ریسکیو ایمرجنسی سروسز پنجاب ڈاکٹر رضوان نصیر، ڈاکٹر زبیر اکرم، پی آئی ٹی بی کی ٹیم، ڈاکٹر عائشہ و، دیگر افسران اور وڈیولنک کانفرنس کے ذریعے پنجاب کے تمام کارڈیالوجی ہسپتالوں کے ذمہ داران نے شرکت کی۔ نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے اجلاس کے دوران صوبہ بھر میں امراض قلب کے مریضوں کو پرائمری انجیوپلاسٹی کی فراہمی کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ پی آئی ٹی بی کی جانب سے ڈیزائن کئے گئے
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

مہنگائی کا سیلاب کیسے آیا، جے آئی ٹی بنائی جائے، جاوید لطیف

آئین شکن آئین کی آڑ میں واردات کرنیوالے ہیں، یہ ریاست کیلئے خطرناک ہوگا‘ آج جنرل یحییٰ کا کردار عارف علوی ادا کرتے نظر آ رہے ہیں، وفاقی وزیر

ریاست جب ڈبودی جائے تو باقی کیا رہ جاتا ہے، کچھ گروپوں کو گلی کوچوں میں خونریزی کیلئے لانچ کیا جا رہا ہے، ثاقب نثار ہو یا شیخ منیر یہ ایک داغ ہیں، پریس کانفرنس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ‘ قوت) وفاقی وزیر میاں جاوید لطیف نے کہا ہے کہ آئین شکن ہمیں آئین کا درس نہ دیں، آئین شکن آئین کی آڑ میں وہ واردات کرنیوالے ہیں جس سے ریاست کو خطرہ ہوگا، آج جنرل یحییٰ کا کردار عارف علوی ادا کرتے نظر آ رہے ہیں، ہدایت کار اور سہولت کار عمران خان کو مکمل سہولت دے رہے ہیں، ہمارے لئے ریاست اور آئین مقدم ہے، ہم نے اپنی قربانی ریاست کیلئے دی تھی۔ اسلام آباد پریس کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ سنتے آئے ہیں کہ پاکستان تاریخ کے نازک ترین دور سے گزر رہا ہے پاکستان کو ڈبونے والے آج بھی آڈیوز اور ویڈیوز کی مدد سے اپنے عزائم کی تکمیل چاہتے ہیں، آپ آڈیو ویڈیو سے اپنے ناپسندیدہ وزیراعظم کو ہٹا تو سکتے ہو آپ آڈیو ویڈیو سے اپنے پسندیدہ شخص کو
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم محکمہ ہیلتھ کیئر میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی ٹی وی اور پارلیمنٹ حملہ کیسز‘ عمران کیخلاف دہشتگردی کی دفعات خارج

دہشت گردی کی عدالت نے دہشت گردی کی دفعات نکال کر کیس سیشن کورٹ کو بھیج دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ‘ قوت) سابق وزیراعظم عمران خان کے خلاف پی ٹی وی اور پارلیمنٹ حملہ کیس میں دہشتگردی کی دفعات خارج کر دی گئیں۔ انسداد دہشت گردی عدالت نے عمران خان کے خلاف دو کیسز میں دہشت گردی کی دفعات حذف کر دیں۔ انسداد دہشتگردی کی عدالت
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

افغانستان میں کارروائی تک دہشت گردی کے خدشات رہیں گے، بلاول بھٹو

ہم ٹی ٹی پی کو کامیاب نہیں ہونے دینگے، تنظیموں کے آئین کو نہیں مانتے‘ وزیر خارجہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ‘ قوت) وزیر خارجہ اور پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ جب تک ہمسایہ ملک میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائی نہیں ہوگی پاکستان میں سکیورٹی رسک رہے گا، ہم ٹی ٹی پی کو
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

صدر علوی ’’آ بیل مجھے مار‘‘ والے کام نہ کریں، وزیر داخلہ

دفتر کو بلیک میلنگ کا اڈہ نہ بنائیں، خوامخواہ ٹانگ نہ اڑائیں، رانا ثناء اللہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ‘ قوت) وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ خان نے کہا ہے کہ صدر علوی ’’آ بیل مجھے مار‘‘ والے کام نہ کریں، آئین کی حد میں رہیں، صدر کے دفتر کو بلیک میلنگ کا اڈہ نہ بنائیں، پیر کے روز اپنے ایک بیان میں وزیر داخلہ نے کہا کہ الیکشن کی تاریخ دینے سے صدر کا کوئی لینا دینا نہیں،
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69)

اسلام آباد: وفاقی وزیر میاں جاوید لطیف پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

دہشت گردی کیخلاف جنگ میں پاکستان کیساتھ کھڑے ہیں، ڈیرک شیلٹ

حملوں کی پاکستانی تحقیقات سے حاصل معلومات کا باریک بینی سے جائزہ لے رہے ہیں

پاکستان کو دہشت گردی کی اس نئی لہر کا سامنا کیوں؟ مشیر خاص امریکی وزارت خارجہ

واشنگٹن (فارن ڈیسک‘ قوت) امریکا نے ایک بار پھر دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کے ساتھ کھڑے ہونے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ جاننے اور سمجھنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ ایسے واقعات بار بار کیوں ہو رہے
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

الیکشن کمیشن کا اجلاس آج طلب‘ صدر کی جانب سے انتخابات کی تاریخ کے اعلان کا جائزہ لیا جائیگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ‘ قوت) صدر مملکت عارف علوی کی جانب سے پنجاب اور
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

آڈیو ویڈیو معاملہ، عمران خان نے سپریم کورٹ کے تمام ججز کو خط لکھ دیا

آرٹیکل 14 کے تحت شہریوں کے پرائیویسی کے حق کے تحفظ کیلئے اقدامات کی استدعا

کون سا قانون عوام کی نگرانی و خفیہ ریکارڈنگز کی اجازت دیتا ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ‘ قوت) کے بعد دیگر منظر عام پر آنے والی آڈیو/ویڈیو لیکس کا معاملہ، چیئرمین تحریک انصاف کا چیف جسٹس آف پاکستان سمیت سپریم کورٹ کے تمام ججز کو تفصیلی خط میں معاملے پر گزشتہ برس اکتوبر میں دائر آئینی
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64)

توشہ خانہ کو ٹاپ ایجنڈا اپنانے والی حکومت اپنے بیانیے سے راہ فرار اختیار کر چکی‘ فواد چودھری

جہلم (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے رہنما فواد حسین چوہدری نے کہا ہے کہ چند ہفتے پہلے تو
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 70)

سرکاری و نیم سرکاری ادارے آئیسکو کے اربوں کے نادہندہ نکلے

آزاد کشمیر 105، پارلیمنٹ لاجز 11 کروڑ، پی ایم سیکرٹریٹ 8 کروڑ کے واجبات

واجبات ادا نہ ہوئے تو پیشگی اطلاع کے بغیر بجلی منقطع کر دی جائیگی، آئیسکو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ‘ قوت) سرکاری و نیم سرکاری اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی کے اربوں کے نادہندہ، آئیسکو نے ادائیگیاں نہ کرنے والے اداروں کو نوٹس جاری کر دیا بجلی واجبات ادا نہ ہوئے تو پیشگی اطلاع یا بغیر کسی نوٹس کے بجلی منقطع
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 71)

آئین شکنی کی تو آرٹیکل 6 کا سامنا کرنا ہوگا، مریم اورنگزیب

ایوان صدر ایوان سازش بن چکا

عارف علوی صدر بنیں عمران خان کی کٹھ پتلی نہیں، سیاسی جماعت سے ساز باز صدر کے حلف کی خلاف ورزی ہے‘ وزیر اطلاعات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ‘ قوت) وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ ایوان صدر ایوان سازش بن چکا ہے، الیکشن کمیشن آئینی ادارہ ہے، عمران خان کی ٹائیگر فورس نہیں بننے دیں گے، عوامی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے ایک بیان میں مریم اورنگزیب کا کہنا تھا کہ الیکشن کمیشن پر دباؤ ڈال کر غیر آئینی طور پر الیکشن کی تاریخ لینے کی کوشش ہو رہی ہے، صدر عارف علوی نے آئین شکنی کی تو آرٹیکل چھ کا سامنا کرنا ہوگا، آئین کو ٹھوکر ماری تو علوی صدر نہیں رہیں گے، علوی صدر بنیں، عمران خان کی کٹھ پتلی نہ بنیں، صدر علوی کی
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

یو این ایف پی اے کے کنٹری نمائندے ڈاکٹر لوے وفاقی وزیر میاں ریاض حسین سے ملاقات کر رہے ہیں

کلر کہار میں باراتیوں کی بس کو حادثہ، 14 افراد جاں بحق، درجنوں زخمی

اسلام آباد سے لاہور جانیوالی بس کی بریک فیل ہوگئی اور مخالف سمت سے آنیوالی دو گاڑیوں سے جا ٹکرائی‘ ڈپٹی کمشنر چکوال

چکوال (ایجنسیاں‘ قوت) کلر کہار انٹرچینج کے قریب سالٹ رینج میں باراتیوں کی بس کو حادثہ پیش آگیا جس کے باعث 14 افراد جاں بحق جبکہ 60 سے زائد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد سے لاہور جانیوالی باراتیوں کی بس کی بریک سالٹ رینج کے قریب فیل ہوگئی جس کے باعث بس بے قابو ہو کر الٹ گئی، جس کے بعد مخالف سمت سے آنیوالی دو کاریں بھی بس سے ٹکرا گئیں، حادثے میں 3 خواتین سمیت 14 افراد جاں بحق جبکہ 60 سے زائد زخمی ہو گئے۔ ڈپٹی کمشنر چکوال کا کہنا ہے کہ حادثے کے فوری بعد موٹر وے
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 72)

شیخ رشید کیخلاف تھانہ آبپارہ میں درج مقدمے کے چالان کی کاپی منظر عام پر آ گئی

پولیس نے شیخ رشید احمد کیخلاف چالان میں سات گواہان کے بیانات شامل کئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ‘ قوت) سربراہ عوامی مسلم لیگ اور سابق وزیر داخلہ شیخ رشید کیخلاف تھانہ آبپارہ اسلام آباد میں درج مقدمے کے چالان کی کاپی منظر عام پر آ گئی۔ سابق صدر آصف علی زرداری پر چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

شعبان کا چاند دیکھنے کیلئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس آج ہوگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ‘ قوت) شعبان کا چاند دیکھنے کے لیے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

دہشت گردوں کی جانب سے سندھ اسمبلی کی ریکی کئے جانے کا انکشاف

تصاویر دیکھنے کے بعد سپیکر کی وزیراعلیٰ کو ایوان کی سکیورٹی سخت کرنے کی ہدایت

کراچی (بیورو رپورٹ‘ قوت) کراچی پولیس آفس کے بعد اب دہشت گردوں نے سندھ اسمبلی کی بھی ریکی شروع کر دی ہے۔ باوثوق ذرائع کی جانب سے بتایا ہے کہ دہشت گردوں کی جانب سے سندھ اسمبلی کی ریکی کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے،
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

صدر کے پاس ایگزیکٹو پاور نہیں، اعلان سے آئینی بحران پیدا کر دیا‘ احمد بلال محبوب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ‘ قوت) سربراہ پلڈاٹ احمد بلال محبوب نے کہا ہے کہ صدر مملکت
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 73)

عمرکوٹ‘ کلانکر جھیل میں زائرین کی کشتی الٹ گئی، 3 افراد جاں بحق

حادثے میں جاں بحق ہونے والے افراد کی لاشیں گھر پہنچنے پر کہرام مچ گیا

عمرکوٹ (ایجنسیاں‘ قوت) صوبہ سندھ کے شہر عمرکوٹ میں زائرین کی کشتی کلانکر جھیل میں الٹ گئی جس کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق کشتی الٹنے کے باعث 6 افراد جھیل میں ڈوبے، زائرین نوری والی
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 74)

مراد علی شاہ نے 6 صوبائی جامعات میں وائس چانسلر مقرر کر دیئے

تقرریوں کا باقاعدہ نوٹیفکیشن آئندہ ایک دو روز میں جاری کر دیا جائیگا‘ ذرائع

کراچی (بیورو رپورٹ‘ قوت) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے سندھ کی 6 جامعات میں وائس چانسلر مقرر کر دیئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ڈاکٹر ثمرین حسین کو داؤد انجینئرنگ یونیورسٹی، ڈاکٹر طحہٰ علی کو مہران انجینئرنگ یونیورسٹی، ڈاکٹر آصف شیخ کو
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

ایک جماعت دہشتگرد تنظیموں سے بات کرتی ہے، شرجیل میمن

کراچی (بیورو رپورٹ‘ قوت) وزیر اطلاعات سندھ شرجیل میمن کا کہنا ہے کہ بدقسمتی سے
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

ٹیکس چوری، کمرشل فراڈ، ممنوعہ اشیاء اسمگلنگ روکنے کے اقدامات

کابینہ کی سعودی عرب کیساتھ کسٹمز امور میں تعاون کے معاہدے کی منظوری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ‘ قوت) ٹیکس چوری، کمرشل فراڈ، ممنوعہ اشیاء اسمگلنگ اور منی لانڈرنگ روکنے کے اقدامات کیلئے کابینہ نے سعودی عرب کے ساتھ کسٹمز سے متعلق امور میں تعاون کے معاہدے کی منظوری دے دی۔ ذرائع
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66)

بغیر نمبر پلیٹ گاڑی عمران خان کی رہائشگاہ میں جانے سے روک لی گئی

لاہور (سٹاف رپورٹر‘ قوت) بغیر نمبر پلیٹ کی گاڑی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی لاہور میں
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 75)

فرخ حبیب نے ایف آئی اے میں طلبی کا نوٹس ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا

ایف آئی اے نے فرخ حبیب کو آج بروز منگل ساڑھے 11 بجے طلب کر رکھا ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر‘ قوت) تحریک انصاف کے رہنما فرخ حبیب نے ایف آئی اے میں طلبی کا نوٹس ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ ایف آئی اے نے فرخ حبیب کو کل ساڑھے 11
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 76)

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری عمران لچکی سے ملاقات کر رہے ہیں

ترکیہ اور شام میں زلزلے کے باعث ہونے والی اموات کی تعداد بڑھ کر 46 ہزار ہو گئیں

انقرہ (فارن ڈیسک‘ قوت) ترکیہ اور شام میں زلزلے کے باعث ہونے والی اموات کی تعداد بڑھ کر 46 ہزار ہو گئی ہے۔ سعودی ذرائع ابلاغ کے مطابق ترکیہ میں 3 لاکھ 45 ہزار
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62)

پاکستان میں کلمے اور خلافت کا نظام لانا چاہتے ہیں، سراج الحق

ہر ایک کو روٹی کپڑا اور مکان ملنا چاہئے‘ ملک میں امریکن کی بجائے اللہ اور اسکے غلاموں کی حکومت ہو‘ امیر جماعت اسلامی کا خطاب

بھلوال (محمد خالد جاوید‘ قوت) مرکزی امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی ملک میں کلمے اور خلافت کا نظام لانا چاہتی ہے جہاں قرآن و حدیث کا قانون نافذ ہو ہر ایک کو روٹی کپڑا اور مکان ملے اس ملک پر امریکن کی بجائے اللہ اور اس کے غلاموں کی حکومت ہو، وہ بھلوال میں جلسہ عام سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر جماعت اسلامی کے ہزاروں کارکنان موجود تھے۔ مرکزی امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق نے کہا کہ جماعت اسلامی 98 ملین ایکڑ بنجر زمین آباد کرنا
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)

بھلوال‘ جماعت اسلامی کے امیر سراج الحق عوام سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے زیتون کالونی دروغہ والہ میں صحت سہولت کا افتتاح کر دیا

گنجان آباد علاقہ جات میں صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کیلئے ایسے سہولت کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں' ڈاکٹر جاوید اکرم

HEALTH MINISTER PUNJAB

لاہور (خبر نگار) نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے زیتون کالونی دروغہ والہ میں صحت سہولت کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر سی ای او محمد بلال امجد، میاں امجد بشیر ودیگر ذمہ داران موجود تھے۔ نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے صحت سہولت میں طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا اور تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ سی ای او محمد بلال امجد نے تقریب کے دوران صحت سہولت کے قیام کے مقاصد بیان کئے۔ نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے تقریب کے دوران صحت سہولت سنٹر کے قیام میں کلیدی کردار ادا کرنے والی شخصیات کے دوران اعزازی شیلڈز بھی تقسیم کیں۔ محمد بلال امجد نے اس موقع پر نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم کی آمد پر شکریہ ادا کیا اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ افتتاحی تقریب کے دوران نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم کے بڑے بھائی اور سابق اٹارنی جنرل پاکستان جسٹس (ر) ملک محمد قیوم کے ایصال ثواب کیلئے دعا مغفرت بھی پڑھی گئی۔ نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ اللہ پاک کے نام سے شروع کئے گئے ہر کام میں برکت ہی ہوتی ہے۔ جو شخص کار خیر میں اللہ پاک کو اپنا حصہ دار بنا لیتا ہے تو اللہ پاک اس کام کی ذمہ داری خود اٹھا لیتا ہے۔ جسٹس (ر) اکرم روڈ صفاں والہ چوک میں اسی جذبہ کے تحت "آپکا کلینک" چلا رہے ہیں۔ زیتون کالونی دروغہ والہ کے صحت سہولت کے ذریعے دکھی انسانیت کا مفت علاج ومعالجہ کیا جائے گا۔ ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کا اسوہ حسنہ ہمارے لئے مشعل راہ ہے۔ نبی کریم ﷺ کے راستے پر چلتے ہوئے ہمیں دکھی انسانیت کا سہارا بننا چاہئے۔ حکومت کے ساتھ ساتھ مخیر حضرات کی کاوشوں سے عام آدمی کو بہتر سہولیات فراہم کرنے میں مدد حاصل ہوتی ہے۔

پرنسپل جنرل ہسپتال لاہور پروفیسر ڈاکٹر الفرید ظفر اور پاکستان سوسائٹی آف گائناکالوجی کی صدر ڈاکٹر صائمہ زبیر کا مفاہتی یادداشت پر دستخط کرنے کے موقع پر ڈاکٹر کے ہمراہ گروپ فوٹو

پرنسپل جنرل ہسپتال کا ذیابیطس میں مبتلا حاملہ خواتین کا ریکارڈ مرتب کرنے کیلئے بڑا اقدام

سربراہ جنرل ہسپتال اور پاکستان سوسائٹی آف گائناکالوجسٹس کی صدر نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط' شوگر میں مبتلا حاملہ خواتین کا ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ ہونے سے علاج میں آسانیاں ہونگی

دوران حمل بلڈ پریشر اور شوگر کو کنٹرول کرنا ماں و بچے کی صحت کا ضامن، معالجین کو خیال رکھنا ہوگا' معاہدہ مریضوں کے علاج معالجے میں معاون ثابت ہوگا' پروفیسر الفرید ظفر کا تقریب سے خطاب

لاہور (خبر نگار) سربراہ جنرل ہسپتال نے ایک اور انقلابی قدم اٹھاتے ہوئے پاکستان کی طبی تاریخ میں پہلی مرتبہ ذیابیطس کے مرض میں مبتلا حاملہ خواتین کا ڈیٹا مرتب کرنے کے لئے پاکستان سوسائٹی آف گائناکالوجسٹس کے ساتھ ایم او یو پر دستخط کر دیے ہیں جس کے تحت ایل جی ایچ میں علاج معالجے کے لئے آنے والی ایسی حاملہ خواتین جو ذیابیطس کے مرض میں مبتلا ہوں گی اُن کا میٹرنل ڈائبیٹک رجسٹری کے نام سے کمپیوٹرائزڈ ریکارڈ مرتب کیا جائے گا۔ اس معاہدے پر پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ و امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر اور پاکستان سوسائٹی آف گائناکالوجسٹس کی صدر ڈاکٹر صائمہ زبیر نے دستخط کیے جبکہ اس موقع پر ایل جی ایچ کی تینوں گائنی یونٹس کے لیڈی ڈاکٹرز بھی موجود تھیں۔ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پرنسپل جنرل ہسپتال و معروف گائناکالوجسٹ پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ اس اقدام سے شوگر کے مرض میں مبتلا حاملہ خواتین کے اعداد و شمار جمع کرنے میں مدد ملے گی اور ایک مصدقہ ڈیٹا تیار ہوگا جو کہ نہ صرف ایسے مریضوں کے علاج معالجے میں معاون ثابت ہوگا بلکہ میڈیکل ریسرچ کرنے والے نوجوان ڈاکٹرز کو خواتین میں دوران حمل ذیابیطس ہونے کی وجوہات اور محرکات کا پتہ چلانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ دوران حمل اکثر خواتین شوگر کے مرض میں مبتلا ہو جاتی ہیں جس سے نہ صرف خاتون کی صحت متاثر ہوتی ہے بلکہ ان کے رحم میں پلنے والے بچے کی نشوونما پر بھی برے اثرات مرتب ہوتے ہیں جس سے بچے کی گروتھ رک جاتی ہے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ یہ بات مشاہدے میں آئی ہے کہ ذیابیطس کے مرض میں مبتلا حاملہ خواتین کے بچے بہت سی پیچیدگیوں کے ساتھ اس دنیا میں آتے ہیں جو والدین اور معاشرے کیلئے مستقل ذمہ داری بن جاتے ہیں۔ پرنسپل پی جی ایم آئی نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ بہت سی خواتین میں صرف دوران حمل شوگر میں اضافہ ہوتا ہے اور وہ وقتی طور پر ذیابیطس کی مریضہ بن جاتی ہیں جس کے زچگی کے بعد نارمل ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دوران حمل ہائی بلڈ پریشر اور شوگر کا کنٹرول کرنا ماں و بچے کی صحت کا ضامن ہے جس کا معالجین کو خاص خیال رکھنا چاہیے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ گائناکالوجسٹ کے ایم او یو پر دستخط کرنے سے ذیابیطس کے مرض میں مبتلا خواتین کی بہتر انداز میں نگہداشت اور علاج معالجے میں مزید آسانیاں پیدا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ادارے اپنا ڈیٹا اور معلومات ایک دوسرے کے ساتھ شیئر کریں گے جس سے ایک ٹھوس لائحہ عمل مرتب کرنے میں مدد ملے گی جس سے زچہ و بچہ کی دیکھ بھال و علاج معالجہ میں ایک جدید موڑ آئے گا اور انہیں زچگی کے بعد بھی صحت سے متعلق مسائل کے حل میں مدد ملتی رہے گی۔

ادویات کی قلت دور کرنے کے لئے ہنگامی بنیادوں پر کام کیا جا رہا ہے' صوبائی وزیر صحت

قلت کی صورت میں دوسرے ہسپتالوں سے ادویات منگوا کر ضرورت پوری کر لیں گے' ڈاکٹر جمال ناصر

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈاکٹر جمال ناصر کی زیر صدارت ادویات کی قلت کے سلسلہ میں قائم پنجاب کابینہ کمیٹی کا ہنگامی اجلاس محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر میں منعقد ہوا جس میں سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے سرکاری ہسپتالوں میں دستیاب ادویات اور قلت کے عوامل پر تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی کوئی قلت نہیں، قلت کی صورت میں دوسرے ہسپتالوں سے ادویات منگوا کر ضرورت پوری کریں گے۔ ڈاکٹر جمال ناصر کا کہنا کہ ادویات کی قلت دور کرنے کے لئے ہنگامی بنیادوں پر کام شروع کر دیا گیا ہے۔ ایل سی کا وقت پر نہ کھلنا اور ڈالر کی قدر میں اضافے کے باعث ادویات کی درآمد میں دشواری پیدا ہوئی۔ ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا کہ ایل سی کھلوانے اور وینڈرز کے تحفظات دور کرنے کے لئے ڈریپ کے ذریعے وفاقی حکومت سے بات چیت جاری ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ دوائیوں کی قیمتوں میں اضافہ نہیں ہونے دیں گے، جعلی ادویات تیار کرنے پر چھاپے مارے جائیں گے۔ اس موقع پر سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے کہا کہ ایکٹ 2018 کے تحت ادویات وطبی آلات کی سنٹرل پروکیورمنٹ کے لئے پنجاب سیف میڈیسن سپلائی اتھارٹی قائم کی جائیگی جس کی منظوری کے لئے سمری وزیر اعلیٰ پنجاب کو بھیجی جا رہی ہے۔ میڈیسن سپلائی اتھارٹی کے قیام کے بعد تمام ادویات اور آلات خریدنے کی ذمہ داری اس اتھارٹی کی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ لائف سیونگ ڈرگز اور سٹینٹس وافر مقدار میں سرکاری ہسپتالوں میں موجود ہیں۔ کابینہ کمیٹی کے اجلاس میں سپیشل سیکرٹری صحت محمد واجد، سپیشل سیکرٹری خزانہ محمد ارقم، ایم ڈی پیپرا وقار عظیم، ڈی جی ڈرگ کنٹرول محمد سہیل، ایڈیشنل سیکرٹری ڈرگ کنٹرول ڈاکٹر قلندر خان اور چیف ڈرگ کنٹرولر اظہر جمال سلیمی نے شرکت کی جبکہ ملتان، راولپنڈی اور لاہور انسٹیٹیوٹس آف کارڈیالوجی کے سربراہان، سی ای او ڈریپ، پروفیسر عبدالوحید، پروفیسر زبیر اکرم کی بزریعہ وڈیو لنک شرکت کی۔

Specialized Healthcare & Medical Education Department

صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جمال ناصر ادویات کی قلت کے سلسلہ میں قائم کابینہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب ایمرجنسی سروس کا 1035 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ

546 افراد شدید زخمی، جنہیں نزدیکی ضلعی اور تحصیل ہسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب ایمرجنسی سروس نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1035 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 546 افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی اور تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 561 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیمز کی جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد 73, فیصد موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کیا جائے اور اولین کے نظم وضبط کا خیال رکھیں۔ اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 514 ڈرائیوز، کم عمر ڈرائیور 40 مسافر 491 اور 107 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 230 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں، جن میں صوبائی درالحکومت 240 متاثرین کے ساتھ پہلے فیصل آباد 78 حادثات میں 85 متاثرین کے ساتھ دوسرے گجرانوالہ 72 حادثات میں 67 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1112 متاثرین میں 857 مرد اور 255 خواتین شامل ہیں۔

لاہور کالج برائے خواتین یونیورسٹی میں ٹریفک قوانین سے آگاہی کے حوالے سے تقریب کا انعقاد

تقریب میں ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر محمد افضل اور رجسٹرار یونیورسٹی بابر علی خان کی خصوصی شرکت

لاہور (خبر نگار) شعبہ ابلاغیات کے زیر اہتمام لاہور کالج برائے خواتین یونیورسٹی میں ٹریفک قوانین سے آگاہی کے حوالے سے تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر محمد افضل اور رجسٹرار یونیورسٹی بابر علی خان نے خصوصی شرکت کی۔ تقریب کا اہتمام ڈیپارٹمنٹ آف ماس کمیونیکیشن لاہور کالج برائے خواتین یونیورسٹی اور سٹی ٹریفک پولیس کے اشتراک سے کیا گیا طالبات نے اپنی ذہنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ٹریفک قوانین سے آگاہی کے لئے پبلک سروس میسیجز بھی بنائے جن میں سے نمایاں پبلک سروس میسج بنانے والی طالبات میں انعامات بھی تقسیم کئے گئے تقریب کا مقصد لوگوں میں ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی کو اجاگر کرنا تھا تقریب میں چیر پرسن ڈیپارٹمنٹ آف ماس کمیونیکیشن ڈاکٹر سمیرا بتول نے طالبات کی جانب سے بنائی گئی وڈیوز کو سراہا ٹریفک ایجوکیشنل آفیسر فیصل محمود اور انسپکٹر فہمیدہ ذیشان نے روڈ سیفٹی کے حوالے سے آگاہی لیکچر دیا سٹی ٹریفک پولیس کے تعاون سے لاہور کالج برائے خواتین یونیورسٹی کی طالبات کے لیے موبائل لائسنس وین کی سہولت کا انتظام بھی کیا گیا

صوبے کو غیر قانونی انسانی اعضا کی پیوندکاری سے پاک کیا جائیگا' پروفیسر محمد شہزاد انور

سیکرٹری صحت پنجاب کی ہدایت پر ڈی جی پنجاب ہیومین آرگن ٹرانسپلانٹ اتھارٹی، پروفیسر ڈاکٹر محمد شہزاد انور کا سب آفس راولپنڈی کا دورہ

لاہور (خبر نگار) سیکرٹری صحت پنجاب، ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کی ہدایت پر ڈائریکٹر جنرل پنجاب ہیومین آرگن ٹرانسپلانٹ اتھارٹی، پروفیسر ڈاکٹر محمد شہزاد انور کا سب آفس راولپنڈی کا دورہ کیا اور حال ہی میں پکڑے جانے والے گروہ جو کہ اومانی نیشنل کے غیر قانونی انسانی اعضا کی پیوندکاری کرنے میں ملوث تھے کے بارے تفصیلی جائزہ لیا۔ اور پنجاب ہوٹا کی وجیلنس ٹیم کے سربراہ عدنان احمد بھٹی اور انکی سب آفس راولپنڈی کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا۔ دوران میٹنگ عدنان احمد بھٹی، سربراہ وجیلنس سیل پنجاب ہوٹا، ڈاکٹر فراز، انچارج سب آفس، راولپنڈی، حسن اختر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر وجیلنس نے شرکت کی۔ ڈائریکٹر جنرل پنجاب ہوٹا کا کہنا تھا کہ محکمہ صحت پنجاب کے ویژن کے مطابق صوبے کو ہر قسم کی غیر قانونی انسانی اعضا کی پیوندکاری سے پاک کیا جائیگا اور اس مکروہ دھندہ میں ملوث گروہ کے خلاف بلا امتیاز کاروائی کی جائے گی اور قانون کے مطابق پابند سلاسل کیا جائیگا۔

ویٹرنری یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر نسیم احمد ملتان کے مویشی پال فارمر احمد ملک کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

مویشی پال فارمر احمد ملک کا ویٹرنری یونیورسٹی لاہور کا دورہ

جانوروں کی بیماریوں کی تشخیص علاج معالجے طبی ایڈوائزری بارے آگاہ کیا

لاہور (خبر نگار) ملتان کے نامور مویشی پال فارمر احمد ملک نے گذشتہ روز یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کا دورہ کیا اور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر نسیم احمد کے ساتھ ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران پروفیسر ڈاکٹر نسیم احمد نے احمد ملک کو ویٹرنری یونیورسٹی کے مختلف تعلیمی و تحقیقی پروگراموں، جانوروں میں پائی جانے والی بیماریوں کی تشخیص اور علاج معالجے کے حوالے سے طبی وایڈوائزری سروسز کے بارے میں بتایا نیز لائیوسٹاک سیکٹر/ ڈیری اینیمل کو درپیش لمپی سکن، ہیمو ریجک بخار، منہ کھر اور چتے کی مہلک بیماریوں کی روک تھام سے متعلقہ ویٹرنری یونیورسٹی کی جانب سے ادا کی گئی کاوشوں کے بارے میں آگاہ کیا۔ اُس موقع پر خطاب کرتے ہوئے احمد ملک نے ویٹرنری یونیورسٹی کی جانب سے جانوروں/مویشیوں کے علاج معالجے کے حوالے سے دی جانے والی طبی و تشخیصی سروسز کو سراہا نیز اُنہوں نے یونیورسٹی کے طلبہ کی کپیسٹی بلڈنگ کے لیئے اپنے لائیوسٹاک فارم ہاؤس پر انٹرن شپ کے مواقع مہیا کرنے پر بھی امادگی ظاہر کی۔ بعد ازیں احمد ملک نے ویٹرنری یونیورسٹی کے مختلف ڈیپارٹمنٹس جن میں میٹ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ، کوالٹی آپریشن لیب اور پیٹ سینٹر کا دورہ کیا اور وہاں موجود سہولیات کا جائزہ بھی لیا۔

پی ایچ پی پوسٹ بھاگو ڈیال شیخوپورہ کی ٹیم نے 69 لاکھ سے زائد رقم چوری کرنے والا چور گرفتار کر لیا

ملزم محمد آصف نے برآمد شدہ رقم فیصل آباد سے چوری کی' آئی جی پنجاب کی پی ایچ پی پولیس ٹیم کو انعام سے نوازا

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا ہے کہ دوران ڈیوٹی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران واہلکاروں کی حوصلہ افزائی پنجاب پولیس کی احسن روایت ہے جس سے باقی فورس کو بھی اچھی کارکردگی سے انعامات حاصل کرنے کی تحریک وجذبہ ملتا ہے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کا فریضہ بھرپور محنت، فرض شناسی اور ایمانداری کے ساتھ سرانجام دینے والے افسران واہلکاروں کی مناسب حوصلہ افزائی کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائے گا۔ ڈاکٹر عثمان انور نے فیصل آباد سے 69 لاکھ سے زائد رقم چوری کرنے والے چور کو گرفتار کرنے اور رقم برآمد کرنے پر پنجاب ہائی وے پٹرول کی چوکی بھاگو ڈیال شیخوپورہ کے اہلکاروں کو شاباش دی اور کیش انعامات سے حوصلہ افزائی کی۔ تفصیلات کے مطابق پی ایچ پی پوسٹ بھاگو ڈیال کی ٹیم نے ناکے پر رکنے والی مشکوک گاڑی کو پوچھ گچھ کیلئے روکا، گاڑی کی تلاشی کے دوران فرنٹ سیٹ پر بیٹھے ملزم آصف علی کے پاؤں سے ایک سفید رنگ کا تھیلا برآمد ہوا جس کو کھول کر چیک کرنے پر اسکے اندر سے 6934360 روپے کی رقم برآمد ہوئی۔ دوران تفتیش ملزم محمد آصف نے انکشاف کیا کہ یہ رقم مجھے میرے ساتھی حماد نے فیصل آباد کی آڑھت سے چوری کر کے اپنے گھر ظفر وال پہنچانے کے لیے دی ہے۔ جس پر پی ایچ پی پولیس نے رقم کے مالک سے رابطہ کر کے واردات کی تصدیق کی اور فوری قانونی کاروائی عمل میں لائی گئی۔ آئی جی پنجاب نے چور کو پکڑنے والی پی ایچ پی پولیس ٹیم کو دفتر مدعو کر کے ان کے جذبے کی تعریف کی اور شاباش دیتے ہوئے پانچوں اہلکاروں کو 10 ہزار فی کس کیش انعام اور سی سی ون سرٹیفکیٹ سے بھی نوازا۔ انعامات حاصل کرنے والوں میں انچارج چوکی عاشق علی، شفٹ انچارج ظفر اقبال، احمد رضا، زاہد علی اور امتیاز علی شامل ہیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ پی ایچ پی ٹیم کی جانب سے فرض شناسی، ایمانداری اور بہترین کارکردگی کا عملی نمونہ دیگر پولیس والوں کے لیے روشن مثال ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام افسران واہلکار موجودہ حالات کے پیش نظر الرٹ ہو کر بھرپور ایمانداری کے ساتھ فرائض کی ادائیگی کو یقینی بنائیں، دوران ڈیوٹی فرض شناسی، خدمت خلق اور ایمانداری کا مظاہرہ کرنے والوں کی ہر سطح پر حوصلہ افزائی کی جاتی رہے گی۔ اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی پی ایچ پی راؤ عبد الکریم، ایس پی ہیڈکوارٹرز پی ایچ پی منصور قمر اور ایس پی، پی ایچ پی لاہور ریجن سید عمران کرامت بخاری سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور، فیصل آباد سے چوری شدہ 69 لاکھ سے زائد رقم برآمد کرنے پر پی ایچ پی چوکی بھاگو ڈیال شیخوپورہ کے اہلکاروں کو تعریفی اسناد اور کیش انعامات دے رہے ہیں

کتاب سے وابستہ ہو جانیوالی قومیں شکست نہیں کھا سکتیں، علامہ ابوالحسن نواب

جامعہ عروۃ الوثقیٰ پاکستان میں وحدتِ اسلامی کیلئے مصروف عمل ہے، علامہ جواد نقوی

لاہور (سٹاف رپورٹر' قوت) ایران کے ممتاز عالم دین حج الاسلام والمسلمین سید ابوالحسن نواب کی سربراہی میں ایرانی علماء کے وفد نے جامعہ عروۃ الوثقیٰ کا دورہ کیا اور سربراہ جامعہ عروۃ الوثقیٰ علامہ سید جواد نقوی سے خصوصی ملاقات کی۔ ایرانی علماء کے وفد کو جامعہ کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کرایا گیا۔ علامہ سید جواد نقوی نے جامعہ کے مختلف شعبہ جات کے حوالے سے وفد کو تفصیلی بریفنگ دی۔ ملاقات میں دینی مدارس کے تعلیمی نظام، اُمت کی رہبری میں مدارس کا کردار، تبلیغ دین سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ایرانی علماء نے جامعہ عروۃ الوثقیٰ کے تعلیمی نظام کو شاندار اور مثالی قرار دیا۔ وفد کے ارکان نے دین کیلئے علامہ سید جواد نقوی کی کوششوں کو بھی سراہا۔ وفد کے ارکان کا کہنا تھا کہ جامعہ عروۃ الوثقیٰ میں شاندار اور جدید ترین لائبریری دیکھ کر خوشی ہوئی، جو قومیں کتاب سے وابستہ ہو جاتی ہیں، وہ کبھی دشمن سے شکست نہیں کھا سکتیں۔

یونین کمیٹی گلبرگ لاہور
ہوشیار
ہوشیار
شاپ اونرز کی کمیٹی کی اجازت کے بغیر پیس مینجمنٹ کے ساتھ
معاہدہ کرنے سے اجتناب کریں آپ اپنے نقصان کے خود ذمہ دار

پیس شاپ اونرز ایگزیکٹو کمیٹی کے صدر دلشاد دوسال، عمران طاہر، انور خان ظفر کھوکھر، علم الدین ودیگر پیس انتظامیہ کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے

انڈسٹری کے مسائل حل کرنے کیلئے جدید ریسرچ کو فروغ دینا ہوگا، پروفیسر نیاز احمد

پنجاب یونیورسٹی کے سائنسی شعبوں کو دیگر شعبوں کے ساتھ مل کر کام کرنا ہوگا تاکہ انڈسٹری کا پہیہ چل سکے' وی سی پنجاب یونیورسٹی

لاہور (خبر نگار) وائس چانسلر پروفیسر نیاز احمد اختر نے کہا ہے کہ انڈسٹری کے مسائل حل کرنے کے لئے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں جدید ریسرچ کو فروغ دینا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب یونیورسٹی شعبہ فزکس کے زیر اہتمام 'ایڈوانسز ان فنکشنل میٹریلز' پر پہلی تین روزہ بین الاقوامی کانفرنس کی افتتاحی تقریب سے الرازی ہال میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیئرمین شعبہ فزکس پروفیسر ڈاکٹر محمود الحسن، فیکلٹی ممبران، سائنسدان، محققین اور طلباؤ طالبات نے شرکت کی۔ اپنے خطاب میں پروفیسر نیاز احمد نے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی میں سائنس کے شعبوں کو بہترین ماہرین اور سائنسدانوں کی خدمات حاصل رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی معیشت کو مستحکم کرنے کے لئے ریسرچ پر زیادہ بجٹ خرچ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی کے سائنسی شعبوں کو دیگر شعبوں کے ساتھ مل کر کام کرنا ہوگا تاکہ انڈسٹری کا پہیہ چل سکے۔ انہوں نے بہترین موضوع پر منعقدہ کانفرنس کے انعقاد پر منتظمین کو مبارکباد پیش کی اور اچھے نتائج کی امید ظاہر کی۔

ڈینگی خدشات' پرائیویٹ وسرکاری سکولوں کو ایس او پیز جاری

لاہور (سٹاف رپورٹر' قوت) سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے ڈینگی مچھر پھیلنے کے خدشات کے پیش نظر پرائیویٹ وسرکاری سکولوں کو ڈینگی کے تدارک کیلئے ایس او پیز جاری کر دیئے گئے ہیں۔

دینی مدارس ہماری اسلامی تاریخ کا درخشاں باب ہیں' ڈاکٹر طاہر رضا بخاری

انتہا پسندی کے خاتمہ کیلئے اکابرین اُمت کے اسلوب دعوت وتبلیغ کو عام کیا جائے' بیان

لاہور (سپیشل رپورٹر) سیکرٹری اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے چیئرمین پنجاب قرآن بورڈ مولانا قاری محمد حنیف جالندھری سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دینی مدارس علوم ومعارف کا مرکز اور ہماری اسلامی تاریخ کا درخشاں باب ہیں، انتہا پسندی اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ضروری ہے کہ اکابرین اُمت کے اسلوب دعوت وتبلیغ کو عام کیا جائے۔ اسلام امن، رواداری، محبت اور انسان دوستی کا دین ہے، جس کی تعلیمات کا ابلاغ ہماری ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دینی مدارس علمی روایت کے امین اور دینداری کے علمبردار ہیں۔ ریاست محراب ومنبر اور مدارس کے تقدس کی پاسبان ہے۔ مدرسہ ریفارمز وقت کا اہم تقاضا ہے، خانقاہیں علوم ومعارف کا مرکز اور دینی مدارس کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا، وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جس کے لیے حکومت اور مدرسہ ایجوکیشن کی لیڈرشپ کی مشترکہ کوششیں قابلِ تحسین ہیں۔

چیئرمین پنجاب قرآن بورڈ مولانا قاری محمد حنیف جالندھری، ایوان اوقاف لاہور میں سیکرٹری اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری سے ملاقات کر رہے ہیں

ٹینڈر نوٹس

پنجاب بوائے سکاؤٹس ہیڈکوارٹرز، والٹن لاہور کو درج ذیل سامان کی خریداری کیلئے سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	تفصیل ایٹم	تعداد
1	ڈبل فلائی خیمہ جات سائز 12x12 فٹ بمعہ بانس وکھونٹے وغیرہ	100
2	سنگل فلائی خیمہ جات سائز 12x12 فٹ بمعہ بانس وکھونٹے وغیرہ	20
3	گراؤنڈ شیٹ کینوس سائز 12x12 فٹ	50

شرائط: 1۔ تمام پرچیز PPRA رولز کے مطابق کی جائے گی۔ 2۔ ٹینڈر فارم کے ساتھ سیلز ٹیکس/انکم ٹیکس رجسٹریشن کی مصدقہ کاپی لف ہو۔
3۔ ہر ٹینڈر کے ساتھ پیش کردہ کل رقم کا 5% زر بیعانہ بصورت کال ڈیپازٹ بنام صوبائی سیکرٹری پنجاب بوائے سکاؤٹس ایسوسی ایشن کے بغیر قابل قبول نہ ہوگا۔
4۔ سربمہر ٹینڈر کے ہمراہ نمونہ جات 1 میٹر x1 میٹر مورخہ 14 مارچ بروز منگل 1:00 بجے دن تک ٹینڈر باکس میں ڈالی جا سکتی ہیں یا بذریعہ جسٹرڈ ڈاک مقررہ تاریخ اور وقت پر پہنچ جانی چاہئیں جو اسی روز پرچیز کمیٹی کے سامنے دن 2:00 بجے کھولی جائیں گی۔ نمونہ جات ہمراہ لائیں۔
5۔ چیئرمین کمیٹی کو کوئی وجہ بتائے بغیر تمام ٹینڈر کو منظور یا مسترد کرنے کا حق حاصل ہوگا اور اس فیصلہ کو عدالت میں چیلنج نہیں کیا جا سکے گا۔
6۔ حکومت کے ہر قسم کے ٹیکس کی ذمہ داری فرم کی اپنی ہوگی۔ (e.g Income/ Sales tax etc)
7۔ فارم برائے ٹینڈر بعوض -/500 روپے (ناقابل واپسی) ہمراہ کسی قسم کی مذکورہ بالا تفصیلات دفتری اوقات کار میں حاصل کی جا سکتی ہیں۔
8۔ ہر آئیٹم کے لئے ٹینڈر فارم علیحدہ سے حاصل کرنا ہوگا۔ 9۔ تمام خریداری بجٹ پروویژن کے مطابق کی جائے گی۔

IPL 1501

صوبائی سیکرٹری پنجاب بوائے سکاؤٹس ہیڈکوارٹر والٹن لاہور کینٹ موبائل نمبر 03334590974/0300-5240257

Project Implementation Unit
Punjab Urban Land Systems Enhancement
(PULSE) Project
Punjab Land Records Authority
Government of Punjab
IDA Credit No. 7041-PK

Request for Quotations

The Project Implementation Unit, Punjab Urban Land Systems Enhancement (PULSE) Project, Govt. of Punjab has received financing from the World Bank toward the cost of the Punjab Urban Land Systems Enhancement (PULSE) Project, and intends to apply part of the proceeds toward payments under the following procurements:

RFQ No.	Description	Bid Security
PK-PLRA-321005-GO-RFQ	Laptops	247,500/-
PK-PLRA-336387-GO-RFQ	Desktop Computers	292,500/-
PK-PLRA-321341-GO-RFQ	Desktop UPSs	45,000/-
PK-PLRA-338882-GO-RFQ	Printers	225,000/-
PK-PLRA-336373-GO-RFQ	Photocopiers and Scanners	54,000/-
PK-PLRA-336379-GO-RFQ	LED & Screens	112,500/-
PK-PLRA-336380-GO-RFQ	Connectivity Infrastructure (WiFi) Setup	427,500/-
PK-PLRA-336378-GO-RFQ	IP Telephonic Video Set	11,250/-

The quotations are invited from well reputed registered firms having NTN and GST Registration for the supply of above-mentioned item. The completed quotations along with all required documents as requested in the RFQ must reach this office by **March 02, 2023 till 12:30 p.m.** The quotations shall be opened immediately after submission deadline **March 02, 2023.** Any quotation received after the scheduled time shall not be entertained and would be returned unopened.

Request for Quotations (RFQ) can be obtained from this office during office working hours or downloaded from the Punjab Land Records Authority's website https://www.punjab-zameen.gov.pk/ Procurements/ProcCurrent.

Procurement will be conducted through the Request for Quotations procedure, as specified in the World Bank's "Procurement Regulations for IPF Borrowers –November-2020, and is open to all eligible bidders as defined in the Procurement Regulations.

Bidders are requested to give their best and final prices as negotiations are not allowed. The Quotations shall be valid for a period as specified in the Request for Quotations document and must be accompanied by a Bid Security against each procurement as prescribed in the table above. Interested bidders may obtain further information from below mentioned address.

IPL 1456

Procurement Specialist
Punjab Land Records Authority (PLRA)
Government of the Punjab, Pakistan
2km, Thokar Niaz Baig Bypass, Main Multan Road , Lahore
Ph: 042-99330122-26, Fax 042-99330127
Email: pspiupulce@punjab-zameengov.pk
Web: www.punjab-zameen-gov.pk/

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

کسانوں کو ریلیف فراہم کرنا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے

ڈی سی قصور

غیر معیاری کھاد اور جعلی زرعی ادویات فروخت کرنیوالے مافیا کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائے، مہم تیز کی جائے، کوئی رعایت نہ برتی جائے، محمد ارشد بھٹی

قصور (قوت بیورو) ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایگری کلچر ایڈوائزری کمیٹی/ڈسٹرکٹ ٹاسک فورس کا اجلاس گزشتہ روز ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ جس میں ایس ای واپڈا محمد اصغر سکھیرا، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد جعفر چوہدری، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع محمد اکرم طاہر، ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو سٹاک، واٹر مینجمنٹ، اریگیشن، پولیس، کسانوں سمیت متعلقہ محکمہ جات کے افسران نے شرکت کی۔ تمام محکموں نے اپنی اپنی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلاً بریفنگ دی۔ کھاد کی فراہمی اور زرعی ادویات کی کوالٹی کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر غیر معیاری نمونہ جات والے ڈیلروں کیخلاف کاروائی اور انکے خلاف مقدمات میں پیش رفت کی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ غیر معیاری کھاد اور جعلی زرعی ادویات فروخت کرنیوالے مافیا کے خلاف سخت قانونی کارائی عمل میں لائی جائے کیونکہ یہ ہمارے معاشرے کا ناسور ہیں۔ ٹاسک فورسز اور زراعت افسران انکے خلاف مہم تیز کریں اور کسی کیساتھ کوئی رعایت نہ برتی جائے۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کو ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ کھاد ذخیرہ کرنیوالوں اور غیر معیاری بیج بیچنے والوں کیخلاف سخت قانونی کاروائی کی جائے۔ جبکہ ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس گزشتہ روز ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو سیدہ تہنیت بخاری، اسسٹنٹ کمشنر قصور رضوان الحق پوری، ڈی او انڈسٹریز محمد شفیق، انجمن تاجران کے عہدیداران سمیت دیگر متعلقہ افسران موجود تھے جبکہ اسسٹنٹ کمشنرز چونیاں محمد عامر بٹ، پتوکی اویس سرور، کوٹ رادھاکشن ماہین فاطمہ نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں اشیائے ضروریہ کی نئی قیمتیں مقرر کی گئیں جن میں چاول باسمتی سپر 300 روپے فی کلو گرام، دال چنا باریک 220 روپے فی کلو دال چنا موٹی 230 روپے فی کلو دال مسور موٹی 245 روپے فی کلو دال ماش 410 روپے فی کلو گرام، دال مونگ 240 روپے فی کلوگرام، سیاہ چنا باریک 210 روپے فی کلو گرام سیاہ چنا موٹا 220 روپے فی کلو گرام سفید چنا باریک 310 روپے سفید چنا موٹا 350، بیسن 230 روپے فی کلو گرام چینی بمطابق گورنمنٹ پالیسی، روٹی تندوری 100 گرام 15 روپے، سادہ نان 100 گرام 20 روپے، گوشت چھوٹا (مٹن) 1300 روپے فی کلو، گوشت بڑا 600 روپے فی کلو، دودھ کھلا فی لیٹر 120 روپے، دہی 130 روپے فی کلو، گوشت برائلر، سبزی و فروٹ، انڈے فی درجن بمطابق نرخ نامہ مارکیٹ کمیٹی روزانہ کی بنیاد پر ہونگے۔

عارفوالہ: اے سی ملک محمد افضل کا ٹی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ

عارفوالہ (رانا ذیشان اسلم، قوت) اسسٹنٹ کمشنر ملک محمد افضل کا ٹی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ ایمرجنسی میں ڈاکٹر کی عدم دستیابی ہسپتال میں ادویات موجود مگر مریضوں کے لواحقین سے ادویات باہر سے منگوانے کا شکوہ صفائی سمیت ہسپتال کے کاموں میں ایم ایس رانا ساجد کی عدم دلچسپی پھر بھی محکمانہ کوئی کاروائی نہ ہونا کس ذمدار کی نااہلی کی طرف اشارہ ہے عارفوالہ/ جونیئر سکیل کے ڈاکٹر رانا ساجد کو ٹی ایچ کیو ہسپتال میں سیاسی بنیادوں پر ایم ایس تعینات کرنے سے ہسپتال کی ابتر صورتحال کا ذمدار کون مریض بنیادی سہولتوں سے بھی محروم ہو گئے صورتحال اس نہج تک آ پہنچی کہ کمزور ایڈمنسٹریشن کی بدولت ڈاکٹرز بروقت ڈیوٹی کرنے کی بجائے دوران ڈیوٹی اپنے پرائیویٹ ہسپتال میں ہی مریض چیک کرنے میں مصروف مریضوں کے بیڈز پر نہ کوئی تکیہ اور نہ ہی کئی روز تک چادر تبدیل کی جاتی جسکی وجہ سے مزید انفیکشن بڑھ رہے ہیں۔ عارفوالہ/ گائنی وارڈ میں ڈاکٹرز اور سٹاف کی موجودگی مگر ڈیلیوری کیس نہ ہونے کے برابر اور ماہانہ لاکھوں روپے کی تنخواہوں کو بوجھ سرکاری خزانے پر صرف حاضری لگا کر وصول کی جارہی ہیں مجال کہ ایم ایس اس پر نوٹس لے سکے موصوف کی نااہلی بارے متعدد بار حکام بالا کی توجہ مبذول کرائی مگر افسوس سیاسی آقا آڑے آتے رہے۔

پیشہ ور بھیک مانگنے والے معاشرتی بگاڑ، سماجی برائیوں کی وجہ سے ان کے خلاف کاروائی کی جائے گی، اس سلسلہ میں تمام ادارے اپنے ایکشن پلان تیار کریں

نوجوانوں کو منشیات کی لعنت سے بچانے کیلئے آخری حد تک جائینگے

ڈاکٹر ذیشان منصور امان

منشیات سے پاک معاشرہ کی تشکیل کے لئے سول سوسائٹی اور سرکاری اداروں کو مل کر کام کرنا ہے تاکہ اس لعنت سے مستقل بنیادوں پر چھٹکارہ حاصل کیا جائے سکے

تعلیمی اداروں میں انسداد منشیات کے سلسلہ میں آگاہی سیمینارز کا انعقاد کیا جائے، ڈی سی اوکاڑہ، ڈی پی او اوکاڑہ



اوکاڑہ (نامہ نگار قوت) ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر محمد ذیشان حنیف اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر منصور امان نے کہا ہے کہ نوجوان ہمارا مستقبل ہیں اور ان کو منشیات کی لعنت سے بچانے کے لئے آخری حد تک جائیں گے منشیات سے پاک معاشرہ کی تشکیل کے لئے سول سوسائٹی اور سرکاری اداروں کو مل کر کام کرنا ہے تاکہ اس لعنت سے مستقل بنیادوں پر چھٹکارہ حاصل کیا جائے سکے محکمہ تعلیم اور محکمہ صحت تعلیمی اداروں میں انسداد منشیات کے سلسلہ میں آگاہی سیمینار کا انعقاد کرے جہاں پر طالبعلموں کو منشیات کے مضر اثرات سے متعلقہ آگاہی دی جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کمشنر ساہیوال ڈویژن کی وڈیو لنک کے بعد اعلی سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل چوہدری عبد الجبار، سی ای ایجوکیشن ڈاکٹر محمد ارشد، سی ای او ہیلتھ اظہر عباس نقوی، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر محمد اشتیاق سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی سی ای او ہیلتھ اظہر عباس نقوی نے بتایا کہ منشیات کے عادی افراد کی بحالی اور علاج کے سلسلہ میں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ساؤتھ سٹی میں ایک الگ وارڈ قائم کر دی گئی ہے سی ای او ایجوکیشن ڈاکٹر محمد ارشد نے بتایا کہ ضلع کے تمام تعلیمی اداروں میں منشیات کے مضر اثرات سے متعلق اور اس لعنت کے خاتمہ کے لئے آگاہی سیمینار اور واکس کا اہتمام کیا گیا ہے انتظامی افسران کے ذریعے تعلیمی اداروں کے سیکیورٹی گارڈ، ڈرائیور، چوکیدار کی بھی سکریننگ کی جا رہی ہے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر محمد ذیشان حنیف نے ہدایت کی کہ محکمہ تعلیم کے افسران اس سلسلہ میں سکول مینجمنٹ کونسل کو بھی اعتماد میں لے تعلیمی اداروں کی باقاعدگی سے مانیٹرنگ کی جائے۔ جبکہ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر محمد ذیشان حنیف اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر منصور امان نے کہا ہے کہ گداگری ایک معاشرتی لعنت اور سماجی بد صورتی ہے جس کے خاتمہ کے لئے اداروں کو اپنا کردار ادا کرنا ہے پیشہ ور بھیک مانگنے والے معاشرتی بگاڑ سماجی برائیوں کی وجہ سے ان کے خلاف کاروائی کی جائے گی اس سلسلہ میں تمام ادارے اپنے ایکشن پلان تیار کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے انسداد گداگری قوانین پر عملدرآمد اور پیشہ ور گداگری کے خاتمہ کے لئے کئے گئے اقدامات کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر محمد ذیشان حنیف اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر منصور امان نے انسداد گداگری اور پیشہ ور گداگروں کے خلاف اقدامات کے لئے اپنے عزم کا ظہار کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری ادارے اس سلسلہ میں اقدامات کریں۔

ٹھیکیدار کی جانب سے ترقیاتی منصوبوں میں ناقص میٹریل استعمال

اہالیان علاقہ کے احتجاج کے باوجود محکمہ پی ڈبلیو ڈی حکام کی کارروائی سے معذرت

گوجرانوالہ (علی رضا وڑائچ) گوجرانوالہ مسلم لیگی رکن قومی اسمبلی کی سفارشی ٹھیکیدار کی جانب سے ترقیاتی منصوبوں میں ناقص میٹریل استعمال ہونے کی وجہ سے علاقہ مکین سراپا احتجاج ہوگئے سیاسی سفارش کی وجہ سے متعلقہ محکمہ کے حکام نے چپ سادھ لی ہے تفصیل کے مطابق مسلم لیگی رکن قومی اسمبلی عثمان ابراہیم کے حلقے کی یونین کونسل نمبر 41/42 میں علامہ اقبال روڈ اور گلہ مہر نور والا کی تعمیر کے لیے طلب کردہ ٹینڈرز مذکورہ ایم این اے نے سیاسی دباؤ ڈالتے ہوئے اپنی برادری کے ٹھیکیدار عمران انصاری کو نوازنے کے لیے حکومتی تمام تر پالیسیوں کو پامال کردیا اور شفارش کے حامل ٹھیکیدار کی جانب سے ترقیاتی منصوبوں کی تعمیر کے دوران ورک آڈر کے برعکس ناقص مٹریل کے خلاف اہل علاقہ کے مکینوں نے زبردست احتجاج کیا اور متعلقہ ایکسین سب انجینئرز کو تعمیر کے دوران معیاری میٹریل کے استعمال کے لیے رجوع کیا مگر علاقہ مکینوں کے احتجاج کو نظر انداز کرتے ہوئے بااثر سفارشی ٹھیکیدار نے ناقص میٹریل کے ساتھ ترقیاتی منصوبوں کی تعمیر جاری رکھی ہوئی ھے اور محکمہ pwd کے حکام نے علاقہ مکینوں کو دوٹوک الفاظ میں مذکورہ ٹھیکیدار کے خلاف کاروائی سے معذوری کا اظہار کیا ہے ناقص میٹریل کے استعمال حال ہی میں تعمیر ہونے والے منصوبے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکے ھیں اور وفاقی حکومت کے کڑوروں روپے کے فنڈز ٹھیکیدار کی کرپشن کے نذر ہو گئے ھے علاقہ مکینوں نے رکن قومی اسمبلی اور محکمہ pwd اور ٹھیکیدار کے خلاف شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے چیف انجینئر محکمہ pwd اور fia حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ھے۔



چنیوٹ، ڈی سی محمد آصف رضا، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج امجد نذیر و دیگر شجر کاری مہم کا آغاز کر رہے ہیں

گورنمنٹ اسلامیہ کالج میں شجر کاری مہم 2023 کا افتتاح

ڈی سی محمد آصف رضا، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج امجد نذیر و تمام لائن ڈیپارٹمنٹس کے افسران نے شرکت کی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر قوت) ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام گورنمنٹ اسلامیہ کالج میں شجر کاری مہم 2023 کا افتتاح کر دیا گیا، ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج امجد نذیر چوہدری اور تمام لائن ڈیپارٹمنٹس کے افسران نے پودے لگا کر مہم کا باقاعدہ افتتاح کیا، اس موقع پر مہم کی کامیابی اور ملک پاکستان کے لیے دعا کی گئی، ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس مہم میں سرکاری سطح پر ڈیڑھ لاکھ سے زائد پودے لگائے جائیں گے، انہوں نے کہا کہ درخت کسی بھی ملک کا قابل قدر اور قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں جو معاشی۔ معاشرتی اور ماحولیاتی حالت کو بدلنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ سرکاری سطح پر نہروں کے کناروں اور دستیاب جگہوں پر پودے لگائے جائیں گے، شہری سرکاری نرسری سے رعایتی قیمت پر پودے خرید کر اس مہم میں بھر پور حصہ لیں، پودے لگا کر انکی دیکھ بھال بھی ضروری ہے، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج امجد نذیر چوہدری نے کہا کہ ملک پاکستان کی خوشحالی اور اسے سرسبز بنانے کے لیے پودے لگا کر سب کو اس مہم میں حصہ ڈالنا چاہیے، چنیوٹ میں شجر کاری مہم کا آغاز ضلعی انتظامیہ کا احسن اقدام ہے، اس موقع پر سی او ایجوکیشن ظفر عباس ریحان، سی او ہیلتھ ڈاکٹر مشتاق بشیر، سی او ضلع کونسل وایم سی میڈم عظمت فردوس، وقاص ہرل، ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز سید منور عباس، پرنسپل کالج ہذا محمد شمشاد خان، ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر، فارسٹ آفیسر و دیگر محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔

چوہدری نثار احمد گجر کے ڈیرہ پر قائد ڈے کے حوالے تقریب

نارنگ منڈی (میاں معظم، قوت) پاکستان عوامی تحریک پی پی 135 کے صدر چوہدری نثار احمد گجر کے ڈیرہ پر قائد ڈے کے حوالے تقریب منعقد ہوئی جس میں شہباز احمد قادری اور محمد یاسین سمیت کارکنوں نے شرکت کی اور کیک کاٹا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ ڈاکٹر طاہر القادری کی خدمات پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں انہوں نے دین اسلام کیلئے بہت سی خدمات دی ہیں جس کا سلسلہ ابھی تک جاری ہے دنیا بھر میں ان کے علم کے خزانے سے استفادہ حاصل کیا جا رہا ہے قرآنی معلومات کا انسائیکلوپیڈیا علامہ ڈاکٹر طاہر القادری کا عظیم شاہکار ہے ہماری نسلیں اس سے بھر پور فائدہ اٹھائیں گی الحمد للہ منہاج القرآن کا ایک ایک کارکن پر امن اور امن کا داعی ہے۔

چوہدری اورنگزیب جٹ کی سربراہی میں جیالوں کا سمندر زمان پارک پہنچ گیا

ہم قائد کے اشارے پر اپنا من دھن قربان کر دیں گے، شرکاء سے خطاب

دیپالپور (تحصیل رپورٹر، نامہ نگار قوت) پی ٹی آئی کے جیالوں کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر اپنے محبوب قائد عمران خان کیلئے چوہدری اورنگزیب جٹ سرا کی سربراہی میں زمان پارک پہنچ گیا دیپالپور ہر دلعزیز محبوب سیاسی شخصیت مرکزی رہنما پاکستان تحریک انصاف چوہدری اورنگزیب جٹ سراء امیدوار حلقہ این اے 137 کی زیر سرپرستی اور ضلعی صدر پی ٹی آئی اوکاڑہ چوہدری طارق ارشاد خان صوبائی رہنما راشد بھٹی مرکزی رہنما راجہ نبیل احمد خان کیانی حلقہ انچارج این اے 137، رہنما ہر دلعزیز محبوب سیاسی شخصیت چوہدری جاوید جٹ سراء کی قیادت میں اپنے محبوب لیڈر چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی حفاظت اور جیل بھرو تحریک کے لیے انکی رہائش گاہ زمان پارک لاہور کی جانب سینکڑوں کارکنان کی فخر ٹاؤن سے زمان پارک پہنچ گئے روانگی کے موقع پر چوہدری جاوید جٹ سراء نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم قائد کے اشارے پر اپنا من دھن قربان کر دیں گے۔ ملک میں مہنگائی کا طوفان برپا ہے امپورٹڈ حکومت نے منی بجٹ کا اعلان کر کے غریب کا جینا محال کر دیا ہے غریب آدمی کو دو وقت کی روٹی میسر نہیں آٹا کی تلاش میں مارے مارے پھر رہا ہے عوام کو بھکاری بنا کر رکھ دیا ہے۔

نارنگ: نجی تعلیمی اداروں کی بھرمار

نارنگ منڈی (میاں معظم، قوت) نارنگ منڈی میں نجی تعلیمی اداروں کی بھرمار سرکاری اساتذہ کرام پرائیویٹ اداروں میں پڑھانے لگے سرکاری سکولوں کے بچوں کو زبردستی پرائیویٹ تعلیمی اداروں میں پڑھنے پر مجبور کیا جاتا ہے ہر گلی محلے میں 4,5 تعلیمی ادارے ہیں جو تعلیم کے نام پر والدین کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے میں مصروف ہیں سرکاری اساتذہ سرکاری سکولوں میں توجہ نہیں دیتے بلکہ پرائیویٹ تعلیمی ادارے بنا رکھے ہیں سرکاری سکولوں کے بچوں کو اپنے پرائیویٹ سکولوں میں پڑھاتے ہیں اور بھاری فیسیں وصول کرتے ہیں سرکاری سکولوں اور کالجوں میں دن بدن تعداد کم ہوتی جا رہی ہے جو حکومتی اداروں کیلئے لمحہ فکریہ ہے بارہا آواز اٹھانے کے باوجود متعلقہ ادارے خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہیں شہریوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے وزیر تعلیم، ڈی سی شیخوپورہ اور سی او ایجوکیشن سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی 72 ویں سالگرہ کی تقریب

شیخ الاسلام ڈاکٹر طاہر القادری کے دست و بازو بنیں، چوہدری شہباز، رانا تنویر و دیگر

بدوملہی (نامہ نگار) تحریک منہاج القرآن بدوملہی کے زیر اہتمام شیخ الاسلام پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی 72 ویں سالگرہ کے حوالے سے قائد ڈے کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کا آغاز قاری محمد طیب آف کیرانوالی کی تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ نعت رسول مقبول کی سعادت سید عدنان بخاری نے حاصل کی۔ نقابت کے فرائض شیخ عاصم اقبال نے ادا کیے۔ جب کہ صدارت TMQ بدوملہی کے صدر چوہدری شہباز احمد گورایہ کی تھی۔ تحریک منہاج القرآن تحصیل نارووال کے صدر رانا تنویر احمد ایڈووکیٹ نے اپنے خطاب کے دوران کہا کہ شیخ الاسلام ڈاکٹر طاہر القادری جیسی شخصیت کا ہمارے درمیان موجود ہونا ہمارے لیے خوش قسمتی کی بات ہے۔ لیکن بدقسمتی سے ہمارے ہاں رواج یہ ہے، ہم زندہ شخصیت کو نہیں مانتے اور اس کے دنیا سے چلے جانے کے بعد اس کو مانا جاتا ہے۔ بہت سے اولیاء کرام اور بزرگان دین نے شیخ الاسلام اور منہاج القرآن کے بارے میں بہت سی بشارتیں دی ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ احیاء دین، غلبہ اسلام اور وطن عزیز کی سلامتی اور استحکام کے لیے اس تحریک منہاج القرآن کا حصہ بن کر شیخ الاسلام ڈاکٹر طاہر القادری کے دست و بازو بنیں۔ تقریب میں اختر علی قادری رہنما TMQ ضلع نارووال،، جاوید احمد قادری رہنما TMQ تحصیل نارووال، میاں ندیم قیصر، جاوید امانت، محمد ذوالفقار کیرانوالی، سر ریحان اعجاز، اور عمران سعید کے علاوہ معززین علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

جب عمران کا حکم ہو گا جیل بھرو تحریک کا آغاز ہو جائیگا

عوام اس گندی اوچھی سیاست کا بھرپور جواب دیں گے، شہباز احمد

نارنگ منڈی (میاں معظم، قوت) جیل بھرو تحریک کا آغاز اسی وقت ہو جائے گا جب نڈر لیڈر عمران خان کا حکم ہو گا مسلم لیگ ن انتقامی سیاست کرنے کا زور لگا لے عوام اس گندی اوچھی سیاست کا بھرپور جواب دیں گے پاکستان کو تباہی کے دہانے پر کھڑا کر کے ذمہ داری پاکستان تحریک انصاف پر ڈال رہے ہیں قوم سب سمجھتی ہے آئندہ انتخابات میں عوامی ردعمل کا انتظار کریں جب ان کی ضمانتیں ضبط ہوں گی پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شہباز احمد کڑھائی والے کی گفتگو ان کا کہنا تھا کہ عوام کو بھوکا مارنے کا پلان بن چکا مہنگائی کے طوفان نے غریب کے لئے ایک وقت کا نوالہ مشکل بنا دیا اور دعوے عوامی خدمت کے کئے جاتے ہیں عمران خان کو ملک دشمن کہنے والے اپنا ماضی یاد کریں عمران خان اس لئے خطرناک تھا کہ اس نے ملک لوٹنے والوں سے سمجھوتہ نہیں کیا عوام سب سمجھ چکی اب کسی چور کو برداشت نہیں کیا جائے گا آئندہ انتخابات میں جیت پاکستان تحریک انصاف کی ہوگی۔

پنجاب ٹیچر یونین ضلع چنیوٹ کا اجلاس

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب ٹیچر یونین ضلع چنیوٹ کا ایک اجلاس زیر صدارت صدر احمد حیات بھٹی گورنمنٹ ہائی سکول میں منعقد ہوا، جس میں جنرل سیکرٹری محمد نواز شاکر کے علاوہ دیگر عہدیداران نے شرکت کی اجلاس کے دوران عہدیداران نے اے ای او کاشف محبوب کی طرف سے ٹیچر نزاکت علی بلوچ کے خلاف محکمانہ شوکاز نوٹس جاری کرنے کے بعد ایف آئی آر درج کروانے اور ہتک آمیز رویے پر شدید احتجاج کیا۔

PTI حلقہ پی پی 103 کے امیدوار چوہدری مستقیم مہار کی چوہدری شریف سندھو کی وفات پر فاتحہ خوانی

مہار ہاؤس پر مارتھ فیملی کے رائے مسعود مارتھ، رائے رفعت مارتھ، رائے عمران مارتھ سے انتہائی خوشگوار ماحول میں ملاقات

ان شاءاللہ آئندہ حلقہ پی پی 103 کے عوام اپنا ووٹ ضائع نہیں کرینگے، عوام جان چکے کہ آنیوالا وقت تحریک انصاف کا ہے

سمندری (اعظم رضا راول، قوت) چوہدری مستقیم مہار کی چوہدری شریف سندھو (مرحوم) کی وفات پر فاتحہ خوانی، حلقہ میں مصروفیات۔ تفصیلات کے مطابق پی ٹی آئی حلقہ پی پی 103 کے امیدوار چوہدری مستقیم مہار کی سابق DSP چوہدری محمد شریف سندھو (مرحوم) کی وفات پر لواحقین سے تعزیت کیلئے انکی رہائش گاہ پہنچے جہاں انہوں نے مرحوم کے درجات کی بلندی کیلئے فاتحہ خوانی کی ان کا کہنا تھا کہ مرحوم ایک زندہ دل اور دلیر انسان تھے انہوں نے ہمیشہ اصول پسندی پر نوکری کی ان کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ بعدازاں وہ حلقہ پی پی 103 کے مختلف دیہاتوں میں بھی گئے جبکہ مہار ہاؤس پر حلقہ پی پی 103 کی معروف سیاسی و سماجی مارتھ فیملی کے رائے مسعود مارتھ، رائے رفعت مارتھ، رائے عمران مارتھ سے انتہائی خوشگوار ماحول میں خصوصی ملاقات کی جس میں حلقہ پی پی 103 کی سیاسی صورت حال سمیت ملکی صورت حال پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ چوہدری مستقیم مہار نے کہا کہ حلقہ پی پی 103 کے عوام کیلئے مہار ہاؤس کے دروازے دن رات کھلے ہیں اور ہم ہمہ وقت حلقہ کے عوام کی خدمت کیلئے حاضر ہیں۔ مزید کہا کہ حلقہ پی پی 103 کے عوام اچھے برے کی تمیز جان چکے ہیں اور ان شاء اللہ آئندہ اپنا ووٹ ضائع کرنے کا کبھی بھی نہیں سوچیں گے ملک کے غیور عوام جان گئے ہیں کہ آنیوالا وقت پاکستان تحریک انصاف کا ہے۔

تحریک منہاج القرآن شکرگڑھ کے زیر اہتمام شیخ الاسلام پروفیسر

ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی 72 ویں سالگرہ کی تقریب کا انعقاد

محمد فیصل رفیق، الطاف الرحمٰن، شیراز خان، مرزا محمد اسلم محمد بوٹا و دیگر نے کیک کاٹا



شکرگڑھ (تحصیل رپورٹر) تحریک منہاج القرآن شکرگڑھ کے زیر اہتمام شیخ الاسلام پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی 72 ویں سالگرہ کی تقریب کا انعقاد درود و سلام کی صداؤں میں کیک کاٹا گیا سالگرہ کا کیک درود و سلام کی صداؤں میں محمد فیصل رفیق منہاجین صدر تحریک منہاج القرآن ضلع نارووال، الطاف الرحمٰن چوہان، شیراز خان، مرزا محمد اسلام محمد بوٹا، یاسر مصطفوی، ڈاکٹر روف محمد عارج الزماں منہاجین محمد اکرم بھملہ، رانا نعیم ضیاء، شیخ حسن و دیگر نے کاٹا۔

اوکاڑہ: ریجنل یونین آف جرنلسٹس اور ڈسٹرکٹ یونین آف جرنلسٹس کے نومنتخب عہدیداران کی تقریب حلف وفاداری 25 فروری کو ہوگی

اوکاڑہ (نامہ نگار/قوت) ریجنل یونین آف جرنلسٹس ضلع اوکاڑہ او رڈسٹرکٹ یونین آف جرنلسٹس ضلع اوکاڑہ کے نومنتخب عہدیداران کی تقریب حلف وفاداری 25 فروری کو اوکاڑہ میں ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق ریجنل یونین آف جرنلسٹس ضلع اوکاڑہ اور ڈسٹرکٹ یونین آف جرنلسٹس اوکاڑہ کے نومنتخب عہدیداران کی تقریب حلف وفاداری مورخہ 25 فروری بروز ہفتہ بوقت شام 6 بجے بلدیہ ہال اوکاڑہ میں منعقد ہوگی، تقریب میں سیاسی، سماجی، کاروباری شخصیات سمیت ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کے مرکزی قائدین شرکت کریں گے۔

عمران خان کے معاہدوں کا خمیازہ پوری قوم بھگت رہی ہے: چوہدری منیر قمر واہگہ

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل نائب صدر چوہدری منیر قمر واہگہ نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم ملکی حالات ٹھیک کرنے کیلئے دن رات ایک کئے ہوئے ہیں عمران خان کے معاہدوں کا خمیازہ پوری قوم بھگت رہی ہے ساڑھے تین سالہ دور میں ترتیب دی جانیوالی پالیسیوں کی بدولت آئی ایم ایف کی شرائط بھی کڑی ہوگئی ہیں عمران خان کی نااہلی نے ملک کو 20 سال پیچھے دھکیل دیا ہے مگر پی ڈی ایم میں شامل جماعتیں اپنا کردار ادا کرتے ہوئے ملکی تشخص کو بہتر سے بہتر بنانے کیلئے کام کر رہی ہے جبکہ بلاول بھٹو زرداری کی خارجہ پالیسی کی بدولت دنیا میں پاکستان کا امیج بہتری کی طرف جارہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلعی سینئر نائب صدر چوہدری خالق عزیز ورک کے ڈیرہ پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

مہنگائی کے کاری وار جاری

منڈی صادق گنج (نامہ نگار) ہر گزرتے روز کے ساتھ مہنگائی بڑھتی جا رہی ہے عام آدمی کے ساتھ ساتھ متوسط طبقہ بھی اس بڑھتی ہوئی مہنگائی سے شدید متاثر ہونے لگا ہے شہریوں کی قوت خرید بالکل ختم ہو چکی ہے شہریوں کے لئے ضروریات زندگی کا حصول مشکل سے مشکل ترین ہو گیا ہے جس نے شہریوں کی اکثریت کو ذہنی امراض کا شکار کر دیا ہے صنعتیں بند ہونے سے عام آدمی روزگار سے بھی محروم ہوتا جا رہا ہے حکمران اور ریاستی ادارے عام آدمی کو ریلیف پہنچانے میں بری طرح ناکام ہو چکے ہیں مختلف مافیاز نے اداروں کو بے بس کر کے اپنی اجارہ داری قائم کر لی ہے۔

بڑھتی ہوئی مہنگائی نے لوگوں کی زندگی اجیرن بنادی

ظفروال (تحصیل رپورٹر) ظفروال میں غریب عوام کی زندگی اجیرن کر دی تفصیلات کے مطابق ظفروال میں بڑھتی ہوئی مہنگائی نے لوگوں کی زندگی اجیرن بنا دی حکومت پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کر کے غریب عوام کی مشکلات کو بڑھا رہی ہے بچے ایک وقت کے نوالے کیلئے ترس رہے ہیں بڑھتی ہوئی مہنگائی نے غریب محنت کش عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے پیٹرول کی قیمتوں کے باعث ٹیکسی کرائے میں اضافہ ہوا ہے جس کے باعث ٹیکسی ڈرائیور کو سواری نہیں مل رہی جس سے ٹیکسی ڈرائیوروں کی مشکلات میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے انہوں نے ارباب اختیار سے مطالبہ کیا ہے کہ تیل کی قیمتوں میں کمی لائی جائے تاکہ عوام کو ریلیف فراہم ہو سکے۔

منی بجٹ حکومت کی ناکام معاشی پالیسیوں کا منہ بولتا ثبوت ہے، میاں مبشر علی



سمندری (اعظم رضا راول، قوت) PTI انصاف ویلفیئر ونگ کے صدر میاں مبشر علی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ 170 ارب روپے کا منی بجٹ حکومت کی ناکام معاشی پالیسیوں کا منہ بولتا ثبوت ہے عوام مہنگائی کی چکی میں پس کر رہ گئے ہیں، عوام پہلے ہی دو وقت کی روٹی کو ترس رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکمران اپنی شاہانہ طرز زندگی کو ختم کریں، بیرون ممالک پڑے اپنے اربوں ڈالر زپاکستان واپس لائیں اور عوام کو قربانی کا بکرا بنانے کی بجائے خود قربانی دیں۔

سیکرٹری آر ٹی اے مظفر حیات کی کارروائیاں، متعدد کے چالان و جرمانے

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید، قوت) روزنامہ قوت کی خبروں پر ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کے حکم پر سیکرٹری آر ٹی اے مظفر حیات نے پبلک و جنرل ٹرانسپورٹ و لوڈنگ گاڑیوں کو فٹنس سرٹیفکیٹ نہ ہونے، اوور لوڈنگ پر 15 گاڑیوں کے چالان کر دیے، 7 گاڑیوں کے مالکان کو کمپیوٹرائزڈ انسپکشن سنٹر سے چیکنگ کروا کر فٹنس سرٹیفکیٹ فراہم کرنے کا پابند بنا دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی ہدایت پر سیکرٹری آر ٹی اے اور انکی ٹیم نے مختلف شاہراہوں پر 75 گاڑیوں کی چیکنگ کی اس دوران اوور لوڈنگ اور فٹنس سرٹیفکیٹ نہ ہونے پر گاڑیوں کے چالان کر کے مالکان پر 15500 روپے جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ متعدد ڈرائیورز کو وارننگ جاری کر دی گئی۔

بجلی بند رہے گی

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 7 بجے سے شام 6 بجے تک 21,23,25,28 فروری کو فیض آباد، اشرف شہید، ریلوے روڈ، موچیوالا، کوٹ سائی سنگھ، افتخار شہید، اقبال سنز فلور ملز، چناب کالج، پیراڈائز سٹی، بھوجوآنہ، پکے والا، میلاد چوک، حرا پیپر ملز، شیخ علی، مائی ہیر، پام ولاز فیڈرز میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی

سیالکوٹ، ڈی سی عدنان محمود سٹی بیوٹیفکیشن اور انسداد تجاوزات مہم کے سلسلہ میں اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

عارضی تجاوزات کو فوری ہٹایا جائے گا: ڈی سی سیالکوٹ

میٹروپولیٹن کارپوریشن شعبہ تہہ بازاری کو کارکردگی دکھانا ہوگی، عدنان محمود اعوان

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید، قوت) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ عدنان محمود اعوان نے کہا ہے کہ شہر میں ٹریفک کے بہاؤ میں رکاوٹ بننے والی مستقل اور عارضی تجاوزات کو فوری ہٹایا جائے گا، میٹروپولیٹن کارپوریشن شعبہ تہہ بازاری کو کارکردگی دکھانا ہوگی اس سلسلہ میں غفلت اور کوتاہی کا مظاہرہ کرنے والے عملہ تہہ بازاری کا سختی سے محاسبہ کیا جائے گا، یہ ہدایات انہوں نے شہر میں تجاوزات کے خاتمہ مہم، سٹی بیوٹیفکیشن اور سیوریج لائن کی صفائی کے پلانز کا جائزہ لینے کے سلسلہ میں ڈی سی آفس کمیٹی روم میں منعقدہ ایک خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جاری کیں۔ اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ غلام سرور، سی او میٹروپولیٹن کارپوریشن فیصل شہزاد، سی او ضلع کونسل الفت شہزاد، سینئر آپریشن مینیجر ایس ڈبلیو ایم سی مجاہد رسول، آپریشن مینیجر آغا داؤد اور سپرنٹنڈنٹ باغات ملک شوکت کے علاوہ پی ایچ اے کے متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر عدنان محمود اعوان نے ایس ڈبلیو ایم سی کو شہر میں نالوں اور سیور لائنز کی ڈی سلٹنگ کا پلان بنانے کی ہدایت کی اور صبح 6 بجے سیور لائنز کی صفائی کی مہم کا باقاعدہ آغاز کرنے کا حکم دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایس ڈبلیو ایم سی کا علی الصبح شروع ہونے والے آپریشن کی ریئل ٹائم مانیٹرنگ کا عمل بھی آپریشن کے ساتھ شروع کیا جائے۔

فیصل آباد: چوہدری عمر فاروق کاہلوں کی قیادت میں

الیکشن کراؤ، ملک بچاؤ اور مہنگائی کے خلاف ریلی کا انعقاد

فیصل آباد (ملک بشیر احمد، قوت) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما و امیدوار ٹکٹ حلقہ پی پی 114 چوہدری عمر فاروق کاہلوں کی قیادت میں الیکشن کراؤ، ملک بچاؤ اور مہنگائی کے خلاف ریلی کا انعقاد، ریلی سمندری روڈ سے ملحقہ ڈگرانواں روڈ ان کے مرکزی آفس سے شروع ہوئی، جو حلقہ کے مختلف گلیوں اور چوکوں سے ہوتی ہوئی ضلع کونسل چوک پر اختتام پزیر ہوئی، حلقہ کے مختلف چوراہوں پر اہل علاقہ کی جانب سے چوہدری عمر فاروق کاہلوں اور ریلی کے دیگر شرکاء پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں انہیں پھولوں کے ہار پہنائے اور چوہدری عمر فاروق کاہلوں کے حق میں نعرے لگائے، ریلی کے شرکاء نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جس پر مہنگائی کے خلاف اور الیکشن کراؤ، ملک بچاؤ کے نعرے درج تھے، ضلع کونسل چوک میں ریلی کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری عمر فاروق کاہلوں نے کہا کہ نااہل حکمران ٹولے نے ملکی معیشت تباہ کر دی ہے عوام کو آٹے اور دیگر کھانے پینے کی اشیاء کی فراہمی کو مشکل ترین بنا دیا ہے امپورٹڈ حکومت کو اپنی اصلیت کا پتا چل چکا ہے اسی لئے الیکشن سے بھاگ رہے ہیں چوہدری عمر فاروق کاہلوں نے کہا کہ ہمارے قائد عمران خان انہیں ان کے گھناؤنی سازش میں کامیاب نہیں ہونے دینگے۔

مہنگائی کا جن بے قابو، شہری پریشان

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر و گردونواح میں مصنوعی مہنگائی کا جن بوتل سے مکمل طور پر باہر نکل آیا، ذخیرہ اندوزوں اور گراں فروشوں نے کمر توڑ مہنگائی کے باوجود شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کر رکھا ہے، ضلعی انتظامیہ نے کاروائیاں کرنے کی بجائے مکمل طور پر چشم پوشی اختیار کر رکھی ہے، غریب عوام کی دہائی وزیر اعلی پنجاب سے نوٹس لینے کا مطالبہ، بازاروں میں سروے کے دوران شہری پھٹ پڑے، شہریوں نے اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ موجودہ دور میں مہنگائی کی وجہ سے ہم دو وقت کی روٹی کھانے سے بھی قاصر ہیں،

کھلی کچہری
ڈپٹی کمشنر چکوال

چکوال، ڈی سی قراۃ العین ملک کھلی کچہری میں شہری کے مسائل سن رہی ہیں

ڈی سی چکوال نے کھلی کچہری لگا کر عوام کے مسائل سنے

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر قراۃ العین ملک نے کہا ہے کہ ضلعی انتظامیہ نے اشیائے ضروریہ کے مقررہ نرخوں سے زائد قیمت کی وصولی کے ذریعے عوام کا استحصال کرنے کے مرتکب دکانداروں، پٹرولیم مصنوعات کی فروخت میں اوور چارجنگ کرنے میں ملوث پٹرول پمپس، سرکاری اراضی کے ناجائز قابضین اور شہری علاقوں میں تجاوزات کرنے سمیت مفاد عامہ کے خلاف کارروائیوں میں ملوث عناصر کے گرد قانون کا گھیرا تنگ کر دیا ہے اور خلاف قانون کارروائیوں میں ملوث کوئی بھی سخت محاسبہ سے بچ نہیں سکے گا۔ انہوں نے یہ بات اپنے دفتر میں منعقدہ کھلی کچہری میں عوامی مسائل سننے کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ کھلی کچہری میں اے ڈی سی آر طلحہ زبیر، اے ڈی سی ایف اینڈ پی مجاہد عباس، اے سی ہیڈکوارٹرز محمد افضال سمیت ضلعی انتظامیہ و دیگر سرکاری محکموں کے ضلعی سربراہان بھی موجود تھے جبکہ بڑی تعداد میں شہریوں نے شرکت کر کے انفرادی و اجتماعی مسائل کی نشاندھی کی۔ ڈپٹی کمشنر قراۃ العین ملک نے کھلی کچہری میں عوامی مسائل سن کر متعلقہ شعبوں کے افسران کو موقع پر ہی اصلاح احوال کے لئے احکامات جاری کئے۔

چیف آفیسر میونسپل کمیٹی بھلوال ارسلان بابر کا شہر کے مختلف مقامات کا دورہ

شہر کی مین گزرگاہوں گجرات سرگودہا روڈ، پل نہر، برلب نہر دونوں اطراف کا جائزہ لیا



بھلوال (تحصیل رپورٹر) سیکرٹری بلدیات پنجاب ڈاکٹر ارشاد احمد کے احکامات کیمطابق چیف آفیسر میونسپل کمیٹی بھلوال ارسلان بابر نے اتوار کے روز شہر کے مختلف مقامات پر صفائی کے انتظامات کا از خود جائزہ لیا، اور بہترین کارکردگی پر انہوں نے سینٹری انسپکٹر اور عملہ صفائی کو شاباش بھی دی تفصیل کے مطابق چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ارسلان بابر نے شہر کی مین شاہراوں کو گندگی سے پاک کرنے اور صفائی کے روزانہ کی بنیاد پر اقدامات کو یقینی بنانے کیلئے اتوار کے روز بھی عملہ صفائی کے ہمراہ شہر کے مین گزرگاہوں گجرات سرگودہا روڈ، پل نہر، برلب نہر دونوں اطراف سڑکوں سمیت شہر کی دیگر سڑکوں پر صفائی کے انتظامات کو چیک کیا۔ اور سینٹری ورکروں کی جانب سے صفائی کے بہتر انتظامات پر تسلی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں شاباش دی اس موقع پر چیف آفیسر ارسلان بابر نے سینٹری ورکرز کو ہدایات جاری کیں کہ صفائی کے حوالہ سے کسی قسم کے مسائل کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ اور شہر کے تمام علاقوں کو نیٹ اینڈ کلین رکھنے کیلئے تمام سینٹری ورکرز اپنی ذمہ داریاں بطریق احسن انجام دیں۔

موجودہ سیاسی عدم استحکام عمران خان کی پالیسیوں کا نتیجہ ہے

حلقہ پی پی 141 کے تمام دیہاتوں کو ماڈل ویلجز بنانا میرا خواب ہے، سید سجاد حسین

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما و حلقہ پی پی 141 کے امیدوار سید سجاد حسین شاہ نے کہا ہے کہ موجودہ سیاسی عدم استحکام عمران خان کی پالیسیوں کا نتیجہ ہے تحریک انصاف نے تشدد پسندی، گالم گلوچ کی سیاست کو متعارف کروا کر دنیا میں پاکستان کے امیج کو بری طرح مسخ کیا ہٹ دھرمی، ضد، انا کی وجہ سے آج ہم اس مقام پر پہنچے ہیں سیاست بڑی تحمل مزاجی، بردباری کا نام ہے مسلم لیگ (ن) گراس روٹ لیول پر ترقی کے عمل کو یقینی بنانے کیلئے کوشاں ہے وفاقی وزیر میاں جاوید لطیف کی کاوش سے حلقہ پی پی 141 کے مختلف علاقوں میں 10 کروڑ سے زائد کے ترقیاتی کام کروائے ہیں بھکھی کے علاقہ ڈھوکے والی میں 2 کروڑ روپے کی لاگت سے پی سی سی اور سیوریج کے کام تیزی کیساتھ جاری ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے میاں خلیل احمد کے ہمراہ گاؤں ڈھوکے والی کے دورہ کے موقع پر معززین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ان کا فقید المثال استقبال بھی کیا گیا سید سجاد حسین شاہ نے کہا کہ حلقہ پی پی 141 کے تمام دیہاتوں کو ضلع شیخوپورہ کے ماڈل ویلجز بنانا میرا خواب ہے اور وفاقی وزیر میاں جاوید لطیف کی حلقہ کے عوام کے ساتھ محبت، پیار اور یگانگت کی بدولت یہاں پر ترقیاتی ویژن کو مکمل کروانے کیلئے دن رات ایک کئے ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ 7 مارچ کو مریم نواز کے شیخوپورہ میں ورکر کنونشن میں حلقہ پی پی 141 کے تمام دیہاتوں سے ہزاروں کارکنان شرکت کرینگے اور اس سلسلہ میں عوامی رابطہ مہم بھی شروع کر دی گئی ہے۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT

دہشت گردی کا خاتمہ کیسے؟

چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر کی جانب سے انسداد دہشت گردی کیلئے مشترکہ کاوشوں کی ضرورت کا اظہار کیا گیا ہے جو بلاشبہ وقت کا ناگزیر تقاضا ہے۔ آرمی چیف نے گزشتہ روز زخمی ہوجانے والے اہلکاروں کی عیادت اور کراچی پولیس آفس کے دورے کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے مزید کہا کہ ”دہشت گرد کا کوئی مذہب یا نظریہ نہیں ہوتا، گمراہ کن تصور کو لالچ اور دباؤ سے مسلط کیا جاتا ہے، افواج پاکستان پورے ملک میں انٹیلی جنس پر مبنی آپریشن کامیابی سے کر رہی ہیں، پاکستانی قوم نے ہمیشہ انتہا پسندی کو مسترد کیا اور شکست دی ہے، خوشحال مستقبل کیلئے ہم متحد ہوکر اس خطرے پر غالب آئیں گے۔“ معاشی زبوں حالی کے ساتھ ساتھ ایک بار پھر اٹھ کھڑے ہونے والے دہشت گردی کے چیلنج کا مقابلہ کرنے کیلئے قومی یکجہتی بلاشبہ لازم ہے۔ اس ضرورت کی تکمیل کیسے ہو؟ یہ یقیناً وقت کا اہم ترین سوال ہے۔ اس کا جواب تلاش کرنے کیلئے قومی معاملات کے تمام شراکت داروں کا مل بیٹھ کر غور وفکر کرنا اور حالات کے تقاضوں سے ہم آہنگ حکمت عملی مرتب کرنا ضروری ہے۔ آٹھ سال پہلے میاں نواز شریف کے دور میں تشکیل پانے والا بیس نکاتی نیشنل ایکشن پلان اس ضرورت کو اگرچہ بڑی حد تک پورا کرتا ہے لیکن افغانستان کی سیاسی صورت حال میں تبدیلی، تمام غیرملکی افواج کے افغان سرزمین سے انخلاء اور امریکی جارحیت کے خلاف کامیاب مزاحمت کرنے والی تحریک کی حکومت کے قیام کے بعد پاکستان میں انسداد دہشت گردی کی حکمت عملی پر از سرنو غور وخوض ضروری ہے۔ جرمنی میں سکیورٹی کانفرنس سے خطاب میں وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کے ان الفاظ سے علاقائی صورت حال میں تبدیلی کے تناظر میں ہماری حکمت عملی میں وقت کے مطابق ردوبدل کی ضرورت بخوبی عیاں ہے کہ ”اگر افغانستان کی عبوری حکومت نے اپنی سرزمین سے سرگرم عسکریت پسند گروپوں کا مقابلہ کرنے کے عزم اور صلاحیت کا مظاہرہ نہیں کیا تو دہشت گردی کو پاکستان سے باہر دوسری جگہوں پر پہنچنے میں زیادہ وقت نہیں لگے گا۔“ وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناءاللہ کا یہ کہنا کہ کراچی پولیس آفس حملے میں بیرونی ہاتھ ملوث ہوسکتا ہے، عین ممکن ہے کہ درست ہو لیکن سوال یہ ہے کہ دہشت گرد بن جانے والے ہم وطنوں کو اپنے ہی ملک میں اپنی جانیں داؤ پر لگا کر دہشت گردی پر آمادہ کرنے کے اسباب کیا ہیں، یہ لوگ بیرونی طاقتوں کے آلہ کار کیوں بن جاتے ہیں؟ کراچی پولیس آفس پر حملے کی تحقیقات کیلئے قائم کی گئی کمیٹی اگر ان سوالوں کو بھی اپنی تحقیقات میں شامل رکھے تو مناسب ہوگا اور اس طرح وسیع تر بنیادوں پر غور وفکر کی ایک بنیاد فراہم ہوجائے گی۔ دہشت گردی کے چیلنج سے پائیدار بنیادوں پر نمٹنے کیلئے موجودہ حالات میں مسئلے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لے کر موثر حکمت عملی مرتب کرنے کی ضرورت کالعدم تحریک طالبان کی اس تازہ دھمکی کے سے مزید واضح ہوگئی ہے کہ ”پولیس اہلکاروں کو چاہیے کہ غلام فوج کے ساتھ ہماری جنگ سے دور رہیں، بصورت دیگر اعلیٰ پولیس افسروں کی محفوظ پناہ گاہوں پر حملے جاری رہیں گے۔ ہم سکیورٹی اداروں کو متنبہ کرتے ہیں کہ وہ جعلی مقابلوں میں بے گناہ قیدیوں کو شہید کرنا بند کریں ورنہ ہمارے حملوں کی شدت مزید بڑھ جائے گی۔“ کراچی پولیس آفس پر حملے میں ملوث تین دہشت گردوں میں سے دو کا تعلق شمالی وزیرستان اور ایک کا لکی مروت سے بتایا گیا ہے، اس علاقے کے لوگوں میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے خلاف جذبات اس قدر مشتعل کیوں ہیں؟ اگر غلط فہمیاں اس کی وجہ ہیں تو ان کا ازالہ کیسے کیا جانا چاہیے؟ اور اگر ہمارے رویے میں کسی اصلاح کی ضرورت ہے تو وہ کیا ہے؟ انسداد دہشت گردی میں کامیابی کیلئے ان سوالوں کا درست جواب تلاش کرنا اور ان کے مطابق لائحہ عمل مرتب کرنا ضروری ہے۔

یوٹیلٹی اسٹورز پر قیمتوں میں اضافہ

اشیائے ضروریہ سے متعلق ایک بین الاقوامی سطح کے تقابلی جائزے میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ پاکستان میں ان کی قیمتیں جو پانچ سال قبل دوسرے ممالک سے کم تھیں، آج زیادہ دیکھنے میں آرہی ہیں، غریب اور درمیانے طبقے کا کوئی پرسان حال نہیں جبکہ فی کس آمدنی کم ترین سطح پر آجانے سے ہر شخص کی قوت خرید متاثر ہوئی ہے اور مہنگائی کی یہ کیفیت کسی بھی سطح پر رک نہیں پا رہی۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے نویں جائزہ مشن نے ایک ارب 20 کروڑ ڈالر قرضے کی قسط جاری کرنے کیلئے حکومت پاکستان سے جو پیشگی شرائط منوائی ہیں وہ عوام الناس کیلئے مہنگائی کا ایک نیا سیلاب ثابت ہوئی ہیں۔ یوٹیلٹی اسٹورز کی شکل میں غریب سے اشیائے ضروریہ کے حصول کا آخری سہارا بھی چھنتا دکھائی دینے لگا ہے جو ہزاروں کی تعداد میں ملک کے کونے کونے میں پھیلے ہوئے کروڑوں غریب افراد کی روزمرہ ضروریات پوری کرتے آرہے ہیں۔ جوں ہی حکومت نے آئی ایم ایف کے دباؤ میں آکر بدھ کے روز رواں مالی سال کا دوسرا منی بجٹ پیش کیا اور جی ایس ٹی کی شرح 17 سے بڑھا کر 18 فیصد کی، گراں فروشوں نے موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اشیائے ضروریہ کی قیمتیں کئی گنا بڑھادیں۔ یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن آف پاکستان کے تازہ ترین نوٹیفکیشن کے مطابق خوردنی تیل، دالوں، چینی، چائے، بیسن اور خشک دودھ سمیت دیگر اشیا کی قیمتیں جی ایس ٹی کی نئی شرح کے مطابق وصول کی جائیں گی۔ رمضان المبارک شروع ہونے میں ایک ماہ باقی ہے جبکہ ہر سال ان دنوں میں یوٹیلٹی اسٹوروں پر خصوصی پیکیج دیے جاتے ہیں، یہ بات عوام الناس کے چہروں پر ایک سوالیہ نشان بنی دکھائی دے رہی ہے کہ اس سال انھیں خصوصی رمضان پیکیج مل سکے گا یا نہیں؟ حکومت کو اس حوالے سے جلد مثبت اور مناسب فیصلہ کرتے ہوئے غریب اور سفید پوش لوگوں اشک شوئی کرنی چاہیے۔

نبی رحمتؐ کی شفقتِ بے مثال

آج ہمارا ملک جس تباہ کن سیلاب میں گھرا ہوا ہے، وہ ہم سب کا امتحان بھی ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک وارننگ بھی۔ رجوع الی اللہ، استغفار اور خود احتسابی کی ضرورت ہے۔ عوام سے لے کر حکمرانوں اور سیاست کاروں تک، مزدور سے لے کر کارخانہ دار اور سرمایہ کار تک سبھی کو اس موقع پر خوفِ خدا سے سرشار ہوکر لوٹ مار بند کرنی اور دکھی انسانیت کی خدمت کرنی ہوگی۔ حضور نبی کریمؐ کی سیرت طیبہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ مخلوق خدا پر کس قدر شفیق ورحیم تھے۔ اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں جمادات بھی ہیں اور نباتات بھی۔ انسان اور جن بھی ہیں، جانور اور طیور بھی، کیڑے مکوڑے اور حشرات الارض بھی، آبی حیات اور جنگلی وحوش بھی۔ ان سب کے حقوق اللہ تعالیٰ نے متعین کیے ہیں۔ ان حقوق کی بہترین ادائی کی مثال عملی طور پر پوری انسانی تاریخ میں تلاش کریں تو رحمۃ للعالمینؐ سے بہتر کہیں بھی نظر نہیں آسکتی۔ آپ محض ہدایات نہیں دیتے تھے بلکہ عملاً مخلوقِ خدا کی دادرسی اور شکایات کا ازالہ بھی فرماتے تھے۔

عرب کے معاشرے میں غلاموں اور لونڈیوں کے کوئی حقوق نہ تھے۔ (آج ہمارے معاشرے میں بھی بدقسمتی سے ہاری اور مزدور کو اس کے بنیادی انسانی حقوق سے محروم کردیا گیا ہے۔ اس کی جان ومال، عزت وآبرو کسی چیز کا تحفظ نہیں ہوسکتا) نبیؐ رحمتؐ نے غلاموں، لونڈیوں اور مساکین ومظلومین سبھی کے حقوق کو یقینی بنایا۔ حضرت ابوذر غفاریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمہارے غلام تمہارے بھائی ہیں۔ اللہ نے ان کو تمہارا محکوم بنادیا تو جس کے زیردست اللہ نے اس کے کسی بھائی کو کردیا ہے تو اس کا فرض ہے کہ وہ جو خود کھائے وہی غلام کو کھلائے، جو خود پہنے وہی اس کو پہنائے۔ اس کو ایسے کام کا مکلف نہ کرے جو اس کے بس میں نہ ہو اور اگر ایسے کام پر اس کو لگانا ہو تو پھر اس میں خود اس کی مدد کرے۔ (بخاری ومسلم) حضرت کعب بن عجرہؓ کی روایت ہے کہ آپؐ نے ہدایت فرمائی کہ اپنی باندیوں کو کبھی برتن ٹوٹنے پر سزا نہ دیا کرو۔ ان برتنوں کی عمریں بھی تمہاری طرح مقرر ہیں۔ (مسند الفردوس للدیلمی)

کیا عظمت ہے دینِ اسلام کی اور کیا احسانات ہیں محسنِ انسانیت کے! غلاموں اور لونڈیوں کے حقوق محفوظ کرنے والے رسولِ رحمتؐ کی شان تو یہ ہے کہ وہ ایک چڑیا کی شکایت پر بھی بے چین ہوگئے تھے، جس کے بچے (چوزے) ایک صحابی ایک جنگ کے دوران اس کے گھونسلے سے نکال کر اپنے خیمے میں لے آئے تھے، وہ چڑیا کسی اور خیمے پر نہیں گئی، بلکہ آنحضورؐ کے خیمے پر آکر اس نے اپنی شکایت پیش کی اور آپؐ نے فوراً حکم دیا کہ اس کے بچے اس کے گھونسلے میں واپس کیے جائیں اور اس حکم پر اسی وقت عمل ہوا۔ امام احمد بن حنبلؒ نے حضرت عبداللہ بن جعفرؓ بن ابی طالب کی ایک روایت بیان کی ہے کہ ایک دن نبی پاکؐ نے مجھے اپنی سواری پر اپنے پیچھے سوار کرلیا۔ اس موقع پر آپؐ قضائے حاجت کے لیے سواری سے اتر کر ایک نخلستان میں گئے۔ وہاں پوشیدہ جگہ پر آپؐ نے قضائے حاجت کی۔ وہاں سے آپؐ باہر آرہے تھے کہ ایک باغ میں سے اونٹ آپؐ کے سامنے آیا اور اس نے بلبلانا شروع کردیا۔ اس کی آنکھوں میں آنسو تھے۔ حضور اکرمؐ نے اس کی حالتِ زار دیکھی تو آپ کا دل بھر آیا اور آپؐ کی آنکھوں میں بھی آنسو آگئے۔ آپؐ نے اس کی پیٹھ اور گردن پر ہاتھ پھیرا تو وہ خاموش ہوگیا۔ اس کے بعد آپؐ نے پوچھا: اس اونٹ کا مالک کون ہے؟ ایک انصاری نوجوان آگے بڑھا اور اس نے کہا: یارسول اللہ ﷺ! یہ اونٹ میرا ہے۔ آپؐ نے اس نوجوان کو مخاطب کرکے فرمایا: کیا تو اس بے زبان چوپائے کے معاملے میں اللہ سے نہیں ڈرتا۔ اللہ نے اسے تیری مِلک میں دے دیا ہے۔ اس حیوان نے مجھ سے شکایت کی ہے کہ تو اس سے کام تو پورا لیتا ہے مگر اسے خوراک پوری نہیں دیتا۔ (معجزات سرورِ عالم، ص:226، بحوالہ سنن البیہقی)



تحریر: حافظ محمد ادریس

نبی اکرمؐ کو تو جنگلی جانور بھی پہچانتے تھے اور آپؐ سے اپنے دکھوں کی شکایت اور ان کے ازالے کی درخواست کیا کرتے تھے۔ ایک ہرنی کا واقعہ امام ابن کثیرؒ نے البدایہ والنہایہ میں حضرت ام سلمہؓ کی ایک روایت میں بیان کیا ہے، وہ فرماتی ہیں: رسولؐ ایک مرتبہ کسی سنگلاخ وادی سے گزر رہے تھے کہ آپؐ نے آواز سنی: یارسول اللہ! آپؐ نے فرمایا: میں نے آواز سن کر ارد گرد دیکھا مگر کوئی نظر نہ آیا۔ میں آگے بڑھا، پھر وہی آواز دوبارہ سنائی دی۔ میں آواز کی جانب گیا تو دیکھا کہ ایک ہرنی رسیوں سے بندھی ہوئی تھی اور ایک مسلح بدو دھوپ میں پڑا سو رہا تھا۔ ہرنی نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس بدو نے مجھے شکار کرلیا ہے اور اس پہاڑ میں میرے دو چھوٹے چھوٹے بچے ہیں۔ اگر آپؐ مجھے کھول دیں تو میں انہیں دودھ پلا کے واپس آجاؤں گی۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا واقعی ایسا کرو گی؟ اس نے جواب میں عرض کیا: اگر میں وعدہ پورا نہ کروں تو خدا تعالیٰ مجھے دردِ زہ کے عذاب سے ہلاک کرڈالے۔ آنحضورؐ نے اس کی رسیاں کھول دیں۔ وہ دوڑتی ہوئی گئی اور اپنے بچوں کو دودھ پلا کر واپس لوٹ آئی۔ اس کی واپسی پر نبی پاکؐ اس سے گفتگو کر رہے تھے۔ ایک روایت کے مطابق آپؐ اسے رسیوں سے باندھ رہے تھے کہ بدو کی آنکھ کھل گئی۔ اس نے رسول اللہ ﷺ کو پہچان لیا اور عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ میرے ماں باپ آپ پر قربان۔ میں نے تھوڑی دیر پہلے یہ ہرنی پکڑی تھی۔ کیا آپ کو اس کی ضرورت ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں! مجھے اس کی ضرورت ہے۔ اس نے کہا: آپ بخوشی اسے لے لیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے آزاد کردیا۔ اس پر وہ اتنی خوش ہوئی کہ صحرا میں چوکڑیاں بھرتی دوڑی۔ پھر خوشی سے زمین پر پاؤں مارنے لگی اور اللہ کی وحدانیت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کی گواہی دیتی ہوئی وہاں سے رخصت ہوگئی۔ (معجزاتِ سرورِ عالم، ص:227-228)

جانور تو جانور آپؐ سے تو بے جان مخلوق کو بھی بے مثال عقیدت ومحبت تھی۔ اس معاملے میں حضرت امام بخاریؒ بیان کرتے ہیں کہ کچھ لوگ صحابیؓ رسولؐ حضرت سہل بن سعد الساعدیؓ کے پاس آئے۔ انہوں نے آپس میں منبرِ رسول کے بارے میں بحث شروع کر رکھی تھی کہ منبر کیسے بنا اور کس لکڑی سے بنایا گیا تھا۔ جب انہوں نے حضرت سہلؓ سے پوچھا تو انہوں نے جواب دیا: بخدا میں اچھی طرح جانتا ہوں کہ یہ کس لکڑی سے بنایا گیا تھا۔ جس روز یہ بن کر آیا اور آنحضور پہلی مرتبہ اس پر تشریف فرما ہوئے تو میں خود مسجد میں موجود تھا اور میں نے پورا منظر دیکھا تھا۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک انصاری خاتون کے پاس کسی کو بھیجا کہ وہ اپنے ماہر نجار غلام سے منبر بنوادے، جس پر خطبے کے دوران آپ بیٹھ جایا کریں۔ اس صحابیہ نے اپنے غلام کو حکم دیا کہ وہ جنگل کی بہترین لکڑی کاٹ کر لائے اور اس سے منبر تیار کرے۔ چنانچہ اس نے منبر تیار کیا اور اس صحابیہؓ نے اسے مسجد نبوی میں بھجوا دیا۔ یہ یہاں رکھ دیا گیا، جس جگہ آج بھی موجود ہے۔ پھر میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس چبوترہ نما منبر پر نماز پڑھتے دیکھا۔ نماز سے فارغ ہوئے تو آپؐ نے لوگوں کی طرف منہ کیا اور فرمایا: لوگو! یہ بلند منبر اس لیے بنوایا گیا ہے تاکہ تم میری امامت میں نماز پڑھو اور مجھے نماز پڑھتے ہوئے دیکھ کر نماز کی تعلیم حاصل کرو۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ ہی نے انصاری صحابی حضرت جابر بن عبداللہ ﷺ کی روایت کے حوالے سے یہ بھی بیان کیا ہے کہ ایک انصاری صحابیہؓ نے حضور اکرمؐ سے خود عرض کیا کہ اس کے پاس ایک کاریگر غلام ہے جو لکڑی کا نہایت نفیس کام کرسکتا ہے۔ لہٰذا اگر آپ اجازت دیں تو اس سے وہ ایک منبر بنوادے، جس پر آپؐ تقاریر کے دوران بیٹھ جایا کریں۔ آپؐ نے فرمایا: جیسے تم چاہو۔

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ یہ سن کر اس خاتون نے بہت نفیس منبر بنوا کر بھجوادیا۔ جب جمعہ کا دن ہوا تو آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس منبر پر بیٹھ گئے۔ اس موقع پر کھجور کا وہ تنا جس کے پاس کھڑے ہوکر آپؐ خطبہ ارشاد فرمایا کرتے تھے، رونے لگا۔ اس کی چیخ وپکار اتنی دردناک تھی کہ یوں معلوم ہوتا تھا کہ وہ فرطِ غم سے پھٹ جائے گا۔ سب صحابہ نے اس کی آواز سنی۔ آپؐ منبر سے اتر آئے اور اس تنے کو پکڑ کر اپنے ساتھ چمٹا لیا۔ وہ چپ ہوگیا مگر اس طرح اس کی ہچکی بندھی ہوئی تھی جس طرح روتا ہوا بچہ چپ کرنے سے پہلے ماں کی گود میں ہچکیاں لیتا ہے۔ (معجزاتِ سرورِ عالم، ص:120-121، بحوالہ صحیح بخاری)

اللہ کے بندو ذرا سوچو کہ سیلاب زدگان بوڑھے، بچے، مرد وخواتین بھوک اور بیماری سے ایڑیاں رگڑ رگڑ کر موت کی وادی میں اتر رہے ہیں۔ نہ سر پہ سایہ ہے نہ پینے کا پانی۔ ایسے میں باہمی چپقلش اور گالم گلوچ کسی باضمیر انسان کا وتیرہ نہیں ہوسکتا۔ سب کچھ چھوڑو اور ان کی مدد کرو۔

ظالم کی مدد کیسے؟

کس قدر خوبصورت حدیث ہے جسے امام ترمذی نے ”کتاب الفتن“، یعنی اس زمانے کے بارے میں احادیث کے باب میں درج کیا ہے، جب قیامت سے قبل دنیا بھر میں فتنے پھیل جائیں گے۔ تقریباً تمام بڑی احادیث کی کتب میں اس دور کے حوالے سے علیحدہ باب باندھے گئے ہیں۔ امام بخاریؒ نے اس حدیث کو اپنی کتاب ”صحیح بخاری“ میں تین بار مختلف ابواب میں درج کیا ہے۔ یہ حدیث حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے، جنہوں نے بچپن ہی سے رسول اکرمؐ کے گھر میں تربیت پائی۔ اسے اُم المومنین سیدہ عائشہؓ نے بھی روایت کیا ہے اور اسناد کے حوالے سے یہ حدیث حسن صحیح کا درجہ رکھتی ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ تمام اعتبار سے یہ حدیث کسی بھی شک وشبہ سے بالا تر صحیح حدیث ہے۔ یہ خوبصورت حدیث آج کے دور میں مسلمانوں کے لیئے ایک رہنما اصول کی حیثیت رکھتی ہے اور زمین پر بسنے والے دیگر مذاہب، یہاں تک کہ سیکولر افراد کے لیے بھی معاشرتی، سیاسی اور اخلاقی اصلاح کے لیے مشعل راہ کا درجہ رکھتی ہے۔ حدیث یوں ہے، ”نبی اکرمؐ نے فرمایا: اپنے بھائی کی مدد کرو خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم“۔ صحابہؓ نے پوچھا، ”اللہ کے رسول! میں نے مظلوم ہونے کی صورت میں تو اس کی مدد کی، لیکن ظالم ہونے کی صورت میں اس کی مدد کیسے کروں“؟ آپؐ نے فرمایا: ”اسے ظلم سے باز رکھو، اس کے لیے یہی تمہاری مدد ہے“۔ اس حدیث کو دنیا کے ہر ایوان کے دروازے پر جلی حروف میں لکھا جانا چاہیے اور آئین وقانون کے ہر مسودے کے صفحہ اوّل پر اسے رہنما اصول کے طور پر درج کیا جانا چاہیے۔ سید الانبیاءؐ نے اس حدیثِ مبارکہ میں ظالم ومظلوم دونوں کو بھائی کہا ہے۔ یعنی دونوں برابر مدد کے مستحق ہیں۔ دونوں کو حالات و واقعات کی آفات سے نکالنا مسلمانوں پر فرض ہے۔ لیکن آج کی دنیا میں صرف مظلوم کی مدد کرنے کو عظیم سمجھا جاتا ہے، مگر ظالم کو ظلم سے روکنے کو ہمیشہ متنازع بنایا جاتا رہا ہے۔ مظلوم کی مدد کرنا، اس کی دادرسی کرنا، اس کو انصاف لے کر دینا، یہ سب تو دنیا کے تمام معاشروں میں کسی نہ کسی طور پر ایک مسلسل عمل کے طور پر جاری ہے۔ لاتعداد سیاسی، سماجی اور معاشرتی گروہ ایسے ہیں جو ظالم سے ٹکرائیں یا نہ ٹکرائیں مگر مظلوموں کی مدد ضرور کرتے رہتے ہیں۔ ان گروہوں کی یہ امداد عین ظلم وتشدد کے عالم میں اور شدید جنگ وقتال کی کیفیات میں بھی جاری رہتی ہے۔ جنگ سے متاثرہ افراد کی مدد کرنے والی سب سے قدیم تنظیم ”ریڈ کراس“ ہر اس علاقے میں اپنے ہسپتال کھولتی ہے، ایمبولینس سروس قائم کرتی ہے جہاں جنگ ہورہی ہو۔ یوں تو یہ تنظیم 1863ء میں قائم ہوگئی تھی، لیکن یہ سوئٹزرلینڈ کے صرف چند قصبوں تک محدود تھی۔ 1914ء میں جب پہلی جنگِ عظیم شروع ہوئی تو اس تنظیم نے محدود وسائل کی وجہ سے صرف جنگی قیدیوں کو مدد فراہم کرنا شروع کی۔ اس کا سب سے بڑا کام یہ تھا وہ ان فوجیوں کا جو جیلوں میں قید تھے، ان کے اہل خانہ سے رابطہ کرواتی تھی۔ جنگ عظیم اوّل کے بعد 1919ء میں ریڈ کراس نے عالمی سطح پر اپنے کام کو آگے بڑھایا اور جنگِ عظیم دوم کے آنے تک یہ خاصی بڑی تنظیم بن گئی مگر پھر بھی یہ صرف ہولوکوسٹ کے دوران ان یہودی قیدیوں تک ہی اپنی توجہ قائم رکھ سکی، جو عقوبت خانوں (CampConcentration) میں ظلم کا نشانہ بن رہے تھے۔ دونوں جنگوں میں مظلوموں کی بے پناہ مدد کرنے والی تو بیشمار تنظیمیں وجود میں آئیں، لیکن کوئی ایک تنظیم یا گروہ ایسا نہ ابھر سکا جو ان عالمی طاقتوں کے ظلم کے مقابلے میں کھڑا ہوکر ان جنونی حکمرانوں کی اس طرح مدد کرے کہ انہیں بزور جنگ سے روک سکے۔ گزشتہ ایک صدی سے دنیا بھر میں ظالموں کا ظلم اور مظلوموں کی مدد دونوں شانہ بشانہ چل رہے ہیں۔

حرف راز
اوریا مقبول جان
theharferaz@yahoo.com

عالمی جنگیں ہوں یا علاقائی جنگیں، کروڑوں لوگ لقمہ ؟ اجل بنے، کروڑوں زخمی ہوئے اور کروڑوں بے گھر ہوگئے۔ ان تمام جنگوں کے دوران دنیا بھر کی لاتعداد رفاحی انجمنیں مسلسل زخمیوں کی امداد اور بے گھروں کو سہارا فراہم کرتی رہیں۔ اسی طرح دنیا کے لاتعداد ملکوں میں حکمرانوں نے اپنے شہریوں پر ظلم شروع کیے، اندرونی خلفشار اور قتل وغارت کی وجہ سے لوگ مرنا شروع ہوئے، اپنا ملک چھوڑ کر ہجرت کرنے لگے تو ایسے میں اقوامِ متحدہ کے ”ادارہ بحالی مہاجرین“ سے لے کر دیگر کئی عالمی این جی اوز تک سب نے ان مظلوموں کی مدد شروع کردی۔ ویت نام، افغانستان، عراق، شام، مصر اور یمن جیسے ممالک میں آگ وخون کا کھیل کھیلا جاتا رہا۔ ملکوں کے اندر جبر واستبداد اور سیاسی مخالفت کی وجہ سے قتل وغارت ہوتا رہا اور زخمیوں، بیماروں اور بے گھروں کی مدد بھی ساتھ ساتھ جاری رہی۔ پاکستان کا شہر کراچی تین دہائیوں تک میدانِ جنگ بنا رہا اور اس دوران لاشیں اٹھانے والے، انہیں کفن پہنانے والے سب موجود تھے۔ ایدھی کا چہرہ اسی دور میں پاکستان میں مظلوموں کی مدد کا چہرہ بن کر ابھرا تھا۔ مظلوموں کی مدد کرنے والی عالمی تنظیمیں ہوں یا علاقائی انجمنیں، انہیں دنیا بھر میں کام کرنے کی مکمل آزادی ہوتی ہے۔ ایسی تنظیموں کی ہر جگہ رجسٹریشن ہوجاتی ہے اور انہیں ہر طرح کا چندہ اکٹھا کرنے، دفاتر بنانے، ہسپتال اور کیمپ قائم کرنے کی اجازت ہوتی ہے۔ سب سے بڑے ظلم کی بات یہ ہے کہ ان عالمی یا علاقائی تنظیموں کو وہی حکمران فنڈ دے رہے ہوتے ہیں جو دنیا بھر میں قتل وغارت کا بازار گرم کیے ہوئے ہوتے ہیں۔ امریکہ اور اس کے اتحادی عراق اور افغانستان میں لاکھوں لوگوں کو قتل بھی کرتے ہیں اور جنگ کے مظلوموں کی مدد کرنے والی تنظیموں کو سرمایہ بھی۔ عراق، افغانستان، شام، لیبیا اور یمن میں کام کرنے والی یہ تمام فلاحی تنظیمیں امریکہ اور اسکے حواری ممالک کی فنڈنگ سے آج بھی زخمیوں، بیماروں اور بے گھروں کا علاج کر رہی ہیں۔ یوں لگتا ہے جیسے گذشتہ ایک صدی سے ظالموں اور مظلوموں کی مدد کرنے والوں کے درمیان ایک غیر تحریری معاہدہ ہوچکا ہے کہ ہم ظلم کرتے چلے جائیں گے اور اگر تم ہمیں چیلنج نہیں کروگے تو ہم تمہیں کسی زخمی بیمار اور بے گھر کی مدد سے بھی نہیں روکیں گے۔ اس کے مقابلے میں ہر وہ تنظیم جو مظلوموں کی مدد کرنے کے ساتھ ساتھ ظالموں کو چیلنج بھی کرتی ہے، اسے کسی ملک میں کام نہیں کرنے دیا جاتا۔ ظالم کو ظلم سے روک کر اس کی مدد کرنا اور ساتھ ہی مظلوموں کی مدد کرنا یہ ہیں اصل اور بنیادی کام اور آج کے دورِ فتن کا سب سے بڑا چیلنج بھی یہی دو کام ہیں۔ جس تنظیم نے یہ دونوں کام برابر جاری رکھے، اسے عبرت کا نشان بنا دیا گیا۔ مصر کی اخوان المسلمون ہو یا فلسطین کی حماس، اس عبرت کے نشان کی اہم علامتیں ہیں۔ بیشمار ایمبولنسیں صحرائے سینا میں رفاہ کے بارڈر پر کھڑی ہوتی ہیں۔ غزہ میں اسرائیل کی بمباری کے زخمی لاتعداد سرنگوں کے ذریعے حماس کے لوگ وہاں ان ایمبولینسوں کے پاس چھوڑ جاتے ہیں اور وہ ایمبولنسیں انہیں مصر کے ہسپتالوں میں علاج کے لیے لے جاتی ہیں۔ لیکن حماس کو خود اپنے زخمی بھی ہسپتالوں تک لے جانے کی بھی اجازت نہیں۔ عالمی سکہ رائج الوقت یہ ہے کہ جو بھی تنظیم صرف اور صرف مظلوم کی مدد کا نعرہ لے کر اٹھے گی اس کی مدد ظالم حکومتیں بھی کریں گی، لیکن جو تنظیم بھی ظالموں کے خلاف اس لیے اٹھے کہ وہ اسے ظلم سے روک سکے، تو ایسی کوئی بھی تنظیم آج کی عالمی لغت میں ”دہشت گرد“ کہلائے گی، دنیا کے امن کے لیے خطرہ تصور ہوگی اور ایسی لسٹوں میں شامل کردی جائے گی کہ جن پر عالمی برادری پابندی لگاتی ہے۔ کشمیر سے لیبیا، روہنگیا سے فلسطین، شام سے افغانستان، عالمی برادری آپ کو زخمیوں کے زخموں پر پٹی لگانے اور میتوں کو دفن کرنے کی اجازت تو دیتی ہے لیکن آپ کو اس بات کی اجازت نہیں دیتی کہ آپ عالمی طاقتوں کے گریبان پر ہاتھ ڈال سکیں، ان کے توپ خانے خاموش کرسکیں۔

آپ بھی لکھیے!

سیاسی، معاشی وسماجی موضوعات کے حوالے سے اپنی جامع، مختصر، موثر تحریریں ہمیں بھجوائیں ہم آپ کی تحقیقی، تخلیقی اور معیاری نگارشات کو اس صفحہ کی زینت بنائیں گے۔ کمپوز کر کے بھجوائیں۔

انچارج ادارتی صفحہ
روزنامہ قوت لاہور
dailyquwat786@gmail.com

نوٹ:
کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں (ادارہ)

میلہ مویشیاں 2023ء، نگران وزیر اعلیٰ پنجاب ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ میں پیش پیش

تحریر: ناظم الدین

نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ میں پیش پیش ہیں۔ انہوں نے تمام متعلقہ محکمہ جات کو ہدایت کی ہیں کہ میلہ مویشیاں کے انعقاد کیلئے فوری بہترین انتظامات کیے جائیں۔ ہارس اینڈ کیٹل شو اور پی ایس ایل میچز کے دوران ٹریفک کا کوئی مسئلہ نہیں ہونا چاہیے اور کوئی بھی ترقیاتی کام شروع کرنے سے پہلے متبادل راستہ فراہم کیا جانا چاہیے۔ ہارس اینڈ کیٹل شو میں پاکستان کے تمام صوبوں کی ثقافت کے رنگوں کو پیش کیا جائے گا اور مختلف فلوٹس اور روایتی کھیلوں کے علاوہ صنعتی نمائش کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔ حکومت پنجاب کے زیراہتمام نیشنل ہارس اینڈ کیٹل شو 2023ء گزشتہ کئی دہائیوں سے یہ شو ملک بھر میں بہترین روایتوں کو فروغ دینے، کسانوں کو ہر ایک کے ساتھ مقابلہ کرنے اور بہترین جانوروں کے لیے انعامات جیتنے کی ترغیب دینے والے مقبول ترین پروگراموں میں سے ایک بنا ہوا ہے۔ نگران وزیر انفرمیشن وکلچر عامر میر نے میلہ مویشیاں کے انعقاد کو صوبہ میں مال مویشیوں کے فروغ اور صنعت وحرفت میں اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ اس سلسلہ میں محکمہ تعلقات عامہ پنجاب پرنٹ والیکٹرانک میڈیا کے ذریعے اس کی تشہیر کروائے گا۔ تمام افسران گذشتہ روایات کو مدنظر رکھتے ہوئے اس ایونٹ کی وسیع پیمانے پر نشرو اشاعت کیلئے تیار ہوچکے ہیں۔ محکمہ تعلقات عامہ پنجاب اپنے تیز ترین سسٹم کے ذریعے مدعو کیے گئے اعلیٰ سطح کے مہمانان کی آمد اور ایونٹ کے دوران ان کی مصروفیات کی تصاویر کا البم جس برق رفتاری سے تیار کرکے ان کی خدمت میں پیش کرتا ہے اس پر مہمانان داد تحسین دیے بغیر نہیں رہ پاتے ہیں۔

میلہ مویشیاں تفریح فراہم کرنے اور مویشیوں کی مختلف انواع اور نسلوں میں صحت مند مقابلے کا موقع پیدا کرنے کے لیے صوبہ بھر میں کئی مقامات پر گھوڑوں اور مویشیوں کے شوز کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ سب سے مشہور گھوڑوں اور مویشیوں کا شو لاہور میں منعقد ہوتا ہے۔ تین روزہ سرگرمیوں کے دوران بہترین مویشیوں، گھوڑوں اور اونٹوں کے رقص، خیمے لگانے، رنگین لوک رقصوں کی نمائش ہوتی ہے۔ پاکستان کے تمام علاقوں سے، بڑے پیمانے پر بینڈ ڈسپلے اور ٹیٹو شو نیشنل ہارس اینڈ کیٹل شو 10 سے 12 مارچ تک لاہور میں ہوگا اور اس سلسلے میں حکومت پنجاب نے تمام متعلقہ محکموں کو ذمہ داریاں سونپ دی ہیں۔ ہارس اینڈ کیٹل شو میں چاروں صوبوں کی ثقافت کو اجاگر کیا جائے گا۔ لاہور میں منعقد ہونے والے ہارس اینڈ کیٹل شو میں جیولن تھرو، ٹینٹ پیگنگ، پیراٹروپنگ، فلائی پاسٹ شو، آتش بازی، جانوروں کی کیولکیڈ، گرے ہاؤنڈ ریس، گھوڑوں کے رقص، علاقائی رقص، رنگارنگ فلوٹس، فوڈ اسٹالز اور صنعتی نمائشیں شامل ہوں گی۔ پھولوں کی نمائش، کامیڈی، راک، تھیٹر، کہانی سنانے اور دیگر رنگارنگ تقریبات بھی ہوں گی۔ محکمہ نے ہارس اینڈ کیٹل شو کے انعقاد کے لیے تیاریاں شروع کردی ہیں۔ ملک کی تاریخ میں پہلا نیشنل ہارس اینڈ کیٹل شو 1964 میں فورٹریس اسٹیڈیم میں منعقد ہوا تھا۔ یہ شو اور اس کے بعد سے 1979، 1985، 1986، 1987، 1988، 1989، 1990، 1993، 1994، 1995، 2015، 2022 میں منعقد ہوچکا ہے۔ اب 2023ء میں قومی ہارس اینڈ کیٹل شو 10 تا 12 مارچ میں منعقد ہو رہا ہے۔ شو میں مختلف تقریبات کے انعقاد کے انتظامات کے لیے کمیٹیاں تشکیل دے دی گئی ہیں۔ لاہور میں ہارس اینڈ کیٹل شو کا انعقاد اصل میں مویشی پالنے والوں کی حوصلہ افزائی کے لیے کیا جاتا ہے۔

پاکستان ایک زرعی ملک ہے اور اس کی خوشحالی کا انحصار زراعت اور لائیو سٹاک پر ہے۔ کیٹل شو کسانوں کو زراعت اور مویشیوں کی ترقی کے لیے ترغیبات فراہم کرتا ہے۔ اس شو کو پاکستان کے ورثے کا ایک فصیح اظہار اور اس کی زرعی اور صنعتی کامیابیوں کے مستند بیان کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔ فورٹریس اسٹیڈیم، شو کا مقام فعال شرکاء، غیر ملکی زائرین اور لوگوں کا ہجوم ہے جو تہوار کو بڑے جوش وخروش، جوش اور جذبے سے دیکھتے ہیں۔ ان میں سے ایک بڑی تعداد مویشیوں کی بہترین نسلوں کو دیکھنے اور ان کی تعریف کرنے میں دلچسپی رکھتی ہے۔ بہت سے لوگ دیگر سرگرمیاں دیکھ کر خوشی حاصل کرتے ہیں جیسے کہ جانوروں کی نمائش پریڈ، گھوڑوں اور اونٹوں کے رقص، پولو میچ، کتوں کے شو اور ان کی ریس، واڈیویل کے اسٹنٹ مینوں کے کام، فوجی بینڈ کا بڑے پیمانے پر مظاہرہ، بچوں کی تال سے جسمانی ورزش، سجا ہوا صنعتی فلوٹس۔ اور ٹارچ لائٹ ٹیٹو شوز۔ اضافی پرکشش مقامات میں رات کے وقت دلکش نمونوں کو بننے کے لیے روشنیوں کا ایک لطیف تعامل اور غیر ملکی گروہوں کی طرف سے سانس لینے کی کارروائیاں شامل ہیں۔ یہ شو ایک معمولی نمائش کے طور پر شروع ہوا تھا جس کا اہتمام فوج نے پچاس کی دہائی کے اوائل میں ملک کی مویشیوں کی دولت کو پیش کرنے کے لیے کیا تھا۔

آج یہ ایک بین الاقوامی تقریب کی حیثیت اختیار کرگیا ہے۔ جس میں بیرون ملک سے معززین اور زائرین اور غیر ملکی سیاح آتے ہیں۔ آرگنائزنگ کمیٹی میں فوج، رینجرز، لائیو سٹاک، لوکل گورنمنٹ، ڈسٹرکٹ گورنمنٹ، اسکول، پولیس، صنعتکار اور آرٹ کونسلوں ودیگر محکموں سمیت متعدد ایجنسیاں اپنا اپنا کردار ادا کرتی ہیں۔ تقریب میں مویشیوں کی دوڑ، مویشیوں کے رقص، ٹینٹ پیگنگ، ٹیٹو شو، لوک موسیقی، رقص، بینڈ، ثقافتی فلوٹس اور لوک گیمز شامل ہوتی ہیں۔ یہ شو ملک کسانوں کو ہر ایک کے ساتھ مقابلہ کرنے اور بہترین جانوروں کے لیے انعامات جیتنے کی ترغیب دینے والے مقبول ترین پروگراموں میں سے ایک بن گیا تھا۔

لاہور میں ہارس اینڈ کیٹل شو کا انعقاد ثقافتی اقدار اور سیاحت کو فروغ دینے کا ذریعہ بنتا ہے۔ پاکستان ایک زرعی ملک ہے، اور زراعت اور مویشی اس کی دولت کے لیے ضروری ہیں۔ حکومت حصہ لینے والے کسانوں کو ان کا حوصلہ بڑھانے کے لیے مراعات فراہم کرتی ہے۔ جس کے نتیجے میں پاکستان کی لائیوسٹاک اور زرعی صنعت ترقی کا ضامن بنتی ہے۔ کیٹل شو کسانوں کو اپنے مویشیوں کو چرانے کی ترغیب دیتا ہے۔ قومی ہارس اینڈ کیٹل شو منانے کے لیے لاہور کے مختلف مقامات پر مختلف تقریبات کا انعقاد بھی کیا جاتا ہے۔ کیٹل شو کے دوران مقابلوں میں حصہ لے لینے والے، بشمول گھڑ دوڑ، مویشیوں کا فیصلہ کرنے کیلئے تماشائی، غیر ملکی مہمان، اور مقامی لوگ جو مویشیوں کے جھنڈ میں فورٹریس اسٹیڈیم میں بڑی دلچسپی رکھتے ہیں۔ ان میں سے بہت سے مویشیوں کی بہترین نسلوں کا مشاہدہ اور ان کی تعریف کرنا پسند کرتے ہیں۔ بہت سے لوگ دیگر تقریبات کو دیکھنا چاہتے ہیں، جیسے کہ جانوروں کی نمائش پریڈ، گھوڑوں اور اونٹوں کے رقص، خیمہ لگانے، کتوں کی دوڑیں اور مقابلے، فوجی بینڈ کا بڑے پیمانے پر مظاہرہ، بچوں کی تال کی جسمانی سرگرمی، سٹنٹ، اور ٹارچ لائٹ ٹیٹو شو۔ روشنی کا ایک نازک ڈسپلے جو رات کے وقت دلکش نمونوں کو تخلیق کرتا ہے اور بیرون ملک مقیم ملبوسات کی دلکش پرفارمنس بھی شائقین کی توجہ مبذول کراتی ہے۔ آئیے نیشنل ہارس اینڈ کیٹل شو کے موقع پر ہونے والی ان تفریحی سرگرمیوں پر تفصیل سے بات کریں اور مزید معلومات دیکھیں۔ کیا آپ نے پاکستان میں کبھی ایسے شو میں شرکت کی ہے۔ اگر نہیں، تو آپ ایک حقیقی دعوت کے لیے حاضر ہیں! یہ واقعات دیکھنے میں دلکش ہیں، اور دیکھنے اور تجربہ کرنے کے لیے ہمیشہ کچھ نیا ہوتا ہے۔ چاہے آپ گھوڑوں یا مویشیوں کے پرستار ہیں، ہر ایک کے لیے کچھ نہ کچھ ہے۔

ٹینٹ پیگنگ یہ گھڑسواری کا کھیل ہے جو آپ کی گھڑسواری اور درستگی کی جانچ کرتا ہے۔ ٹینٹ پیگنگ کی ابتدا کئی نسلوں پرانی ہے۔ ایک گھڑسوار زمینی ہدف میں کاٹتے ہوئے سرپٹ دوڑ کر خیمے کی کھونٹی لگانے میں مشغول ہوتا ہے جو خیمہ کی کھونٹی سے مشابہت رکھتا ہے۔ نیشنل ہارس اینڈ کیٹل شو، جہاں پاکستان بھر سے لوگ آتے ہیں، جہاں آپ خیمہ لگانے کی بہادری اور مسابقتی برتری کا مشاہدہ کرسکتے ہیں۔ خیمہ لگانے کے شوقین پاکستان بھر سے سفر کرتے ہیں اور اپنے روایتی لباس میں ملبوس ہوتے ہیں۔ یہ ان لوگوں کے لئے دیکھنے کے قابل ہے جنہوں نے اسے کبھی نہیں دیکھا۔ صرف مٹھی بھر حریف خیمے کے کھونٹے کو زمین سے باہر نکالتے ہیں۔ تاہم، آپ انہیں اپنی تکنیک آزماتے ہوئے دیکھیں گے۔ یہ حقیقت اس طرح کے کھیل میں درکار ہنر اور عزم کو ظاہر کرتی ہے۔ یہاں تک کہ گھڑسواروں کو خیمے کے کھونٹے ہٹانے کی کوشش کرتے دیکھنا بھی تماشائیوں کے لیے ایک دل لگی منظر ہے۔



یہاں ہمیشہ کچھ شاندار گھوڑوں کی دوڑیں ہوتی ہیں، اور ہر کوئی میدان کے اردگرد خوبصورت گھوڑوں کو کھیلتے دیکھنا پسند کرتا ہے۔ جس میں ملک کی بہترین گائے اور بھینسیں دکھائی جاتی ہیں۔ پھر جانوروں کی خوبصورتی کے مقابلے ہوتے ہیں، جو ہمیشہ ایک بڑا ہجوم کھینچتے ہیں۔ سب سے خوبصورت مویشی انعام جیتتے ہیں۔ پاکستان کے ہارس اینڈ کیٹل شو میں ہمیشہ بہت کچھ ہوتا ہے۔ آپ گھڑسواری کے کچھ حیرت انگیز کارناموں کو دیکھنے کی توقع کرسکتے ہیں، سواروں نے بہادری کے کرتب، مختلف مقابلوں میں اپنی مہارت کا مظاہرہ پیش کرتے ہیں۔ یہ شو پاکستان میں ایک مقبول ایونٹ ہے۔ یہ پاکستان میں ہر سال منعقد ہوتا ہے اور دنیا بھر سے ہزاروں سیاح اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں۔ ہارس اینڈ کیٹل شو کے بارے میں کچھ دلچسپ حقائق یہ ہیں: اس شو کی سب سے بڑی کشش یہ ہے کہ یہ پاکستانی عوام کو گھوڑوں، مویشیوں اور دیگر جانوروں کی افزائش اور پرورش میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔ یہ غیر ملکی سیاحوں کو یہ دیکھنے کی بھی اجازت دیتا ہے کہ ہمارے دیسی جانوروں کو ہمارے ملک میں کیسے رکھا اور پالا جاتا ہے۔ بہت سے اسٹالز ہیں جہاں زائرین یادگاری، کتابیں اور روایتی کپڑے خرید سکتے ہیں۔ پاکستان ایک شاندار ثقافت اور متنوع ورثے سے مالا مال ملک ہے۔ پاکستانی عوام ہر سال متعدد تہوار مناتے ہیں جو ہماری ثقافتی اور روایتی اقدار کی عکاسی کرتے ہیں۔ ہر تہوار کی اہمیت ہوتی ہے، اور لوگ اسے بڑی خوشی اور جوش وخروش سے مناتے ہیں۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے کہ تہوار کیا ہے یا جو بھی منایا جاتا ہے، وہ سبھی کمیونٹی کو متحد کرنے اور ثقافتی اقدار کو تقویت دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ایسی ہی ایک معروف ثقافتی تقریب پاکستان میں ہارس اینڈ کیٹل شو ہے، جو پاکستان کے لائیوسٹاک اور زرعی کامیابیوں کی درست نمائندگی کرتا ہے اور اس کے ثقافتی ورثے کو مستند طور پر پیش کرتا ہے۔ ہر سال، پاکستان کے بہترین اور روشن ترین لائیوسٹاک ایک جگہ پر اکٹھے ہوتے ہیں اور تماشائیوں کو تفریحی سرگرمیوں کا ذریعہ فراہم کرتے ہیں۔

نیشنل ہارس اینڈ کیٹل شو پاکستان کے مختلف خطوں میں ہونے والا ایک مقبول پروگرام ہے، جو تفریح اور مویشیوں کی متنوع اقسام اور نسلوں کے درمیان صحت مند مقابلے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ کیٹل شو موسم بہار کی آمد کا اشارہ دیتا ہے، کسانوں، کاروباری افراد اور عوام کے لیے خوشی کا ایک ذریعہ فراہم کرتا ہے۔ پہلی بار 1964 میں لاہور کے فورٹریس اسٹیڈیم میں ہوئی تھی۔ اہم سکیورٹی خطرات کی وجہ سے حکومت نے اس سب سے بڑے ثقافتی میلے کو بند کرنے کا فیصلہ کیا۔ پاکستان میں ہارس اینڈ کیٹل شو آخری بار 2015 میں منعقد ہوا تھا۔ تاہم حکومت نے اس تہوار کی ثقافتی اہمیت کو سمجھتے ہوئے 11 سال بعد 2022 میں نیشنل ہارس اینڈ کیٹل شو منعقد کرنے پر رضامندی ظاہر کی۔ پنجاب حکومت نے لاہور شہر میں اس بڑے میلے کا انعقاد کیا اور کیٹل شو کی میزبانی کے لیے 677.790 ملین کا بجٹ مختص کیا۔ 2022 میں، ہارس اینڈ کیٹل شو لاہور 11 مارچ کو شروع ہوا اور 12 مارچ تک جاری رہا۔ پاکستان میں گھوڑوں اور مویشیوں کے شوز نوجوان نسل میں پنجاب کے ثقافتی ورثے کو فروغ دینے میں معاون ثابت ہوں گے۔ گھوڑوں اور مویشیوں کے شو لاہور نے کھیلوں، کاروباروں، صنعتوں، دستکاری اور ثقافت کی حوصلہ افزائی کی بھی کوشش کی۔ گزشتہ چالیس سالوں کے دوران پاکستان میں ہارس اینڈ کیٹل شو نے ملک کے مقبول ترین پروگراموں میں سے ایک کا اعزاز حاصل کیا ہے۔ پورے ملک کے کسان انعامات کے لیے ایک دوسرے سے مقابلہ کرتے ہیں اور اپنے بہترین جانوروں کو دکھاتے ہیں۔ کیٹل شو لاہور نے پاکستان میں مویشی پالنے والوں کی ہمت اور اعتماد کو بڑھانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

پاکستان کے لوگ پاکستان کے مختلف شہروں، لاہور، ڈیرہ غازی خان اور سندھ کے کچھ علاقوں میں قومی گھوڑوں اور مویشیوں کا شو مناتے ہیں۔ فورٹریس اسٹیڈیم مارکیٹ لاہور میں نیشنل ہارس اینڈ کیٹل شو کا بنیادی مقام ہے۔ ہر سال بہار کی آمد پر فورٹریس اسٹیڈیم فعال شرکاء کے ساتھ ان کے جانوروں، غیر ملکی سیاحوں اور مقامی لوگوں سے کھچا کھچ بھر جاتا ہے۔ مختلف شاندار تقریبات کا اہتمام کیا جاتا ہے، جس میں تماشائیوں کا ایک بڑا ہجوم ہوتا ہے۔ پاکستان میں ہارس اینڈ کیٹل شو ایک سالانہ تقریب ہے، جو ملک بھر سے نسل دینے والوں، کسانوں اور شائقین کو راغب کرتی ہے۔ پاکستانی کسانوں کے لیے زرعی شعبے کی تازہ ترین پیشرفت کے بارے میں جاننے اور ساتھی کسانوں اور مویشیوں کے تاجروں کے ساتھ بات چیت کرنے کا ایک بہترین موقع ہے۔ کسان اپنی تکنیک کو بہتر بنانے کے لیے ماہرین سے مشورہ حاصل کرسکتے ہیں اور جانوروں کی صحت کی دیکھ بھال اور پالنے کے جدید طریقوں کے بارے میں جان سکتے ہیں۔ یہ شو کسانوں اور تاجروں کے لیے ایک موقع ہے کہ وہ اکٹھے ہوں اور اپنے بہترین مویشیوں کا مظاہرہ کریں۔ گھوڑوں، مویشیوں اور اونٹوں کے مقابلے ہوتے ہیں اور ایک تجارتی نمائش ہوتی ہے جہاں لوگ جانور اور متعلقہ مصنوعات خرید وفروخت کرسکتے ہیں۔ اس شو کے ذریعے مویشیوں کی فارمنگ اور افزائش نسل کی جدید تکنیکوں کے بارے میں مزید جاننے کا ایک بہترین موقع بھی ہے۔

انصاف منڈی

تحریر: چوہدری ناصر عنایت سرا

میرے لیے یہ نہایت ہی فخر کی بات ہے کہ عرصہ قریب 27 سال سے شعبہ وکالت سے منسلک ہوں قانون اور ضابطے کی موشگافیوں، کرسی انصاف کے تساہلی حیلوں، نااہل اور بدعنوان سرکاری اداروں کی کج بحثیوں اور معزز وکلا کی جانب سے ہر لمحے انصاف کی راہ میں کھڑے کئے گئے اسپیڈ بریکروں سے بہت زیادہ پالا پڑا، عدالت میں داخل ہوتے ہی انصاف کو جب میں دیکھتا ہوں تو عام وکیل اور اس کے سائل کی بے بسی اور بے چارگی کا مشاہدہ کیا تو پتہ چلا کہ اس ملک میں غریب اور کمزور شخص کے لیے انصاف کا حصول کس قدر مشکل ہے

اب اس نظام ناانصافی کے ہاتھوں عام وکیل اور مظلوم سائل کی بنتی درگت کا مشاہدہ بھی ہورہا ہے اور اس کا تلخ تجربہ بھی۔ انصاف کی مطلبی دیوی کی آنکھوں میں شناسائی کی رمق تک باقی نہ رہی ہے یا شاید اسے اپنے محبوب مل گئے ہیں۔ سالوں سال کچھوے کی چال چلتی ایک عدالت فیصلہ کرتی ہے اور اگلے ہی لمحے دوسری عدالت دو، سطری تلوار، سے آپ کی بیس سالہ محنت کو ڈنگ مار کے از سرنو صفر سے دعویٰ شروع کرنے کا حکم صادر کردیتی ہے۔ اصل دعویٰ اپنی جگہ پڑا ہوتا ہے اور متفرق درخواستیں سپریم کورٹ تک کی سیاحت میں سائل کی عمر کھا جاتی ہیں۔ کیسے سپر ہیروز کی فکشن فلموں کی طرح ہمارے یہ ججز حکم امتناعی اور اسٹے آرڈرز کے ذریعے وقت کو جامد اور ساقط کردیتے ہیں وہ بھی ہفتوں اور مہینوں کے لیے نہیں اکثر اوقات سالوں اور دہائیوں تک کے لیے۔ آپ کسی کی جائیداد پر ناجائز قابض ہو جائیں اور ہم آپ کو اسٹے آرڈرز کے ذریعے ظہور عزرائیل تک اسی جگہ پر قائم ودائم رکھیں گے۔ مجال ہے جو بیس بیس اور تیس تیس سال پرانی فائلیں دیکھ کر کسی انصاف کے ماتھے پر شکن پڑے یا کسی وکیل کا ضمیر ملامت کرے کہ اس فائل میں کتنے لوگوں کی آرزوؤں اور امنگوں کا خون شامل ہے، کتنی سہاگنوں کے سہاگ اجاڑنے کتنے یتیموں کی میراث ہڑپ کرنے کے بعد یہ فائل وکلاء اور ججز کی نالائقیوں، طمع کی وجہ سے سانپ بن کر بیٹھی ہوئی ہے اور دودھ کی شکل میں ان کی جائیدادیں اور گھر کے برتن تک پیتی جارہی ہے۔ حکومتوں کا جائز ٹیکس ادا کرنے کی بجائے یہی اسٹے آرڈرز آپ کو لامتناہی وقت تک کے لئے اس ادائیگی سے مبرا قرار دیتے ہیں۔ ٹکے ٹکے کو ترستی حکومتیں دنیا بھر کے سامنے کشکول اٹھائے پھرتی ہیں اور یہ عدالتیں اور اس کے معاون اربوں کے ٹیکسز پر اسٹے لگوا کر چین ہی چین لکھتے ہیں۔

اس بے حس معاشرہ اور بے رحم نظام انصاف میں لوگوں کے مال کی تلفی سے ایک قدم آگے اب تو انسانی جان کا ضیاں بھی ایک بے رحم سا تماشا بن کر رہ گیا ہے۔ انہیں عدالتوں میں مظلوم اور مقتول کے ورثاء سالوں سال تک اپنے پیاروں کے قاتلوں کو طاقتور، کاریگر وکلاء، ڈریسے اور بکے منصفوں کے تعاون سے ایک دن بھی حوالات میں گزارے بغیر عبوری ضمانت پر انصاف عدالت اور مظلوم کا منہ چڑاتے دیکھتے رہتے ہیں۔ اور جن کی قوت برداشت جواب دے جاتی ہے وہ پھر قانون کو ہاتھ میں لیتے ہوئے انہیں کٹہروں میں اپنے مقتولین کا بدلہ لیتے ہوئے عدالتی فرش کو سلاٹر ہاؤس کی طرح رنگین کردیتے ہیں۔ داد دینی چاہیے عام وکیل اور سائل کی قوت برداشت کو جو روزانہ کی بنیاد پر ہونے والی ان زیادتیوں، ناانصافیوں اور بدعنوانیاں کے باوجود امید کا دامن نہیں چھوڑتے اور ڈپریشن مایوسی و ناامیدی کا شکار نہیں ہوتے۔ حساس دل ودماغ اور انسانیت کا درد رکھنے والے قانون دانوں کے لئے تو یہ صورتحال بے حد تکلیف دہ اور پریشان کن ہوتی ہے۔

وکیل جسے دیکھ کر ماضی میں تحفظ انصاف اور اعتماد کا احساس ہوتا تھا اپنے سائل ہی نہیں بلکہ معاشرے میں ہر جگہ ہونے والی قانون وآئین شکنی، ظلم وزیادتی کے خلاف سب سے پہلی آواز اس کی جانب سے اٹھائی جاتی تھی۔ بڑی سے بڑی گمبھیر قومی الجھن اور مسئلہ میں قوم نے رہنمائی اور رہبری کے لیے وکلاء ہی کی جانب دیکھا اور وکلاء نے اپنی راست گوئی، تنظیم، اتحاد اور قربانی سے قوم کی آس اور امید قائم رکھی۔

ہماری منتخب قیادتیں اس درجہ پیشہ ور ایماندار اور راستہ فکر تھیں کہ منتخب ہونے کے سال میں میں اپنا ایک بھی ذاتی کیس نہ کیا کرتے۔ وکلاء کے انتہائی نجی نوعیت کے کیسوں میں چیمبرز میں ججز کو ملنے کر اپنا وقار گنوانے کی بجائے بہترین صلاحیت کے حامل سینئر وکلاء کو ایسے دوست کی مدد کے لیے بھیجتے۔ ان کا مطمع نظر ہر دم اپنی کمیونٹی قوم اور ملک کی بہبود، آئین کی سربلندی اور قانون کی عملداری تھا۔ کردار ایسے اجلے کہ تمام تر نظریاتی، جماعتی اور سیاسی اختلافات کے باوجود معاشرہ میں ان کی لیاقت، دیانت وامانت اور حق گوئی وحق پرستی کا ڈنکا بجتا۔ انتخاب جیتنے کے سال کسی قسم کے سرکاری عہدے اور ایڈوائزری سے مکمل احتراض برتتے۔ اس تو کل بے نیازی اور جرات رندانہ کی وجہ سے عدلیہ اور نظام انصاف کے معاون اداروں کے بدعنوان عناصر میں ہمت نہ تھی کہ انصاف کی راہ سے ہٹ سکیں۔

لیکن پھر ووٹرز نے اپنی قیادتوں کے انتخاب میں حقیر ذاتی مفادات کی خاطر ڈنڈی مارنا شروع کردی۔ بڑے بڑے ہوٹلوں میں کھانوں، فارم ہاؤسز میں تفریح کے نام پر عیاشیوں، ناقابل واپسی قرضوں، غرض رشوت کی تمام بدترین شکلوں کا ظہور ہوا۔ بار سیاست انتہائی نفع بخش دھندے کی شکل اختیار کرگئی۔ اقدار اور اخلاقیات کو دیس نکالا دے دیا گیا۔ قومی رہنمائی کی بجائے وکلاء اور ان کے منتخب نمائندوں نے بدعنوان سیاسی اور غالب غیر سیاسی عناصر کی کاسہ لیسی شروع کردی۔ معاشرہ کے طاقتور، بااثر لیکن ہر قسم کے جرائم میں لتھڑے ہوئے سیاستدانوں بیورو کریٹ پہلوانوں کے کیسز عدالتوں میں لڑنے کی بجائے پروٹوکول اور چاپلوسی کے نام پر پیشیاں بھگتنے ملزمان کو عدالتی کرسیوں پر بٹھا کر ان کے پیچھے کھڑے ہونا اور ان کی گاڑیوں پر لٹکنا کالے کوٹ کے لیے باعث عار نہ رہا بلکہ عدالتی احاطوں بشمول کورٹ رومز میں ان کے ساتھ فرمائشی سیلفیاں عزت ترقی اور حصول ایڈوائزری کا نشان بن گئیں۔

اب سوسائٹی کے سب سے متحرک سمجھدار اور آئین کے نام نہاد محافظوں نے ہم جیسے بزدل، لالچی، اخلاق وکردار سے تہی، دولت اور طاقت کے پجاری بونوں کو منتخب کرنا شروع کردیا ہے۔ جن کا عقیدہ اور نظریہ ہر طاقتور کے سامنے سجدہ ریز ہونا، ہر کمزور سے دست وگریباں ہونا اور ہر حال میں حلال وحرام کی تمیز کے بغیر دولت طاقت اور اقتدار کے انبار جمع کرنا تھا۔ نتیجتاً عدالتوں کو تالے ججوں، مخالف شریف وکلاء کو کرسیاں اور گالیاں اہلکاروں کو تھپڑ ٹھڈے اور ڈنڈے مارنے کی روش چل نکلی ہے۔ دلیل اور قلم کی جگہ گھونسے اور گالی نے لے لی ہے۔ ان بدعنوان شاطر اور سرکش عناصر نے ایسے گروہ تشکیل دے رکھے ہیں جنہوں نے نہ صرف وکلاء بلکہ ججز تک کو آکٹوپس کی طرح اپنے چنگل میں جکڑا ہوا ہے۔ ان کے اشارہ ابرو سے ججوں کی تبدیلیاں اور تعیناتیاں ہوتی ہیں۔ عام وکیل کا ریلیف ختم ہوتے ہوتے نہ ہونے کے برابر رہ گیا ہے۔ وہ اپنے چھوٹے چھوٹے کیسز اور مسائل کے لیے اپنے ہاتھوں خود پر مسلط کردہ انہیں نیتاؤں کے محتاج اور دست نگر ہوگئے ہیں۔ عام بالخصوص نوجوان وکلاء کو عدالتی احاطوں میں بیٹھنے تو دور کھڑے ہونے کی جگہ بھی میسر نہیں جبکہ ہمارے ان غمخواروں نے دس دس مرلے کی کوٹھیاں بنا کر سرکاری تحفظ اور مفت کی بجلی سے کوٹھی خانے، قمار بازے اور منشیات فروشی کے اڈے تک چلا دیے ہیں۔ بار پہ قابض ان ضمیر فروشوں نے انصاف کے نیلام گھر سجا کر اپنی عہدیداریوں کی قیمت لگاتے ہوئے حقیقی معنوں میں اربوں روپیہ جمع کرلیا۔ ،،ڈن ہیں،، کی نئی شرمناک اصطلاح متعارف ہوئی۔ پیشہ سے مخلص، ایماندار اور محنتی وکیلوں سے فائلیں واپس جانے لگیں اور تاریک عدل کے تاجروں سے مل کر انہوں نے انصاف کی وہ تجارت کی کہ نہ کوئی مظلوم بچا اور نا معصوم۔ قتل، قبضہ، منشیات فروشی، عصمت دری، ضرر کے مقدمات سے بریت کی ریٹ لسٹیں آویزاں ہیں۔ مخصوص وکلاء کے مخصوص ججز کے سامنے کیسز لگتے ہیں۔ انصاف کی منڈی میں بولیاں لگتی ہیں اور من چاہے فیصلے دیکھاجاتے ہیں

معاشرہ جو کبھی ہماری اعلی اخلاقی قدروں کی وجہ سے ہمیں سرآنکھوں پر بٹھایا کرتا تھا نے ہمیں بد اخلاق، بے لحاظ، ہتھ چھٹ اور بے ایمان گردانا شروع کردیا۔ لوگ ہمیں کرائے پر دفتر اور گھر دینے سے کتراتے ہیں۔ ہماری بڑھتی ہوئی ذاتی مقدمہ بازی کے خوف سے یونیفارم میں دکاندار لین دین سے ہچکچانے لگے ہیں۔ وکیل کے ساتھ ہونے والی صریح زیادتی پر بھی عدالتوں اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے شکوک وشبہات کا اظہار کرنا شروع کردیا۔ یہ ہے وہ انصاف اور وکیل جس سے آج کا معاشرہ روشناس ہے۔

اس انحطاط پذیر گلے سڑے، تعفن زدہ اور بے ثمر نظام عدل کو اگر کوئی ایک عنصر راہ راست پر لاسکتا ہے تو وہ بلا شک وشبہ وکلاء کی منتخب تنظیمیں ہیں۔ دہائیوں سے آزمودہ نسخہ ہے جس جگہ بھی ایماندار بے لوث اور بیدار مغز وکلاء قیادت کی موجود ہوئی وہاں کسی جیوڈیشل آفیسر یا اہلکار میں بدعنوانی، فرائض منصبی سے غفلت اور تساہل کا پایا جانا اور باقی رہ جانا ممکن نہ رہا۔ کوئی حکومت کوئی وزارت اور کوئی عدالت نہ وکلاء اور اس کی قیادت سے بہتر اس نظام انصاف کو سمجھتی ہے اور نہ ہی اس میں موجود خامیوں اور کوتاہیوں کے خاتمے کی عملی تجاویز پیش اور اقدامات اٹھا سکتی ہے۔ ضرورت ہے تو فقط اپنے ذاتی اور گروہی مفادات سے اوپر اٹھ کر قوم اور پیشہ کے بہترین مفاد میں بے لوث اور بے غرض عمل کی۔ کسی اعلی ترین عدالتی فورم کی بہترین نگرانی اور سزاؤں کا خوف وہ تاثیر نہیں رکھتا جو منصف مزاج اور خوف خدا کی حامل بار قیادت کی موجودگی رکھتی ہے۔ ہم اپنی قیادتوں کو منتخب کرنے سے پہلے جتنی احتیاط، ذمہ داری اور دانشمندی کا ثبوت دیں گے نظام عدل اتنا ہی بہتر بار اور عوام دوست اور بد عنوانی سے پاک ہوگا۔ اللہ کریم کا وعدہ ہے کہ ہم اس کی زمین پر عدل قائم کریں گے تو وہ رزق بے حساب زمین کی حکومت اور خزانوں سے نوازے گا۔

چائلڈ میرج

تحریر سدرہ ثاقب

یونیسیف اقوام متحدہ کے ایک سروے کے مطابق گزشتہ سال پاکستان میں ہونے والی شادیوں میں سے 40 فیصد لڑکیوں کی عمر 18 سال سے کم تھی جسمیں سے 30 فیصد اندرون سندھ اور 10 فیصد جنوبی پنجاب سے رپورٹ ہوئیں اور یہ وہ ریکارڈ ہے جو رجسٹر شادیوں کا ہے اسکے علاوہ جبرا شادیوں کی تعداد اسکے علاوہ ہے اور وہ تعداد بھی کچھ کم نہیں ہیچو تو عورتوں کے حقوق کے لیے بہت سی این جی اوز کام کررہی ہیں جو کہنے کو عورتوں کے حقوق کے لئے آواز اٹھاتی ہیں مگر ان کا کام زبانی جمع خرچ سے زیادہ نہیں اور ان کو بیرون ملک سے فنڈنگ تک کی جاتی ہے اور یہ صرف اس فنڈنگ کے لئے کاغذی کاروائی کرتے ہیں عملی طور پر کوئی بھی کام اس سلسلے میں نہیں ہورہا کم عمری میں شادی کا زیادہ رواج قبائلی معاشرے میں پایا جاتا ہے یا پھر اسے مذہبی رنگ دے کر ہضم کرلیا جاتا ہے خاندانی اور قبائلی نظام اتنا طاقتور ہے کہ اکثر اوقات ماں باپ کو بھی نہ چاہتے ہوئے اس کے سامنے سر جھکانا پڑتا ہے کبھی غربت بچی کی زندگی کھا جاتی تو کبھی مجبوری کبھی بچی کو جوئے میں ہار دیا جاتا ہے تو کبھی قتل کے تاوان کے طور پر بچی کو مخالفوں کے سپرد کردیا جاتا ہے ایک اور وجہ لڑکیوں کا سرکاری یا نادرا ریکارڈ میں ٹھیک سے اندراج نہ ہونا ہے بچی ابھی کم عمر ہوتی ہے اور نکاح کے وقت اس کی عمر زیادہ لکھوا کر قانون کو بھی چکمہ دے دیا جاتا ہے اور اس سب میں بڑے طاقتور وڈیروں اور زمینداروں کے ہاتھ شامل ہوتے ہیں گاؤں کا مولوی کچھ پیسوں کے عوض اس نکاح کو رجسٹر کروا دیتے ہیں اور یہ سب کچھ کھلے عام ہوتا کوئی چھپ چھپا کر نہیں جب قاضی اور قاتل ہی مل جائیں تو مقتول کو انصاف کون دلائے گا اور قتل اور جرم کو جرم کیسے کہا جائے گا ویسے بھی ہمارے معاشرے میں اتنی اخلاقی گراوٹ اور کرپشن ہوچکی کہ بسکٹ سے ایمان تک سب کچھ خریدا جاسکتا ہے کچھ بے ایمان ملا اور قاضی چندروپوں کے لا پنا ضمیر ایمان بیچنے کو تیار ہوجاتے ہیں لڑکی کی رضامندی کے بغیر نکاح شرعی اور معاشرتی دونوں لحاظ سے نہ صرف غلط ہے بلکہ جرم بھی ہے مگر یہ سب کھلے بندوں ڈھٹائی سے کیا جارہا ہے حکومت نے قانون سازی تو کررکھی کہ لڑکی کی اٹھارہ سال سے کم عمر میں شادی نہیں کی جاسکتی اور یہ قابل سزا جرم ہے جبکہ دوسری طرف سولہ سال کی شادی کو بھی جائز قرار دیا ہے جو اپنے آپ میں قوانین کے درمیان تضاد اور مذاق ہے بچیوں کی رضامندی سے شادی صرف 4.8 فیصد ہے اور اس میں بھی بے شرمی اور بے غیرتی کا عنصر شامل ہیا اور الزام پھر لڑکی پر ہی آتا ہے کہ وہ نافرمان اور بے ادب ہے تعلیم کے معاملے میں بھی لڑکی کو اکثر اوقات 15 سے 17 سال کی عمر تعلیم ختم کروا دی جاتی اور یا اسکی شادی کردی جاتی یا گھر سنبھالنے پر لگا دیا جاتا ہے سعدیہ اپنی کہانی بیان کرتے ہوئے بتاتی ہے کہ اس کی دادی نے پیدا ہوتے ہی اسکی شادی کزن کے ساتھ طے کردی جو اس وقت تیرہ سال کا تھا 14 سال کی عمر میں جب ابھی وہ میٹرک میں تھی تو اسے گھر کے کاموں میں ایسا الجھایا گیا کہ امتحانات کی تیاری نہ کرسکی اور فیل ہوگئی چنانچہ اس کی شادی اپنے سے تیرہ سال بڑے کزن جو تب ستائیس سال کا تھا سے کردی گئی شادی کے بعد شوہر نے بتایا کہ پڑھائی سے روکنے کے لئے اسے جان بوجھ کر گھریلو مسائل میں الجھایا گیا تا کہ فیل ہونے کو بنیاد بنا کر پڑھائی ختم کروائی جاسکے کیونکہ وہ اسے بہت خوبصورت لگتی تھی اور وہ جلدی شادی کروا سکتازچگی کے وقت زچہ یا بچہ کی موت کی سب سے بڑی وجہ کم عمری کی شادی ثابت ہوئی ہے کیونکہ لڑکی کا اپنا جسم کمزور اور کچا ہوتا ہے جسکی وجہ سے اس تکلیف کو برداشت نہ کرتی ہوئے جان دے دیتی ہے اگر بچ جائے اور غلطی سے لڑکی کو جنم دے دیا تو پھر اسکی زندگی طعنوں سے جہنم بنادی جاتی ہے پھر کبھی چولہا پھٹ جاتا ہے اور کبھی کرنٹ لگنے سے مر جاتی ہے حیرت کی بات یہ ہے کہ چولہا بھی بہو کے لئے پھٹتا ہے اور بجلی بھی کرنٹ اس معصوم کو ہی مارتی ہے ساس سسر شوہر نند کسی کے ساتھ بھی ایسا حادثہ نہیں ہوتا اور اگر ایسا کچھ نہ ہوتو اسے ایسے ایسے طعنے دیتے ہیں اور مظالم ڈھاتے ہیں کہ وہ تنگ آکر خودکشی پر مجبور ہوجاتی۔

SHOWBIZ
قوت

اداکارہ زرنش خان نے عمرہ ادائیگی کے بعد پرانی تصاویر ڈیلیٹ کردیں

مکہ معظمہ (شو بز ڈیسک، قوت) اداکارہ زرنش خان نے عمرے کی ادائیگی کے بعد سوشل میڈیا سے اپنی پرانی تصاویر ڈیلیٹ کردیں۔ سوشل میڈیا پر عمرے کے دوران لی گئی تصاویر شیئر کرتے ہوئے اداکارہ زرنش خان نے عمرے کی ادائیگی پر اللہ کا شکر ادا کرتے ہوئے کہا کہ صرف سنا تھا اب دیکھ کر محسوس بھی کرلیا۔ واقعی ایسا منظر دنیا میں ہے ہی نہیں۔ زرنش خان کا مزید کہنا تھا کہ خانہ کعبہ آکر اندازہ ہوتا ہے کہ ہم کتنے بھٹکے ہوئے ہیں۔ دنیا میں آنے کا کیا مقصد ہے کیا فرائض ہیں اسب بھول بیٹھے ہیں۔ بس دنیا کی ہی دوڑ میں ہیں سب۔ زرنش خان نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ سے اپنی پرانی تصاویر بھی ڈیلیٹ کردیں۔ زرنش کے فینز نے انہیں عمرے کی مبارک باد دیتے ہوئے استقامت کی دعائیں دیں۔ زرنش خان سن یارا، جو تو چاہے اور عشق زہے نصیب جیسے ہٹ ڈراموں میں کام کرچکی ہیں۔

معروف شاعر علی صدف کی کتاب ''برفیلی لکیریں'' کی تقریب پزیرائی

ظفروال (تحصیل رپورٹر، قوت) معروف شاعر علی صدف کی کتاب ''برفیلی لکیریں'' کی تقریب پزیرائی۔ صدارت واجد میر اور مہمان خصوصی علی صدف، صاحبزادہ عاصم حبیب صدر ادبی تنظیم اثاثہ، عامر شریف اور ارشاد نیازی تھے اس موقع پر دور و نزدیک سے آئے شعراء اکرام نے شرکت کی اور کلام سنا کر داد وصول کی۔ معروف شاعرہ رجب چودھری اس پروگرام کی میزبان تھیں انہوں نے مہمانان گرامی کا شکریہ ادا کیا اور علی صدف کی کتاب کے متعلق اظہار خیال کیا اور کہا کہ کتاب ''برفیلی لکیریں'' ادب کا شاہکار ہے یہی وجہ ہے کہ ہم نے ان کی کتاب کی تقریب پزیرائی کا فیصلہ کیا انہوں نے یہ کتاب پڑھنے کی طرف سامعین کو ترغیب دلائی۔ اس موقع پر صاحبزادہ عاصم حبیب نے مہمان خصوصی علی صدف کو بہترین کتاب پیش کرنے پر مبارکباد پیش کی اور رجب چودھری کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ادبی تنظیم اثاثہ ادب کی ترویج و اشاعت اور فروغ کیلئے تمام وسائل اور صلاحیتیں استعمال کر رہی ہیں انہوں نے اردو زبان کے نفاذ کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ زندہ قومیں اپنی زبان، تہذیب اور ثقافت کو زندہ رکھتی ہیں۔

لاہور کے تین روزہ فیض فیسٹیول میں ہزاروں افراد کی شرکت



لاہور (شوبز ڈیسک، قوت) ممتاز شاعر فیض احمد فیض کی یاد میں منعقدہ تین روزہ فیض فیسٹیول اپنی ادبی اور ثقافتی رعنائیوں کے ساتھ ختم ہوگیا۔ نجی نیوز کے مطابق لاہور کے الحمرا آرٹس کونسل میں منعقد ہونے والے اس ادبی اور ثقافتی فیسٹیول میں اندرون ملک سمیت بیرون ملک سے بھی اہم شخصیات شریک ہوئیں۔ میلے کا اہتمام فیض فاؤنڈیشن ٹرسٹ نے لاہور آرٹس کونسل کے تعاون سے کیا تھا اور فیض میلے کے دوران الحمرا کی عمارت کو فیض احمد فیض کی تصویروں اور ان کے کلام پر مبنی بینروں سے سجایا گیا تھا۔ تین روزہ فیسٹیول کے دوران مختلف سیشنز میں ادب، سیاست، آرٹ، کلچر، تھیٹر اور ڈرامہ سمیت فنون لطیفہ کے مختلف شعبوں کے دوسو سے زائد ماہرین نے اظہار خیال کیا۔ اس موقع پر الحمرا آرٹ گیلری میں ایک نمائش کا بھی اہتمام کیا گیا جبکہ اس موقع پر کتابوں کے اسٹالز بھی لگائے گئے تھے۔ شہریوں کو فیض کے نام خط لکھنے کے لیے ایک اسٹال سجایا گیا تھا جبکہ فیسٹیول میں رقص، کتھک ڈانس، ڈھول پرفارمنس اور قوالی کا بھی اہتمام کیا گیا تھا۔ فیسٹیول کے آخری روز کشور ناہید، افتخار عارف، اداکارہ سجل علی، سمیعہ ممتاز، ثانیہ سعید، منیزہ ہاشمی، بھارت سے آئے ہوئے نامور شاعر جاوید اختر، انور شعور اور خورشید رضوی سمیت دیگر شخصیات نے مختلف سیشن میں اظہار خیال کیا۔

شاہ رخ خان ایکٹنگ سے کب ریٹائرمنٹ لیں گے؟ بتادیا



ممبئی (شوبز ڈیسک، قوت) بالی ووڈ کے میگا اسٹار شاہ رخ خان نے اداکاری سے کبھی ریٹائر نہ ہونے کا اعلان کردیا۔ بالی ووڈ کے کنگ شاہ رخ خان نے ٹوئٹر پر اپنے فینز کے ساتھ 'آسک ایس آر کے' سیشن میں ایک سوال کے جواب میں کہا کہ وہ کبھی ایکٹنگ سے ریٹائرمنٹ نہیں لیں گے۔ اگر کسی نے مجھے اداکاری کے شعبے سے نکال بھی دیا تب بھی میں پہلے سے زیادہ 'نمایاں' انداز میں واپس آؤں گا۔ بالی ووڈ کے میگا اسٹار کا کہنا تھا کہ فلم 'پٹھان' کے سیکوئل 'پٹھان 2' کے بارے میں جو افواہیں چل رہی ہیں ان پر کان نہ دھریں۔ جب بھی اپنی نئی فلم لاؤں گا تو اپنے فینز کو خود اس کی اطلاع دوں گا۔ فلم 'پٹھان' نے لوگوں کو خوشی فراہم کی اور لوگوں کو خوش دیکھ کر مجھے خوشی ہوئی۔

قوم دل وجان سے زلزلہ متاثرین کیساتھ کھڑی ہے: چیئر پرسن صبیحہ منظور



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) بیوٹی پارلر ایسوسی ایشن کی چیئر پرسن صبیحہ منظور نے کہا ہے کہ جس طرح ہماری تنظیم نے سیلاب زدگان کی امداد و بحالی کیلئے اپنی مدد آپ کے تحت اشیاء خورد و نوش، ضروریہ اور نقد رقوم کا اہتمام کیا تھا اسی طرح ترکی اور شام کے زلزلہ متاثرین کی امداد و بحالی کیلئے مہم شروع کی جارہی ہے اور اس سلسلہ میں ایسوسی ایشن کا اجلاس طلب کرلیا گیا ہے جس میں باقاعدہ لائحہ عمل مرتب کرکے مہم شروع کردی جائیگی پاکستانی قوم دل وجان سے زلزلہ متاثرین کیساتھ کھڑی ہے اور انکی جلد از جلد بحالی کیلئے دعا گو ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے یہاں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا صبیحہ منظور نے کہا کہ دکھ اور تکلیف کے ان لمحات میں پوری امت مسلمہ کو یکجاں ہوجانا چاہیے کیونکہ کسی بھی ملک میں قدرتی آفت کے موقع پر ترکی نے ہمیشہ بارش کے پہلے قطرے کا کردار ادا کرتے ہوئے تعاون کا ہاتھ بڑھایا اور آج یہی وجہ ہے کہ پاکستان سمیت دنیا کے دیگر ممالک انکے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے ہیں اور مالی امداد کیساتھ ساتھ دعائیں بھی کررہے ہیں

'بگ باس 16' کے فاتح نے مقبولیت میں شاہ رخ اور کوہلی کو پیچھے چھوڑ دیا

ممبئی (شو بز ڈیسک، قوت) بھارت کے ریلیٹی شو بگ باس سیزن 16 کے فاتح الطاف نے مقبولیت میں شاہ رخ خان اور ویرات کوہلی کو پیچھے چھوڑ دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سوشل میڈیا پر راج کرنے والے بالی ووڈ کے کنگ شاہ رخ خان اور اسٹار کرکٹر ویرات کوہلی مقبولیت کی دوڑ میں 'بگ باس 16' کے فاتح الطاف جو ایم سی اسٹین کے نام سے مشہور ہیں پیچھے رہ گئے۔ ایم سی اسٹین کی بگ باس جیتنے کے بعد شیئر کی گئی انسٹاگرام پوسٹ کو 69 لاکھ 52 ہزار 351 لائیکس ملے جب کہ ایک لاکھ سینتالیس ہزار 545 افراد نے کمنٹس کیے۔ لائکس اور کمنٹس کی یہ تعداد اس سے قبل کبھی کسی بگ باس کے فاتح کی پوسٹ پر نہیں تھی۔ ایم سی اسٹین نے انسٹاگرام پر پہلا 'لائیو سیشن' کیا تو 10 منٹ میں اسے 5 لاکھ 41 ہزار افراد نے دیکھا۔ یہ لائیو سیشن دنیا کے 10 لائیو سیشنز میں شامل ہوا۔ شاہ رخ خان کے لائیو سیشن کو سب سے زیادہ ویوز 2 لاکھ 55 ہزار ملے تھے۔ ایم سی اسٹین کی پوسٹ کا موازنہ ویرات کوہلی کی پوسٹ سے بھی کیا گیا جس میں کوہلی پیچھے رہ گئے۔

فیروز خان کا شرمین عبید چنائے سے معافی مانگنے کا مطالبہ



لاہور (شو بز ڈیسک، قوت) پاکستانی اداکار فیروز خان نے اعلان کیا ہے کہ انہوں نے آسکر ایوارڈ یافتہ فلمساز شرمین عبید چنائے کو ہتک عزت کا قانونی نوٹس بھیجا ہے۔ اداکار نے شرمین عبید چنائے سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اُن کو بدنام کرنے اور بے بنیاد الزامات لگانے پر معافی مانگیں۔ فیروز خان نے دعویٰ کیا ہے کہ شرمین عبید نے اُن کا موقف سنے بغیر صرف بے بنیاد الزامات پر اُن کے خلاف نفرت کی مہم چلائی اور لکس اسٹائل ایوارڈ کو واپس کیا۔ اداکار نے ہفتے کے روز انسٹاگرام پر لیگل نوٹس کا ایک عکس شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ شرمین عبید چنائے خود کو ایک تحقیقی صحافی کہتی ہیں جبکہ ان کا عمل دعویٰ کی نفی کرتا ہے۔ فیروز خان کے مطابق شرمین عبید نے جھوٹے الزامات پر فوری ردعمل دیتے ہوئے میرے خلاف مہم چلائی اور انہوں نے ایک مرتبہ بھی میرا موقف سننے کیلئے مجھ سے رابطہ کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی۔

بھارتی اداکار بھی مایا علی کے مداح نکلے



پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ مایا علی نے مشہور نیٹ فلکس سیریز 'کلاس' میں اہم کردار ادا کرنے والے بھارتی اداکار گرفتح پیرزادہ کے کام کی تعریف کی تو وہ خوشی سے نہال ہوگئے۔ مایا علی کو گرفتح پیرزادہ کے کام نے اتنا متاثر کیا کہ اُنہوں نے بھارتی اداکار کو انسٹاگرام پر ایک خصوصی پیغام بھیجا۔ گرفتح پیرزادہ نے اپنی انسٹا اسٹوری پر مایا علی کی جانب سے موصول ہونے والے انسٹا میسج کا ایک اسکرین شاٹ شیئر کیا ہے۔ مایا علی کی جانب سے موصول ہونے والے پیغام میں لکھا ہے کہ مجھے امید ہے کہ آپ ٹھیک ہوں گے، میں نے ابھی آپ کی سیریز 'کلاس' دیکھی، آپ نے اپنا کردار بہت ہی اچھے انداز میں نبھایا اور پوری کلاس کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔

اداکارہ انعم فیاض نے اسلام کی خاطر شوبز انڈسٹری کو خیر باد کہہ دیا

لاہور (شو بز ڈیسک، قوت) پاکستانی اداکارہ انعم فیاض نے اسلام کیلئے شوبز انڈسٹری کو چھوڑنے کا اعلان کیا ہے۔ اداکارہ نے پاکستانی ڈراموں سے اپنے کیریئر کا آغاز کیا اور متعدد کامیاب پروجیکٹ بنائے، شادی اور ایک بچے کی ماں بننے کے بعد بھی وہ شوبز سے منسلک رہیں۔ انعم فیاض کچھ عرصے سے ٹی وی اسکرین سے غائب ہیں اور اب ان کی حجاب میں تصاویر سامنے آرہی ہیں۔ اداکارہ نے انسٹاگرام پر پوسٹ میں لکھا کہ یہ پیغام لکھنا بہت مشکل ہے کیوں آپ سب لوگ میرے کیریئر میں میرے ساتھ رہے ہیں۔ انہوں نے لکھا کہ اب میں شوبز انڈسٹری کو چھوڑ کر اسلامی زندگی گزارنے کا فیصلہ کیا ہے، اور آپ سب سے گزارش ہے کہ اپنی دعاؤں میں مجھے یاد رکھیں۔

رکی پونٹنگ سے تعریف سننا اعزاز کی بات ہے، بابر اعظم

لاہور (سپورٹس ڈیسک، قوت) قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم کا کہنا ہے کہ سابق آسٹریلوی کپتان رکی پونٹنگ سے اپنی تعریف سننا میرے لیے اعزاز کی بات ہے۔ بابر اعظم نے آئی سی سی ڈیجیٹل کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ رکی پونٹنگ نے میرے بارے میں جو کہا وہ میرے لیے ایک اچھا احساس ہے، ان سے اپنی تعریف سن کر میرے اعتماد میں مزید اضافہ ہوگا۔ اُنہوں نے کہا کہ جب لیجنڈری کھلاڑی تعریف کرتا ہے تو آپ مزید بہتر ہونے کی کوشش کرتے ہیں، آپ کا اعتماد بڑھتا ہے اور آپ کے ذہن میں رہتا ہے کہ کوئی بڑا کھلاڑی آپ کے بارے میں بات کر رہا ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ یہ سب کھلاڑی اس مقام سے گزرے ہوتے ہیں انہیں علم ہے کہ ابھی میرا مائنڈ سیٹ کیا ہے اور میں ان کی باتوں کو مثبت انداز میں لوں گا اور اپنی بہترین کارکردگی دِکھانے کی کوشش کروں گا۔ بابر اعظم کا کہنا ہے کہ میرا دھیان ہمیشہ اس چیز پر ہوتا ہے کہ میری ٹیم کے تمام کھلاڑی اپنی بہترین کارکردگی دِکھائیں۔ اُنہوں نے کہا کہ میری کپتانی کا انداز یہ ہے کہ اپنے فیصلوں کے ساتھ دیانتدار رہوں اور ایسی ٹیم کے ساتھ کھیلوں جو پاکستان کے لیے اچھی ہو۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ جب آپ میدان میں ہوں تو اپنے کھلاڑیوں کو اعتماد دیں آپ جتنا اعتماد دیں گے اتنے اچھے نتائج ملیں گے۔ بابر اعظم نے کہا کہ ہم سب متحد ہیں، میں امام الحق، شاداب خان اور محمد رضوان سے مشاورت کرتا ہوں، جب کوئی کھلاڑی گرے تو ہم سب اس کے اعتماد میں اضافہ کرتے ہیں۔ واضح رہے کہ سابق آسٹریلوی کپتان رکی پونٹنگ نے آئی سی سی ڈیجیٹل سے گفتگو کرتے ہوئے کپتان بابر اعظم کی تعریف کی تھی۔ اُنہوں نے کہا تھا کہ بابر اعظم اپنے کرکٹ کیریئر میں ابھی مزید کئی ریکارڈز توڑ سکتے ہیں، وہ بطور بیٹر اور کپتان مجھ سے کئی گنا آگے ہیں۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا تھا کہ بابر اعظم کو کھیلتا دیکھنا مجھے اچھا لگتا ہے لیکن اُنہیں مزید تھوڑی سی اور بہتری کی ضرورت ہے اور آنے والے دنوں میں بابر اعظم پاکستان کرکٹ ٹیم کے کامیاب ترین کپتان بن سکتے ہیں

سابق ٹیسٹ کرکٹر سرفراز نواز کا معافی کیلئے نجم سیٹھی کو خط

لاہور (سپورٹس ڈیسک، قوت) سابق ٹیسٹ کرکٹر سرفراز نواز پی سی بی کرکٹ کمیٹی کے سربراہ نجم سیٹھی سے غیر مشروط معافی مانگنے پر تیار ہوگئے ہیں۔ لندن میں مقیم 74 سالہ سابق فاسٹ بولر جو ان دنوں صاحب فراش ہیں نے نجم سیٹھی کے نام خط میں واضح کیا ہے کہ وہ عدالت میں معافی نامہ لکھ کر دینے کو آمادہ ہیں۔ اس سلسلے میں ان کے وکیل نعیم بخاری کرکٹ بورڈ آکر پی سی بی وکیل کے ساتھ مل کر معاملہ ختم کرنے کے لیے کسی بھی وقت آسکتے ہیں۔ سرفراز نواز نے ایک بار پھر اپنی پینشن جاری کرنے کی بھی درخواست کی تھی۔ 55 ٹیسٹ اور 45 ایک روزہ میچز میں ملک کی نمائندگی کرنے والے سرفراز نواز کی دائیں ٹانگ کا چند روز پہلے آپریشن ہوا جبکہ دوسری ٹانگ کا آپریشن ایک ماہ بعد ہوگا۔ پی سی بی نے عرصہ دراز سے سرفراز نواز کی پلیئرز ویلفیئر پالیسی کی پینشن روک رکھی ہے۔ ماضی میں سرفراز نواز نے نجم سیٹھی پر غداری اور میچ فکسرز کی سرپرستی جیسے سنگین الزامات لگائے تھے۔ حال ہی میں نجم سیٹھی نے پینشن کی بحالی کو سرفراز نواز کی عدالت میں معافی سے مشروط کیا تھا۔ چند ماہ قبل، سابق سربراہ کرکٹ بورڈ رمیز راجہ نے پینشن میں تینوں کیٹیگریز کے لیے ایک ایک لاکھ روپے کا اضافہ کیا تھا۔

عمران طاہر نے راشد خان سے سیکھی گگلی سکندر رضا کو بھی سکھادی

لاہور (سپورٹس ڈیسک، قوت) پی ایس ایل 8 میں غیر ملکی کھلاڑیوں کو بھی اپنا ہنر بہتر بنانے کا سنہری موقع مل رہا ہے۔ لاہور قلندرز اور کراچی کنگز کے درمیان نیشنل اسٹیڈیم کراچی پر گزشتہ شب میچ کے بعد جنوبی افریقا سے تعلق رکھنے والے عمران طاہر اور زمبابوے کی نمائندگی کرنے والے سکندر رضا کی ملاقات ہوئی۔ سکندر رضا کی درخواست پر عمران طاہر نے اسپنر کو گگلی بولنگ کے مفید مشورے دیے، عمران طاہر نے افغانی کرکٹر راشد خان سے سیکھی گگلی تکنیکی انداز میں سکندر رضا کو سکھائی۔ اس موقع پر سکندر رضا کا کہنا تھا کہ اگر فرنچائز کرکٹ نہ ہوتی تو مجھے اپنے اسکلز بہتر بنانے کے ایسے مواقع نہ ملتے، انٹرنیشنل کرکٹ میں آپ کو یہ سب کچھ نہیں ملتا لیکن فرنچائز کرکٹ میں دنیا کے ٹاپ اسٹارز سے بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملتا ہے۔

شکیب الحسن پشاور زلمی کو چھوڑ کر اچانک امریکا چلے گئے

لاہور (سپورٹس ڈیسک، قوت) بنگلہ دیشی آلراؤنڈر شکیب الحسن پشاور زلمی کو چھوڑ کر اچانک امریکا چلے گئے۔ شکیب الحسن پشاور زلمی کو چھوڑ کر اچانک امریکا چلے گئے، وہ فیملی میں ایک ایمرجنسی کی وجہ سے اسکواڈ کو چھوڑنے پر مجبور ہوئے جبکہ ان کی جگہ عظمت اللہ اورکزئی پشاور زلمی کا حصہ بن گئے ہیں۔ بنگلہ دیش سے تعلق رکھنے والے آل راؤنڈر کی پشاور زلمی کے کوالیفائی کرنے کی صورت میں پلے آف میں واپسی متوقع ہے، ان کا کہنا ہے کہ میں عارضی طور پر پی ایس ایل کو چھوڑ کر جارہا ہوں، میں بہت ہی ضروری فیملی معاملہ ہے، پاکستان میں میرے بہت چاہنے والے اور ان کے سامنے کھیلنا بہت ہی اچھا لگتا ہے، مایوس ہونے کی ضرورت نہیں ہے، میں دوسرے ہاف میں واپس لوٹ کر پشاور زلمی کو پھر سے چیمپئن بنوانے کی مہم کا حصہ بنوں گا۔

اینجلز سکول سسٹم ڈسکہ کا اعزاز انٹرنیشنل کینگیر ولنگوئسٹک مقابلہ میں پاکستان بھر میں پہلی اور دوسری پوزیشن حاصل کرلی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) اینجلز سکول سسٹم ڈسکہ کا اعزاز انٹرنیشنل کینگیر ولنگوئسٹک مقابلہ میں پاکستان بھر میں پہلی اور دوسری پوزیشن حاصل کرلی اینجلز سکول سسٹم ڈسکہ کلاس چہارم کی ہونہار طالبات زوہا عروج، فاطمہ رضوان اور آٹھویں کلاس کے ہونہار طالبعلم عبدالمعیز نے انٹرنیشنل کینگیر ولنگوئسٹک مقابلہ میں پاکستان بھر میں پہلی اور دوسری پوزیشن حاصل کرلی انٹرنیشنل کینگیر و لنگوئسٹک مقابلہ میں پاکستان بھر میں پہلی اور دوسری پوزیشن حاصل کرنے پر علاقہ کی سیاسی، سماجی، فلاحی، صحافتی، تاجر برادری نے چیئرمین اینجلز سکول سسٹم ڈسکہ سلیم یونس چیمہ اور ان کے سٹاف کو مبارکباد دی اس موقع پر پوزیشن حاصل کرنیوالے طالبعلم اور طالبات زوہا عروج، فاطمہ رضوا اور عبدالمعیز نے بتایا کہ ہماری کامیابی والدین کی دعاؤں اور اساتذہ کی محنت کا صلہ ہے۔

حافظ آباد کے نجی کالج میں کھیلوں اور مثبت سرگرمیوں کے فروغ کے لیے سپورٹس گالا شروع

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے نجی کالج میں کھیلوں اور مثبت سرگرمیوں کے فروغ کے لیے سپورٹس گالا شروع ہوگیا۔ ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عمر فاروق وڑائچ نے سپورٹس گالا کا افتتاح کیا۔ ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر نبیلہ چیمہ، پرنسپل کیمپس کالج محمد کاشف جلال بیگ بھی اس موقع پر موجود تھے۔ افتتاحی روز کالج کے طلباء اور کھلاڑیوں نے مارچ پاسٹ کیا۔ ڈپٹی کمشنر عمر فاروق کا کہنا تھا کہ تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ بچوں کی ذہنی وجسمانی نشوونما کے لیے کھیلوں اور دیگر مثبت سرگرمیوں کا انعقاد بہت ضروری ہے۔ اس طرح کے مقابلوں سے طلباء و طالبات میں حوصلہ، خود اعتمادی اور مقابلہ بازی کا رجحان پیدا ہوتا ہے۔ کالج انتظامیہ کی جانب سے سپورٹس گالا کا انعقاد کھیلوں کے فروغ کے حوالہ سے خوش آئند ہے۔ پرنسپل کاشف جلال بیگ نے بتایا کہ سپورٹس گالا میں طلباء و طالبات کے لیے فٹ بال، کرکٹ، بیڈمنٹن، ایتھلیٹکس سمیت دیگر کھیلوں کے الگ الگ مقابلوں کا اہتمام کیا گیا ہے۔ اس موقع پر پرنسپل نے کالج کی جانب سے ڈپٹی کمشنر اور ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر کو آنری شیلڈز بھی پیش کی۔

کوہلی نے ٹنڈولکر کا ریکارڈ توڑ دیا

549 اننگز میں 25 ہزار انٹرنیشنل رنز

نئی دہلی (سپورٹس ڈیسک، قوت) ویراٹ کوہلی نے سابق کپتان سچن ٹنڈولکر کا ورلڈ ریکارڈ توڑ دیا۔ ویراٹ کوہلی نے آسٹریلیا سے دہلی ٹیسٹ میں سچن ٹنڈولکر کا ورلڈ ریکارڈ توڑ کر نئی تاریخ رقم کردی، کوہلی نے انٹرنیشنل کرکٹ میں 25 ہزار رنز مکمل کرلیے، انھوں نے یہ کارنامہ 549 اننگز میں انجام دیا۔ سچن ٹنڈولکر نے یہ کارنامہ 577 اننگز میں انجام دیا تھا، رکی پونٹنگ نے 588 اننگز میں کیریئر کے 25 ہزار انٹرنیشنل رنز مکمل کیے تھے، جیک کیلس نے 594، کمار سنگاکارا نے 608 اور مہیلا جے وردنے نے 701 اننگز میں یہ سنگ میل عبور کیا۔ کوہلی کو دہلی میچ میں یہ سنگ میل عبور کرنے کے لیے 52 رنز درکار تھے، انھوں نے پہلی باری میں 44 اور دوسری میں 20 رنز اسکور کیے۔

بابا گورونانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب کے زیر اہتمام پہلے سالانہ سپورٹس فیسٹول کا انعقاد

BABA GURU NANAK UNIVERSITY NANKANA SAHIB

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) بابا گورونانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب کے زیر اہتمام پہلے سالانہ سپورٹس فیسٹول کا انعقاد کیا گیا ڈی جی سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی اور وائس چانسلر بابا گورونانک یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد افضل نے سپورٹس فیسٹول کا افتتاح کیا اس موقع پر ڈویژنل انچارج سول ڈیفنس مبشر ربانی, ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار, ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر اظہر محمود اعوان, یونیورسٹی کے رجسٹرار مبشر طارق سمیت دیگر فیکلیٹی ممبران بھی موجود تھے, ایک ہفتے تک جاری رہنے والے سپورٹس فیسٹول کے دوران یونیورسٹی کے مختلف شعبوں کے طلباء اور طالبات کے مابین کرکٹ, فٹ بال, والی بال, رسہ کشی اور میراتھن سمیت دیگر قومی اور علاقائی کھیلوں کے مقابلے ہوں گے, پہلے روز رسہ کشی اور دیگر کھیلوں کے مقابلے کروائے گئے, اس موقع پر طلباء اور طالبات نے کھیلوں کی اہمیت اور علاقائی ثقافت کو اجاگر کرنے کے لیے خوبصورت پرفارمنس کا بھی مظاہرہ کیا جنہیں حاضرین نے خوب سراہا, افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ طلباء و طالبات کی ذہنی اور جسمانی نشوونماء کے لیے کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد بہت ضروری ہے بابا گورونانک یونیورسٹی نے جس شاندار طریقے سے نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں کی شروعات کی ہیں امید ہے کہ یہاں سے فارغ التحصیل ہونے والے طلباء اور طالبات تمام شعبہ زندگی کی تعمیر و ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ: ویسٹ انڈیز نے پاکستان کو 3 رنز سے شکست دیدی

لاہور (سپورٹس ڈیسک، قوت) آئی سی سی ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے میچ میں ویسٹ انڈیز نے پاکستان کو 3 رنز سے شکست دیدی۔ جنوبی افریقا کے شہر پارل میں کھیلے گئے میچ میں ویسٹ انڈیز ویمن ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا اور مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 116 رنز بنائے۔ پاکستان کی جانب سے ندا ڈار نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا جبکہ فاطمہ ثنا، سعدیہ اقبال، طوبیٰ حسن اور نشرہ سندھو نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ ویسٹ انڈیز کی رشادا ولیمز 30 اور ہیلی میتھیوز 20 اور شیمین کیمبل نے 22 رنز بنائے۔ ہدف کے تعاقب میں پاکستانی بیٹنگ لائن شروع ہی میں لڑکھڑا گئی، اوپننگ جوڑی منیبہ علی اور سدرہ امین بالترتیب 5 اور 8 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئیں، جس کے بعد کپتان بسمہ نے 26 اور ندا ڈار نے 27 رنز بنا کر جیت کی امید برقرار رکھی۔ آخر میں عالیہ ریاض نے جارحانہ انداز اپنایا لیکن ٹیم کو فتح نہ دلا سکیں اور وہ 29 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئیں۔ پاکستان ٹیم مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 113 رنز بنا سکی اور اسے تین رنز سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ اس شکست کے بعد ورلڈ کپ میں پاکستان کے تین میچز میں دو پوائنٹس ہیں۔ پاکستان اپنا اگلا میچ منگل کو انگلینڈ کے خلاف کھیلے گا۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز



معیشت نامہ

پنجاب چیمبرز آف کامرس کوآرڈینیشن کمیٹی کی تین روز قبل منظوری دی جاچکی، ایس ایم تنویر

ہر ہفتے وزیراعلیٰ آفس میں ایک گول میز کانفرنس کا انعقاد کیا جائے گا، چیمبرز حکومت کے ساتھ مل بیٹھ کر مسائل حل کرینگے، صوبائی وزیر

Lahore Chamber of Commerce & Industry

لاہور(خبر نگار) صوبائی وزیر برائے صنعت، تجارت، سرمایہ کاری اور سکل ڈویلپمنٹ ایس ایم تنویر نے کہا ہے کہ پنجاب چیمبرز آف کامرس کوآرڈینیشن کمیٹی (پی سی سی سی) کی تین روز قبل منظوری دی جاچکی ہے جس کے تحت ہر ہفتے وزیراعلیٰ آفس میں ایک گول میز کانفرنس کا انعقاد کیا جائے گا، چیمبرز حکومت کے ساتھ مل بیٹھ کر مسائل حل کریں گے۔ وہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں خطاب کررہے تھے۔ لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا جبکہ صوبائی وزیر بلدیات وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ابراہیم مراد، لاہور چیمبر کے سینئر نائب صدر ظفر محمود چوہدری، چیئرمین پی بی آئی ٹی جلال حسن خان نے بھی خطاب کیا جبکہ ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین اجلاس میں موجود تھے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ اس کے علاوہ انڈسٹریل پولیس لائزن کمیٹی کی سمری بھجوادی گئی ہے۔ امید ہے کہ اس کی جلد منظوری مل جائے گی جس سے انڈسٹریل اسٹیٹس میں مسائل کا خاتمہ ممکن ہوجائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کے قرض کی منظوری کے بعد کئی دوست ممالک سے ادائیگیاں بھی موصول ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ جن انڈسٹریل اسٹیٹس میں پلاٹ فروخت ہوچکے ہیں مگر ان پر انڈسٹری شروع نہیں ہوئی ان پر بھی لاہور چیمبر کے تعاون سے کام کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ صنعت کاری کے فقدان کی ایک وجہ کاروبار کرنے کی لاگت میں اضافہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ واسا چارجز، ایس ایم ای قرضوں اور اس طرح کے دیگر مسائل متعلقہ حکام کے ساتھ اٹھائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور چیمبر میں انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ کا ڈیسک قائم کیا جائے جس کے ٹی او آرز جلد از جلد طے کیے جائیں تاکہ انڈسٹریز اور متعلقہ محکموں کے مسائل لاہور چیمبر کے ذریعے حل کیے جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ لاہور چیمبر تمام چیمبرز کو ٹریننگ دے۔ صوبائی وزیر برائے لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ابراہیم مراد نے کہا کہ لوکل گورنمنٹ حکومت کا بنیادی حصہ ہے۔ مقامی حکومت تجاوزات، عمارت کی منظوری، کمرشلائزیشن، ٹی ایم ای اور پارکنگ جیسے معاملات کو دیکھتی ہے۔ ان محکموں میں جو بھی مسائل پیش آئیں ان کے حل کے لیے لوکل گورنمنٹ کے دفاتر ہمہ وقت موجود رہیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب بھر میں مویشیوں کی خرید وفروخت کے لیے 130 منڈیوں کو مقامی حکومت نے آؤٹ سورس کیا ہے۔ یہ مارکیٹیں 500 ملین روپے کے اخراجات کے مقابلے میں 7.3 بلین روپے کی سالانہ ریونیو پیدا کرتی ہیں۔ اس میں سرمایہ کاری کی صلاحیت ہے، جو بھی دلچسپی رکھتا ہے وہ فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

سیکرٹری زراعت کی ہدایت پر کھادوں کی ذخیرہ اندوزی کرنیوالوں کیخلاف کارروائیاں جاری

2 دنوں میں مکروہ دھندے میں ملوث افراد کو مجموعی طور 15 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد کئے گئے

فیصل آباد (کامرس ڈیسک' قوت) سیکرٹری زراعت پنجاب واصف خورشید کی ہدایات پر صوبہ بھر میں کھادوں کی ذخیرہ اندوزی، بلیک مارکیٹنگ اور زائد قیمت میں فروخت کرنے والے ڈیلرز کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ محکمہ زراعت کاشتکاروں کو کھادوں کی مقررہ نرخوں پر فراہمی یقینی بنانے کیلئے زیروٹالرینس پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ اس ضمن میں پتوکی، ساہیوال، اوکاڑہ، حبیب آباد، چیچہ وطنی، پاکپتن، چنیوٹ، فیصل آباد میں مہنگے داموں کھادوں کی فروخت، بلیک مارکیٹنگ اور زائد قیمت پر پرائس کنٹرول ایکٹ 1977 کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لائی گئی ہیں اور گزشتہ دو دنوں کے دوران اس مکروہ دھندے میں ملوث افراد کو مجموعی طور 15 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد کئے ہیں اور ان کے خلاف ایف آئی آرز کا اندراج عمل میں لایا گیا ہے۔ محکمہ زراعت کے افسران وعملہ کسی بھی دباؤ کو خاطر میں لائے بغیر اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہا ہے اور تمام بڑی وچھوٹی مارکیٹوں اور کھاد کے ڈیلرز کی چیکنگ جاری رکھے ہوئے ہے۔ تمام افسران اپنے علاقوں میں کھاد کی ٹریک اینڈ ٹریس ایبلٹی پر کڑی نگاہ رکھے ہوئے ہیں اور کسی بھی غیر قانونی کام کرنے والے کے خلاف فوری ایف آئی آر کا اندراج عمل میں لایا جارہا ہے

ماہ رمضان میں اشیا خوردونوش کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائیگی، احسان بھٹہ

سپلائی چین کی بہتری اور قیمتوں کو متوازن رکھنے کیلئے کنٹیجینسی پلان پر کام ہورہا ہے، سیکرٹری صنعت



لاہور(خبر نگار) ماہ رمضان میں اشیائے خوردونوش کی فراہمی کو بلاتعطل یقینی بنانے اور قیمتیں متوازن رکھنے کے لئے پنجاب کے انڈسٹریز، کامرس، انویسٹمنٹ اینڈ سکلز ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ نے صوبے کے تمام کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو کنٹی جینسی پلان بنانے کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ سیکرٹری صنعت وتجارت احسان بھٹہ نے کہا ہے کہ ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے تمام ڈپٹی کمشنرز کو سٹاک ٹیکنگ اور سپلائی چین کا جائزہ لینے کی بھی ہدایت کردی گئی ہے تاکہ ماہ رمضان کے مقدس مہینے میں ضروری اشیا کی قیمتیں متوازن رہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کی تمام ضلعی انتظامیہ سے ماہ رمضان میں سستے رمضان بازار لگانے کی تجاویز بھی طلب کی گئیں جس کے نتیجے میں پنجاب بھر کے ڈپٹی کمشنرز کی جانب سے 311 رمضان بازار لگانے کی تجاویز پیش کی گئیں۔ احسان بھٹہ کا مزید کہنا تھا کہ محکمہ زراعت، خوراک اور لائیوسٹاک کو بھی ہدایات دی گئی ہیں کہ وہ آٹا، چینی، پھل، چکن اور انڈوں کی رمضان المبارک میں سستے داموں دستیابی کے لئے تجاویز پیش کریں جس کی منظوری وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے بنائی گئی کمیٹی دے گی۔

CRIME
& COURT
جرم و سزا

تھانہ سٹی پتوکی کی حدود میں چوریوں کا سلسلہ نہ تھم سکا

شہری قیمتی اشیاء سمیت نقدی سے محروم ہونے لگے، پولیس خاموش تماشائی

پتوکی (نمائندہ خصوصی) تھانہ سٹی پتوکی حدود محلہ ملک پورہ، احمد نگر، عباس پارک، بستی دراب خاں، مدینہ کالونی سمیت شہر کے دیگر گنجان آباد علاقوں میں چوریوں کا سلسلہ تھم نہ سکا شہری قیمتی اشیاء سمیت نقدی سے محروم ہونے لگے پولیس تھانہ سٹی خاموش تماشائی کا کردار ادا کرنے لگی۔ تفصیل کے مطابق تھانہ سٹی پولیس پتوکی غفلت اور عدم توجہ کے باعث شہر کے گنجان آباد علاقوں محلہ ملک پورہ، احمد نگر، عباس پارک، بستی دراب خاں، مدینہ کالونی سمیت دیگر میں چوریوں کا سلسلہ تھم نہ سکا شہری قیمتی اشیاء سمیت نقدی سے محروم ہونے لگے جس پر ذرائع کا بتانا ہے کہ گزشتہ دنوں اللہ رکھا نامی شہری اپنی بیوی ک گردے کا آپریشن کروانے کی غرض سے لاہور گیا تو واپس آیا چور گھر کا صفایا کرچکے تھے دوسری جانب عباس پارک میں میونسپل کمیٹی کے مالی کی سائیکل چوری ہوگئی جبکہ محلہ احمد نگر میں شہری کا رکشہ اور دیگر اشیا، چوروں کی جانب سے واپڈا کے برقی آلات تک بھی چوری ہورہے ہیں جن میں تاریں، میٹر سمیت دیگر اشیاء، شہریوں کے واٹر پمپس وغیرہ شامل ہیں ذرائع کا یہ بھی کہنا ہے کہ ان تمام چوریوں میں جہاں علاقہ میں رہائش پذیر سابقہ ریکارڈ یافتہ ملزمان ملوث ہیں وہیں علاقہ میں چوریوں کے اس سلسلہ میں منشیات استعمال کرنے والوں سمیت جوا کھیلنے والے بھی ملوث ہیں۔

علاقہ کی عوام کا تحفظ ہمارا فرض ہے: فیصل رزاق کاہلوں

تھانہ میں آنیوالے ہر شخص کو مکمل طور پر عزت واحترام فراہم ہوگا، ایس ایچ او

جھنگ (اصغر بھٹی سے اقوت) تھانہ سٹیلائٹ ٹاؤن جھنگ کے ایس ایچ او فیصل رزاق کاہلوں نے کہا کہ علاقہ کی عوام کا تحفظ ہمارا فرض ہے اس سلسلہ میں کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا تھانہ میں آنیوالے ہر شخص کو مکمل طور پر عزت واحترام فراہم ہوگا کسی شخص سے نفرت نہیں ہے نفرت ہے تو صرف اس کے جرم سے ہے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ڈی پی او ملک طارق محبوب کے احکامات کی روشنی میں قانون کی بالا دستی قائم رکھنے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے تھانہ کے دروازے سائلین کے لیے ہر وقت کھلے ہیں ہر شخص بغیر کسی سفارش کے بلا جھجک تھانہ میں اپنی رپورٹ درج کرواسکتا ہے مکمل طور پر سائل کی دادرسی ہوگی اس کے لیے کسی ٹاؤٹ یا سفارش کا سہارا نہ لیا جائے۔

ڈی پی او سیالکوٹ ذیشان رضا کی اسپائر گروپ آف کالجز کے پرنسپل صاحبان سے ملاقات، مفاہمتی یادداشت پیش کی

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید، قوت) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب کی ہدایات پر ڈی پی او سیالکوٹ ذیشان رضا کی اسپائر گروپ آف کالجز کے پرنسپل صاحبان سے ملاقات۔ پنجاب پولیس اور اسپائر گروپ کے مابین مفاہمتی یادداشت کے تحت اسپائر گروپ کے تمام کالجز اور سکولز میں پولیس ملازمین کے بچوں کو فیس میں 50 فیصد اور شہداء پولیس کے بچوں کو 100 فیصد رعایت فراہم کی جائے گی. معیاری تعلیم پولیس ملازمین کے بچوں کا بنیادی حق ہے اس سلسلہ میں تمام اقدامات بروئے کار لائے جائیں گے. اس موقع پر نجی کالج کے پرنسپلز کا کہنا تھا کہ محکمہ پولیس ہمارے جان و مال کے تحفظ کے لئے ہمہ وقت سرگرم عمل اور دوران ڈیوٹی فرائض منصبی کی انجام دہی شہداء کی تعداد بھی کسی سے ڈھکی چھپی نہیں. ہم بطور کوالٹی ایجوکیشن کی فراہمی ایجوکیٹرز انشاء اللہ پولیس ملازمین کے بچوں کیلئے فیسوں میں 50 فیصد اور شہداء کے بچوں کو مفت تعلیم کی فراہمی کے لئے عملی اقدامات کر رہے ہیں اور بخوشی اپنے قانون نافذ کرنے والے اہم ادارے کیلئے اپنی خدمات انجام دیں گے۔

محنت مزدوری کر کے گھر جانے والے شخص کو ڈاکوؤں نے لوٹ لیا

ظفروال (تحصیل رپورٹر) محنت مزدوری کر کے گھر جانے والے شخص کو ڈاکوؤں نے لوٹ لیا بتایا جاتا ہے گزشتہ شب نواحی گاؤں پڑتھال کا رہائشی شوکت ظفروال سے رات آٹھ بجے کے قریب ظفروال سے محنت مزدوری کے بعد اپنے گھر موضع پڑتھال باسواری موٹر سائیکل واپس جارہا تھا کہ یونہی وہ موضع چھنی باگڑیاں سے پڑتھال سڑک پر پہنچا تو تین کس نامعلوم افراد نے گن پوائنٹ پر اس سے نقدی۔ موبائل فون اور موٹر سائیکل چھین لی اور فرار ہوگئے متاثرہ شخص نے گاؤں پہنچ کر اپنے دوستوں کے ہمراہ ملزمان کا پیچھا کیا تو موضع اکیال کے قریب سے اس کی موٹر سائیکل مل گئی جو ملزمان وہاں پھینک گئے تھے۔

سیالکوٹ میں پٹرولیم مصنوعات سرکاری ریٹس سے اوپر فروخت ہونے لگیں

سیالکوٹ (قوت بیورو) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کے باوجود سیالکوٹ میں پیٹرول ڈیزل سرکاری ریٹس سے اوپر فروخت، روزنامہ قوت کی خبر پر ایکشن لیتے اے سی سیالکوٹ کا کریک ڈاؤن۔ اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ غلام سرور نے پیمانہ پورا نہ ہونے پر 3 پٹرول پمپ مالکان پر 90 ہزار روپے جرمانہ عائد کردیا ہے۔ شہر کے مضافات میں پیٹرول پمپ ومنی پیٹرول پمپس پر من مانے ریٹس کی خبروں پر ڈپٹی کمشنر عدنان محمود اعوان نے ایکشن لیتے ہوئے اے سی سیالکوٹ کو ھدایات جاری کیں جنہوں نے مختلف علاقوں میں اچانک پٹرول پمپس کی چیکنگ کی، انکے سٹاک کا معائنہ کیا اور پیمانے چیک کئے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے پیمانہ پورا نہ ہونے پر عظیم فلنگ اسٹیشن، عتیق فلنگ اسٹیشن اور رفیق فلنگ اسٹیشن مالکان پر جرمانہ عائد کردیا۔

ڈی پی او سیالکوٹ سید ذیشان رضا کی افسران سے میٹنگ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید، قوت) ڈی پی او سیالکوٹ سید ذیشان رضا کی گزشتہ رات پولیس لائنز میں ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ او صاحبان سے میٹنگ، انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب کی پالیسی اور ترجیحات سے متعلق بریف کیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ سید ذیشان رضا نے آئی. جی. پنجاب کے ساتھ ویڈیو لنک پر ملنے والی ھدایات کا حوالہ دیتے ہوئے سیالکوٹ پولیس آفیسران کو ہدایات کیں کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گھیرا تنگ کرکے شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ دوران گشت مکمل حفاظتی اقدامات بروئے کار لائے جائیں اور جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں تیز کرتے ہوئے معاشرے کو قانون شکن عناصر سے پاک کیا جائے۔ سیالکوٹ پولیس قانون کے نفاذ کیلئے زیروٹالرنس پالیسی اپناتے ہوئے پیشہ وارانہ امور سرانجام دے۔ کسی قسم کے سیاسی اثرورسوخ کو بالائے تاک رکھتے ہوئے میرٹ پر تفتیشی عمل کو یقینی بنایا جائے۔

دربار مالن شاہ پر نامعلوم افراد نے حملہ آور ہو کر باپ بیٹے کو قتل کر دیا

ملزمان نے فاروق اور اسکے 8 سالہ بیٹے کو تیز دار آلے سے قتل کردیا، تفتیش شروع

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) دربار مالن شاہ پر نامعلوم افراد نے حملہ آور ہو کر باپ بیٹے کو قتل کردیا تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی کے علاقہ دربار مالن شاہ پر گزشتہ رات سوئے ہوئے فاروق احمد اوران کے آٹھ سالہ بیٹے محمد اویس کو نامعلوم افراد نے تیز دار آلے سے حملہ آور ہو کر قتل کر دیا وقوعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی لاش کو قبضہ میں لیکر پوسٹ مارٹم کے لئے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال چنیوٹ منتقل کر دیا گیا پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر کے کارروائی شروع کر دی۔

شہدائے پولیس کے بچوں کو فیملی کلیم پر چنیوٹ پولیس میں بطور جونیئر کلرک بھرتی کرلیا گیا



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس کے وژن کے مطابق شہداء، دوران سروس وفات پانے والے پولیس افسران و جوانوں کی فیملیز کی ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ شہدائے پولیس کے بچوں کو فیملی کلیم پر چنیوٹ پولیس میں بطور جونیئر کلرک بھرتی کرلیا گیا۔ اس سلسلہ میں ڈی پی او دفتر میں تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چنیوٹ وسیم ریاض خان نے فیملی کلیم پر بطور جونیئر کلرک بھرتی ہونے والے حسنین عباس، سائرہ غفار شاہ کو تقرری آرڈر دیے، محکمہ پولیس میں شامل ہونے پر مبارکباد دی۔ فیملی کلیم پر بھرتی ہونے والے اہلکاروں کی فیملیز نے ڈی پی او وسیم ریاض خان کا شکریہ ادا کیا۔ حسنین عباس کے والد غلام حسین حوالدار 1992ء میں جھنگ فرائض کی ادائیگی کے دوران شہید ہوئے تھے۔ سائرہ غفار شاہ کے والد عبدالغفار شاہ 1991 میں جھنگ میں فرائض کی انجام دہی کے دوران شہید ہوئے تھے۔ ڈی پی او وسیم ریاض خان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہداء، دوران سروس وفات پانے والے اہلکاروں کی فیملیز کی ویلفیئر کیلئے تمام ممکن اقدامات کیے جارہے ہیں۔

2 ڈکیت گینگز کے 05 ارکان پولیس کے شکنجے میں

ملزمان کے قبضہ سے نقدی، 7 عدد موٹرسائیکلیں اور ناجائز اسلحہ برآمد

ZUBAIR
SHO
DSP

گوجرانوالہ (علی رضا وڑائچ، قوت) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں ڈکیتوں، چوروں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف سخت کارروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش نظر ڈی ایس پی سرکل کوتوالی حافظ امتیاز کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ باغبانپورہ سب انسپکٹر زبیر احمد نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ڈکیتی اور چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث دو ڈکیت گینگز کے پانچ ارکان کو گرفتار کرکے دوران تفتیش ان کے قبضہ سے تین لاکھ تینتیس ہزار روپے نقدی، سات عدد موٹر سائیکلیں اور ناجائز اسلحہ برآمد کرلیا۔ گرفتار کیے گئے ملزمان میں اویس، شاہزیب، مرتضیٰ ودیگران شامل ہیں۔ ابتدائی تفتیش میں گینگز کے ملزمان نے انکشاف کیا کہ انہوں نے تھانہ باغبانپورہ اور اسکے مضافات میں ڈکیتی اور راہزنی کی متعدد وارداتیں کی ہیں۔ ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی جاری ہے۔ ڈکیتوں اور چوروں کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرنے پر لوگوں کا مقامی پولیس کو زبردست خراج تحسین۔ اس موقع پر سی پی او کا کہنا ہے کہ سماج دشمن عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹتے ہوئے شہریوں کو امن کی فضا فراہم کریں گے۔

فیروزپور روڈ بلاک کرنے والے 50 افراد کے خلاف مقدمہ درج

مصطفیٰ آباد/للیانی (نامہ نگار) فیروزپور روڈ بلاک کرنے والے 50 افراد کے خلاف مقدمہ درج، مظاہرین مقتول احسان علی کا پوسٹمارٹم کرنے پر احتجاج کر رہے تھے، سب انسپکٹر شبیر حسین کی مدعیت میں مقدمہ درج، تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ مصطفیٰ آباد نے فیروزپور روڈ بلاک کرنے والے 50/45 افراد کے خلاف 290/291/341 کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کرلیا، ملزمان نے ٹائر جلا کر فیروزپور روڈ کو بلاک کر رکھا تھا جس کی وجہ سے فیروزپور روڈ کی دونوں اطراف لمبی لمبی قطاریں لگی ہوئی تھی، ایمبولینس بھی رش میں پھنسی ہوئی تھی، عوام کو پریشانی کا سامنا تھا، ملزمان کا مطالبہ تھا کہ پولیس نے مقتول احسان علی کا پوسٹمارٹم کیوں کروایا تھا، یاد رہے چند روز قبل نامعلوم ملزمان نے مقتول احسان کو گھر سے بلا کر قتل کردیا تھا موقع سے فرار ہو گئے تھے، اس وقت بھی مقتول کے ورثہ نے احسان علی کی لاش مین فیروزپور روڈ پر رکھ کر احتجاج کیا تھا۔

علاقہ تھانہ اگوکی میں قانون شکن عناصر کیخلاف زیروٹالرنس پالیسی اپنائی جائیگی. ایس. ایچ. او اگوکی جہانزیب خان

JAHANZEB
SHO

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید، قوت) علاقہ تھانہ اگوکی میں قانون شکن عناصر کیخلاف زیروٹالرنس پالیسی اپنائی جائیگی. ایس. ایچ. او اگوکی جہانزیب خان۔ فرض شناس ایس. ایچ. او تھانہ اگوکی جہانزیب خان نے چارج سنبھالتے ہی تھانہ کی مکمل نفری بشمول تفتیشی ودیگر ماتحت اہلکاروں کے ہمراہ میٹنگ کے دوران کہا کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ سید ذیشان رضا کی ھدایات پر عمل پیرا ہوتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر ہوں یا قانون شکنی میں ملوث افراد ومنشیات فروش انکے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائیگی۔

پولیس مفروروں کو گرفتار کرنے میں ناکام

جھنگ (بیورو رپورٹ) پولیس سنگین وارداتوں میں مطلوب مفرور ملزمان کی گرفتاریاں کرنے میں ناکام ہوچکی ہے مفرور ملزمان کی مختلف تھانہ جات کے علاقوں میں آمد کا انکشاف ہوا ہے ذرائع کے مطابق ضلع بھر کے مختلف تھانہ جات میں قتل، اقدام قتل، چوری، راہزنی، ڈکیتی ودیگر مختلف مقدمات میں مطلوب مفرور ملزمان کی بارہ سو کے قریب ایف آئی آرز ہیں شعبہ تفتیش کے اعلیٰ افسران کی مبینہ چشم پوشی کے باعث پولیس مفرور ملزمان کو گرفتار کرنے سے قاصر ہے

ظفروال، لنگر کے بھٹیاں کے نوجوان نے خودکشی کرلی

میں نے خود ہی اپنے سر میں گولی ماری ہے، فیملی کا کوئی قصور نہیں، آخری تحریر

ظفروال (تحصیل رپورٹر) نواحی گاؤں لنگر کے بھٹیاں میں نوجوان کی خودکشی بتایا جاتا ہے کہ تھانہ ظفروال کے موضع لنگر کے بھٹیاں کے رہائشی محمد افضال عرف شیخ پٹو نے علی الصبح اپنے سر میں گولی مار کر خودکشی کرلی۔ خودکشی کرنے والا شخص شادی شدہ ہے اور بچوں کا باپ ہے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس تھانہ ظفروال جائے وقوعہ پر پہنچ گئی ذرائع نے بتایا ہے لاش کے قریب سے ایک تحریر پڑی ہوئی ملی ہے جس پر خودکشی کرنے والے نے SHO تھانہ ظفروال کے نام لکھا ہے کہ میں نے خود ہی اپنے سر میں گولی مار کر خودکشی ہے اس میں میرے کسی فیملی ممبر کا کوئی قصور نہیں ہے۔

پتوکی میں فائرنگ کے نتیجہ میں 2 افراد قتل، 4 زخمی

جاں بحق ہونے والے افراد کی شناخت منیر اور احمد کے نام سے ہوئی ہے، پولیس

قصور (قوت بیورو) قصور کے نواح پتوکی میں فائرنگ کے نتیجہ میں دو افراد قتل جبکہ چار افراد شدید زخمی ہوگئے، ڈی پی او قصور طارق عزیز سندھو کا افسوسناک واقع پر نوٹس ملوث ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔ قصور کے نواح پتوکی میں عدالت میں پیشی پر آنے والے دو گروپوں میں شدید فائرنگ کا تبادلہ جس کے نتیجہ میں دو افراد زخمی جبکہ چار افراد شدید زخمی ہوگئے تھے جاں بحق ہونے والے افراد کی شناخت منیر اور احمد کے نام سے ہوئی ہے دونوں متوفی بھونیکی گاؤں کے رہنے والے تھے دونوں فریقین میں گندے پانی کی نکاسی پر تنازعہ چل رہا تھا جو آئے روز بڑھتا گیا، فریقین میں عرصہ قبل جھگڑا ہوا جس کا مقدمہ تھانہ صدر پتوکی میں درج تھا، فریقین پیشی کے لیے تحصیل بار پتوکی عدالت آرہے تھی نعشوں کو تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال پتوکی منتقل کر دیا گیا۔ فائرنگ سے زخمی 4 افراد کو تشویشناک حالت میں لاہور جناح ہسپتال ریفر کر دیا گیا ہے۔ اس افسوسناک واقع کی اطلاع ملتے ہی ڈی پی او قصور طارق عزیز سندھو کا فوری نوٹس ایس پی انویسٹی گیشن عبدالقیوم گوندل کو خود کیس کی نگرانی کرنے کی ہدایت، ڈی پی او قصور کے مطابق واقعہ میں زخمی ہونے والے چار افراد سے بیانات قلمبند کیے جارہے ہیں ملوث ملزمان کو جلد گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی ایسے ملزمان کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

مصطفیٰ آباد: ایس ایچ او ملک کفایت کی بڑی کارروائی

بھاری مقدار میں پتنگیں، ڈور برآمد کر کے ملزمان کو گرفتار کرلیا، تفتیش شروع

مصطفیٰ آباد/للیانی (نامہ نگار) ایس ایچ او ملک کفایت کی بڑی کارروائی، بھاری مقدار میں پتنگیں، ڈور برآمد، ڈی پی او قصور طارق عزیز سندھو کی ایس ایچ تھانہ مصطفیٰ آباد و پولیس ٹیم کو کامیاب کارروائی کرنے پر شاباش، پتنگ بازی خونی کھیل ہے خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جا رہی ہے، ملک کفایت حسین ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ آباد، تفصیلات کے مطابق ڈی پی او قصور ملک کفایت حسین کھوکھر نے ڈی پی او قصور طارق عزیز سندھو کے خصوصی احکامات کی روشنی میں مصطفیٰ آباد اور اس کے نواحی دیہات میں پتنگ بازی کرنے والے ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران پتنگ بازی کرنے والوں میں وڈانہ سے سمیع جٹ، گرین کوٹ بائی پاس سے راشد شوکت، پکی حویلی سے اسامہ رشید، سرہالی کٹ سے یاسر بٹ کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 400 پتنگیں برآمد کرلی، جبکہ وڈانہ میں ڈور بنانے والے تین افراد کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 50 چرخیاں اور ڈور بنانے والا سامان برآمد، کامیابی کارروائی کرنے پر ڈی پی او قصور طارق عزیز سندھو کی ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ آباد ملک کفایت حسین کھوکھر اور پولیس تھانہ مصطفیٰ آباد کو شاباش دی۔

مصطفیٰ آباد/للیانی: پتنگ باز اور ڈور بنانے والے ملزمان ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ آباد ملک کفایت حسین کھوکھر کی حراست میں کھڑے ہیں، بھاری مقدار میں پتنگیں و ڈور برآمد

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ بقیہ جات 1

سیکشن 57 دو کے تحت الیکشن کا پروگرام جاری کرے، آئین کے تحت آئین کے تحفظ اور دفاع کا حلف لیا، چونکہ کسی بھی عدالتی فورم کی جانب سے کوئی حکم امتناع نہیں، لہٰذا، سیکشن 57 (1) کے تحت صدر اختیار کے استعمال میں کوئی رکاوٹ نہیں ، آئین اور قانون 90 دن سے زائد کی تاخیر کی اجازت نہیں دیتا، آئین کی خلاف ورزی سے بچنے کیلئے انتخابات کی تاریخ کا اعلان کرنے کا اپنا آئینی اور قانونی فرض ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں ، پنجاب اور خیبر پختونخواہ کے گورنر صوبائی اسمبلیوں کی تحلیل کے بعد 90 دن کے اندر اندر الیکشن کی تاریخ مقرر کرنے کی اپنی آئینی ذمہ داریاں ادا نہیں کر رہے ، الیکشن کمیشن آف پاکستان بھی پنجاب اور خیبر پختونخوا کی اسمبلیوں کے انتخابات کرانے کی اپنی آئینی ذمہ داری پوری نہیں کر رہا، دونوں آئینی دفاتر اردو کی پرانی مثل " پہلے آپ نہیں، پہلے آپ" کی طرح گیند ایک دوسرے کے کورٹ میں ڈال رہے ہیں، اس طرزِ عمل سے تاخیر اور آئینی شقوں کی خلاف ورزی کا سنگین خطرہ پیدا ہورہا ہے، الیکشن کمیشن پہلے ہی آئینی عہدیداروں کے نام اپنے مختلف خطوط میں انتخابات کی ممکنہ تاریخوں کا اشارہ دے چکا ہے ، ان خطوط میں نوے دن کے اندر انتخابات کرانے کی الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ظاہر ہوتی ہے ، اسمبلیوں کے عام انتخابات کی تاریخ کے اعلان کیلئے الیکشن کمیشن سے مشاورت کا سنجیدہ عمل شروع کیا، الیکشن کمیشن نے اس موضوع پر ہونے والے اجلاس میں شرکت سے معذرت کی ، سیکشن 57 (1) کے تحت حاصل اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے صوبائی اسمبلیوں کے عام انتخابات کے لیے 9 اپریل 2023ء※ (اتوار) کی تاریخ کا اعلان کررہا ہوں۔

بقیہ بقیہ جات 2

ہدایت کردی۔ محسن نقوی نے کہا کہ پی ایس ایل کے لئے 4 درجاتی سکیورٹی حصار بنایا جائے گا۔ سکیورٹی کو یقینی بناتے ہوئے پی ایس ایل کے روٹس پر ٹریفک کی بندش کا دورانیہ کم سے کم رکھا جائے۔ ٹیموں کی آمدورفت کے دوران شہریوں کو متبادل روٹس سے باقاعدہ آگاہ رکھنے کے لئے موثر تشہیری مہم چلائی جائے۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ پنجاب نے سکیورٹی انتظامات کے متعلق موثر مانیٹرنگ کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ تمام متعلقہ ادارے آپس میں بہترین کوآرڈینیشن رکھیں۔ وزیراعلیٰ نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ لاہور کی گلبرگ کالج میں شائقین کرکٹ کو پارکنگ کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ معذور اور بزرگ افراد کے لئے کالج سے سٹیڈیم تک شٹل سروس چلائی جائے گی، اس کے علاوہ پورے روٹ پر لائٹس لگانے کے انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ راولپنڈی میں میچز کے متعلق وزیراعلیٰ نے کہا کہ راولپنڈی میں 160 کیمروں کی مدد سے پورے روٹ اور سٹیڈیم کی مانیٹرنگ کی جائے گی۔ واضح رہے کہ اجلاس میں صوبائی وزراء※ ڈاکٹر جاوید اکرم، منصور قادر، ابراہیم مراد، بلال افضل، عامر میر، انسپکٹر جنرل پولیس، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی، ایڈیشنل آئی جی سپیشل برانچ، سی سی پی او لاہور، ایم ڈی پنجاب سیف سٹی اتھارٹی، کمشنر لاہور ڈویژن، ڈی آئی جی آپریشنز لاہور، چیف ٹریفک آفیسر لاہور اور متعلقہ حکام نے شرکت کی، اس کے علاوہ ملتان اور راولپنڈی کے کمشنرز، آر پی اوز، سی پی اوز، ڈپٹی کمشنرز، ڈی پی اوز اور سی ٹی اوز ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 3

کے ذریعہ مثبت انداز میں پروان چڑھایا جا رہا ہے۔ فن گالا میں بچوں کی جانب سے پیش کی جانے والی ٹیبلو اور فن سے ذاتی زندگی میں نکھار آنے سے انکی نصابی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ جس سے سٹار ہائی سکول اور پرائم گرائمر سکول دن بہ دن ترقی کی منزلیں طے کرتا رہے گا۔ فن گالا میں بچوں کی حوصلہ افزائی کے لئے مختلف نوعیت کے مقابلے کروائے گئے۔ تاکہ بچوں کی بہتر طور پر نشوونما ہو سکے۔ اسی طرح فن گالا میں بچوں اور انکے والدین کو اسٹیج پر بلوا کر میجک شو کروایا گیا۔ جسے حاضرین کی جانب سے خوب سراہا گیا۔ تقریب میں بچوں سے معلومات عامہ سے متعلق سوالات کئے گئے۔ صحیح جوابات دینے والوں کو انعامات بھی دیے گئے۔ علاوہ ازیں بچوں کی حوصلہ افزائی کے لئے انھیں گریجویشن کی طرز پر کانووکیشن کرتے ہوئے ٹوپیاں پہنا کر ڈگری سے نوازا گیا۔ تقریب کے اختتام پر ڈائریکٹر سٹار ہائی سکول اور پرائم گرائمر سکول کی جانب سے تمام حاضرین کی شرکت آوری کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ بقیہ جات 4

کیا جائے گا۔ مقبوضہ جموں میں پارٹی کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے محبوبہ مفتی نے کشمیریوں پر زور دیا کہ وہ بھارتیہ جنتا پارٹی اور راشٹریہ سوائم سیوک سنگھ کے ہندوتوا نعروں سے گمراہ ہوئے بغیر اپنے حقوق کیلئے متحد ہو کر آواز اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ نریندر مودی بھارت کو BJP راشٹر میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں جہاں پر اس کی مخالفت کرنے والے ہندوؤں کو بھی مسلمانوں سے بدترین حالات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ غاصب بھارتی فوجی بھارتی حکومت کی سرپرستی میں کشمیریوں پر مظالم ڈھا رہے ہیں جن کی تاریخ میں کوئی مثال نہیں ملتی انہوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ اپنے حقوق اور آزادی کیلئے متحد ہو کر آواز اٹھائیں۔

بقیہ بقیہ جات 5

بتایا گیا ہے کہ ملزم نے دوران جھگڑا اپنے بھائی پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے کی کوشش کی ۔ ماڈل ٹاؤن پولیس نے 15 کی کال پر کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو اسلحہ سمیت گرفتار کرلیا۔ ملزم وحید سے پستول میگزین و گولیاں برآمد کرکے مقدمہ درج کرلیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 6

جس کی زد میں آکر محمد علی نامی شخص زخمی ہوا۔ محمد علی کو جب لیڈی ریڈنگ اسپتال لے جایا جا رہا تھا تو وہ راستے میں ہی دم توڑ گیا۔ واقعہ کا مقدمہ ڈپٹی اسپیکر محمود جان سمیت تین افراد کے خلاف درج کیا گیا ہے جس میں قتل اور اقدام قتل کی دفعات شامل کی گئی ہیں

بقیہ بقیہ جات 7

کے خلاف اپیل نقیب اللہ کے بھائی شیر عالم کی جانب سے دائر کی گئی ہے، جس میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ انسداد دہشت گردی عدالت نے ملزمان کو بری کرکے شواہد کو نظرانداز کیا ہے، اس لئے فیصلے کو کالعدم قرار دیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 8

حکومت آئین کے مطابق الیکشن کا لائحہ عمل دے کیونکہ آئین میں واضح ہے کہ اسمبلیاں تحلیل ہونے کے 90 روز میں الیکشن کروائے جائیں اس موقع پر دیگر وکلا نے کہا کہ حکومت ہائیکورٹ کے حکم کی پامالی کر رہی ہے جو حالات امپورٹڈ حکومت نے پیدا کردیے ہیں اب الیکشن لڑنے سے بھی خوفزدہ ہیں وکلا نے کہا کہ جتنے ٹیکسز اس حکومت نے لگائے ہیں اس سے غریب آدمی کا جینا مشکل ہوگیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 9

گوجرانوالہ حافظ ابرار احمد انصاری رہنما بزنس فورم گوجرانوالہ خالد احمد شیخ صدر الخدمت گوجرانوالہ اور حافظ غلام مصطفی نائب امیر جماعت اسلامی ضلع گوجرانوالہ بھی موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 10

کرم آباد کی رہائشی صغراں بی بی نے پولیس تھانہ میں مقدمہ درج کروایا ہے کہ ملزمان ارشد عرف گولی مسیح وغیرہ دو کس موقع پا کر میرے گھر میں داخل ہوگئے اور مجھے زیادتی کا نشانہ بنا دیا ہے

بقیہ بقیہ جات 11

طرف سے جاری ہونیوالے مراسلہ میں صوبہ بھر کی ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹیز کے چیف ایگزیکٹو آفیسرز کو کہا گیا ہے کہ پبلک سروس کمشن کا امتحان پاس کرنے والے سکول ہیلتھ اینڈ نیوٹریشن سپروائزر کو ریگولر کیا جا رہا ہے اور مذکورہ ہیلتھ نیوٹریشن کے مکمل کوائف ' بھرتی کی تاریخ ' جوائننگ رپورٹ ' کنٹریکٹ کا دورانیہ اور دوران ملازمت ان کے خلاف اگر کوئی انکوائری ہو تو اسکی رپورٹ اور دیگر معلومات اپنے اپنے اضلاع کے سی ای اوز ہیلتھ کو جمع کروائیں اور اس کے بعد مذکورہ سکول ہیلتھ اینڈ نیوٹریشن سپروائزر کو گریڈ 11 میں ریگولر کرنے کے بارے میں اقدامات کئے جائیں گے۔ اگر کسی کے کوائف غلط پائے گئے تو اس کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 12

اس سے باخبر ہے اور عوام کو ریلیف کی فراہمی کی خاطر مربوط اقدامات کئے جا رہے ہیں جلد عوام مثالی ریلیف سے ہمکنار ہونگے ملک ترقی کریگا اور خوشحالی قوم کا مقدر بنے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت مخالف سازشیں کرنے والے ملک و قوم سے مخلص نہیں یہ اپنی سیاست چمکانے کی خاطر قومی مفادات کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ تحریک انصاف کی جیل بھرو تحریک کا انجام بھی سابق تحریکوں سے مختلف نہیں ہوگا جیل بھرو تحریک سے قبل ہی عمران خان کے ٹرک پر سوار لوگ چھلانگیں مار جائیں گے

بقیہ بقیہ جات 13

فراہم کی ہے۔ قوم انتخابات میں بار بار آزمائی ہوئی پارٹیوں اور سیاستدانوں کی بجائے دیانتدار اور خدمت والی قیادت کا ساتھ دے۔ نام نہاد سیاسی لیڈروں اور چوروں نے قوم کو مایوسیوں، محرمیوں اور غربت کے سوا کچھ نہیں دیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صدر پاکستان کے دو صوبوں میں انتخابات کے اعلان پر ردعمل دیتے ہوئے کیا۔ ضیاء الدین انصاری ایڈوکیٹ نے مزید کہا کہ ملک میں مہنگائی کا 55 سالہ ریکارڈ ٹوٹ گیا۔ غریب اور مڈل کلاس مہنگائی کی چکی میں پس کر رہ گیا ہے۔ پی ڈی ایم کی حکومت اب تک مہنگائی میں 6.27 فیصد اضافہ ہوا۔ ظلم کی انتہاء ہے کہ حکمران طبقہ قوم کیساتھ جھوٹ بول رہا ہے کہ دنیا بھر میں مہنگائی ہوئی ہے جبکہ عالمی سطح پر مہنگائی میں صرف 5 فیصد اضافہ ہوا ہے اور اسکے مقابلے میں پاکستان میں 27 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف سے 23 واں پروگرام لیا جارہا ہے جبکہ 22 پروگرامات ناکامی سے دوچار ہوئے ہیں اور اب سب سے زیادہ مہنگائی کا بوجھ عام آدمی پر ڈال دیا گیا ہے۔ قوم پر 170 ارب کا بوجھ صرف تین ماہ کے لئے ہے اور حکومت آئی ایم ایف کی ایماء پر عوام پر مزید 560 ارب کے ظالمانہ ٹیکسز بھی لگانا چاہتی ہے۔ قوم سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ ان ظالم حکمرانوں کا راستہ روکنے کیلئے جماعت اسلامی کی قیادت کا ساتھ دے۔

بقیہ بقیہ جات 14

خلاف ورزی کرنے پر 10 ملزمان گرفتار، خصوصی کریک ڈاؤن کرتے 31 پتنگ بازوں کو گرفتار کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق گداگری، نکا فروشی اور قمار بازی کرنے پر 18 ملزمان کو دھر لیا گیا ، ون ویلنگ ، کالے شیشے اور ساؤنڈ سسٹم ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والے 14 ملزمان حوالات میں بند ، گداگروں کے خلاف خصوصی کریک ڈاؤن کرتے 7 ملزمان کو پابند سلاسل کیا گیا جبکہ راوی پل پر چیل کوؤں کے لیے گوشت فروخت کرنیوالوں پر 2 مقدمات درج کیے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 15

ہے۔ سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کے باعث مختلف علاقے پانی میں ڈوب گئے ۔ اسکے ساتھ ، پہاڑوں پر بنے گھر بھی بہہ گئے جبکہ کئی گاڑیاں بھی تباہ ہوگئیں۔ ساؤ پاؤلو شہر سے 200 کلومیٹر فاصلے پر واقع ایک ٹاؤن میں 24 گھنٹوں کے دوران 600 ملی میٹر بارش ریکارڈ ہوئی۔ سیلاب کے باعث اب تک 566 افراد بے گھر ہو چکے ہیں۔ سیلابی صورتحال اور لینڈ سلائیڈنگ کے باعث امدادی ٹیمیں کئی جگہوں تک نہیں پہنچ سکیں۔

بقیہ بقیہ جات 16

کارروائی میں شہریوں کو نشانہ بنایا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 17

کو تباہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ شمالی کوریا نے امریکہ اور اس کے اتحادیوں کو خبردار کیا گیا ہے کہ اگر فوجی مشقیں بند نہ کی گئیں تو جزیرہ نما کوریا اور بحر الکاہل میدان جنگ بن جائیں گے۔ دوسری جانب جاپان نے جاپان نے شمالی کوریا کے اشتعال انگیز اقدامات کے خلاف اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا ہنگامی اجلاس بلانے کی درخواست کی ہے جبکہ جنوبی کوریا نے شمالی کوریا کے ہتھیاروں کے پروگرام سے وابستہ اداروں پر نئی پابندیاں عائد کی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 18

عوام کو درپیش مشکلات پر گہری تشویش ظاہر کی ۔ راہول گاندھی نے کہا کہ جموں و کشمیر کو مقامی لوگوں کی خواہشات کے برعکس وفاقی علاقوں میں تقسیم کیا گیا۔ علاقے سے انخلاء کی حالیہ مہم کی مذمت کرتے ہوئے انہوں نے اسے بی جے پی کا سوچا سمجھا منصوبہ قرار دیا جس کا مقصد اصل مسائل سے عوام کی توجہ کو ہٹانا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 19

اپنے ایک انٹرویو میں کہا کہ میں گائے کا گوشت کھاتا ہوں جس سے حکمران سیاسی جماعت بھارتیہ جنتا پارٹی کو کوئی مسئلہ نہیں۔ ہماری حکومت کو 9 سال ہوگئے۔ ہمارے 9 سالہ دور اقتدار میں کسی چرچ پر حملہ نہیں ہوا۔ گائے کا گوشت کھانے پر کوئی پابندی نہیں۔ میں بیف کھاتا ہوں اور بی جے پی رہنما ہوں، اس میں کوئی ہرج نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں یقین ہے کہ بھارتی ریاست میگھالیہ کے لوگ بی جے پی کا ساتھ دیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 20

ادارے کے مطابق میٹا کے سی ای او اور فیس بک کے شریک بانی مارک زکر برگ نے اعلان کیا ہے کہ فیس بک اور انسٹاگرام کے صارفین کو بلیو ٹک کی فیس ادا کرنا ہوگی۔ مارک زکر برگ کا کہنا ہے کہ یہ سروس ابتدائی طور پر اس ہفتے آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ میں شروع کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ آپ اپنا اکاونٹ سرکاری شناختی کارڈ کے ذریعے ویری فائی کروا سکتے ہیں، 18 سال سے زائد عمر کے صارفین فیس بک اور انسٹاگرام اکاونٹس کی ویری فائیڈ سبسکرپشن کے لیے اہل ہیں۔ میٹا کے سی ای او کا کہنا ہے کہ اس اقدام سے سوشل میڈیا ایپس پر سیکیورٹی اور تصدیق شدہ اکاؤنٹس میں بہتری آئے گی۔

بقیہ بقیہ جات 21

مطابق ایس ایچ او تھانہ ریل بازار سب انسپکٹر باسط رندھاوا نے دوران گشت اسلحہ مارکیٹ کے قریب ایک مشکوک موٹر سائیکل سوار کو روکا جسکی تلاشی لینے پر ملزم کے قبضہ سے 3 کلوگرام ہیروئن برآمد ہوئی پولیس کے مطابق گرفتار منشیات فروش اپنے کسٹمر اور ریکارڈ یافتہ منشیات فروش کو ہیروئن کی سپلائی دینے آیا تھا پولیس نے گرفتار منشیات فروش کیخلاف مقدمہ درج کرکے اسکے دوسرے ساتھی کی تلاش شروع کردی۔

بقیہ بقیہ جات 22

محرر رضا آباد تعینات۔ ملک الیاس بابر محرر تھانہ غلام محمد آباد تعینات۔ غلام محی الدین بٹ محرر تھانہ سمن آباد تعینات۔ رانا کاشف علی محرر تھانہ کوتوالی تعینات۔ رانا عامر محرر گلفشاں تعینات۔ میاں ہاشم اقبال محرر تھانہ بٹالہ کالونی تعینات۔ ظہیر چیمہ محرر تھانہ چک جھمرہ تعینات۔ وسیم رفاقت سنگھیڑا محرر چوکی برنالہ تعینات۔ میاں نعیم محرر تھانہ ملت ٹاؤن تعینات۔ شکیل سنگھیڑا محرر چوکی سدھو پورہ تعینات۔ زوار محرر تھانہ ساندل بار تعینات۔ میاں کاشف علی محرر تھانہ گلبرگ تعینات۔ شیر نواب محرر تھانہ ریل بازار تعینات۔ سہیل گوندل محرر تھانہ پیپلز کالونی تعینات رضوان تنویر منج محرر تھانہ سٹی سمندری تعینات۔ رفاقت رندھاوا محرر چوکی گرین ٹاؤن تعینات اور اشفاق گل کو صدر سمندری محرر تعینات کردیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 23

لکڑی کی مصنوعات کی پیداوار میں 01.66 فیصد، فارماسوٹیکل مصنوعات کی پیداوار میں، مشینری آلات کے شعبے میں 85.47 فیصد، تمباکو کے شعبے کی پیداوار میں 51.23 فیصد، آئرن و سٹیل مصنوعات کی پیداوار میں 2. 13، پیپر اور بورڈ کی پیداوار میں 81.2 فیصد، کیمیکلز کے شعبے کی پیداوار میں 1. 3 1 فیصد کمی واقع ہوئی جبکہ چمڑے کی مصنوعات کی پیداوار میں 5. 71 فیصد کپڑے کی پیداوار میں 61.46 فیصد، اور فرنیچر کی مصنوعات کی پیداوار میں 105.49 فیصد اضافہ بھی ریکارڈ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ بڑی صنعتوں کی پیداوار میں اضافہ سے ہی ملکی برآمدات اور روزگار کے ذرائع میں اضافہ ہوگا اور ملک خوشحالی و ترقی کی راہوں پر گامزن ہوگا۔ میاں خرم الیاس نے کہا کہ برآمدات کی بحالی اور توسیع کے سلسلہ فوری اقدامات کی ضرورت ہے اس ضمن میں پاکستانی مصنوعات کے لیے بیرون ملک نئی منڈیوں کی تلاش اور بیرون ملک سفارتخانوں کو فعال کیا جائے تاکہ وہ بیرون ملک پاکستانی مصنوعات کی کھپت اور برآمدات میں اضافہ کیلئے اپنا اہم کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت برآمدات میں اضافہ کیلئے صنعتی شعبہ کو مراعات دے تاکہ زرمبادلہ کے ذخائر بڑھ سکیں، تجارتی خسارہ میں کمی اور حکومت کی طرف سے برآمدی اہداف کے حصول کیلئے صنعتی شعبہ کی پیداواری لاگت میں کمی لائی جائے تاکہ پاکستانی اشیاء کی بیرون ملک کھپت میں اضافہ سے برآمدات میں اضافہ اور تجارتی خسارہ میں مزید کمی ہو سکے

بقیہ بقیہ جات 24

پوشی کی تقریب کے لئے اینڈریو لائیڈ ویبر کا انتخاب ذاتی طور پر شاہ چارلس سوم نے کیا ہے، اس موقع پر ملکہ کنسورٹ کیملا کو بھی تاج پہنایا جائے گا۔ شاہی خاندان کے ذرائع کے مطابق بادشاہ چارلس سوم نے خود ذاتی طور پر میوزیکل پروگرام کے لئے موسیقی کا انتخاب کیا ہے اور 12 نئی موسیقی کو تیار کروایا ہے جس میں موجودہ دور کی آواز میں روایت وثقافت کے مختلف انداز کی طرز موسیقی کو پیش کیا جائے گا۔ ان 12 نئی موسیقی میں 6 آرکسٹرا ، پانچ کورل اور ایک آرگن کمیشن شامل ہیں ۔ ان تمام عالمی شہرت یافتہ موسیقاروں کا انتخاب بھی خود شاہ چارلس سوم نے کیا ہے، جو کلاسیکل، مقدس، فلمی، ٹیلی ویژن اور تھیٹریکل انداز کی موسیقی پیش کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 25

جس کا مقدمہ تھانہ ہذا میں 6/23 درج کروایا گیا جس پر مقامی پولیس نے ڈیڑھ ماہ بعد مقتول محرم خان کے نامزد ملزم شیر خان عرف عنصر کو گرفتار کرلیا ہے جبکہ مقدمہ ہذا میں ملوث ظفر علی ، زین اور مہر و ملزمان ایڈیشنل سیشن جج احمد پور سیال کی عدالت سے عبوری ضمانت پر ہیں جس کی ڈی پی او جھنگ ملک طارق محبوب کے احکامات کی روشنی میں ایس پی انوسٹی گیشن جھنگ کی سربراہی میں مقدمہ ہذا کی انکوائری زیر سماعت ہے

بقیہ بقیہ جات 26

کو بہتر بنانا ترجیح ہے اور سوساں روڈ کے بعد دیگر روڈز کو بھی ٹارگٹ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ان اقدامات کی بدولت شہریوں کو دلکش فیصل آباد دیکھنے کو ملے گا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز کاشف رضا اعوان، ڈاکٹر محسن عباس، سی ای او ویسٹ مینجمنٹ کمپنی بلال فیروز جوئیہ، اسسٹنٹ کمشنر سٹی محمد زبیر کے علاوہ واسا، پی ایچ اے، میٹروپولیٹن کارپوریشن اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے

بقیہ بقیہ جات 27

پیدا ہو سکیں واضح رہے کہ ریلوے اسٹیشن پر سیوریج سسٹم بھی تباہ کن صورتحال اختیار کرچکا ہے سیوریج کے گندے پانی سے گزرنے والوں کے کپڑے ناپاک ہورہے ہیں شہریوں نے وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 28

ہال کونسل نے ہاسٹلز وارڈنز اور سپرنٹنڈنٹ کے نام مراسلہ ارسال کردیا ہے، جس میں ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ ہاسٹلز میں کسی غیر متعلقہ شخص کو داخل نہ ہونے دیا جائے، ہاسٹلز کے قریب مشکوک اشیاء اور بیگز پر بھی کڑی نظر رکھی جائے اور ہاسٹلز کو غیر قانونی الاٹیوں سے پاک کیا جائے، مراسلے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ ہاسٹلز سی سی ٹی وی کیمروں کا ریکارڈ کم از کم 15 دن تک محفوظ رکھا جائے اور ہاسٹلز میں نصب کیمرے 24 گھنٹے ورکنگ پوزیشن میں ہوں، مراسلے میں ہدایات کی گئی ہیں کہ ہاسٹلز کے اندر اور بیرونی دیواروں پر لائٹس کا مناسب انتظام کیا جائے اور ہاسٹلز میں آنے جانے کیلئے صرف ایک گیٹ استعمال کیا جائے جبکہ ہاسٹل کے داخلی راستوں پر 24 گھنٹے سکیورٹی کو یقینی بنائی جائے

بقیہ بقیہ جات 29

ٹیکسوں سے مہنگائی کی شرح 42 فیصد تک پہنچنے سے عوام پریشانی کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی ادارہ شماریات کے مطابق مہنگائی کی مجموعی شرح 38.42 فیصد تک پہنچ گئی ہے اور اس میں ہر آنے والے دن مزید اضافہ ہورہا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے اگرچہ 170 ارب روپے کا منی بجٹ پیش کیا ہے لیکن اصل میں یہ بجٹ 170 ارب ڈالر سے بھی زیادہ ثابت ہوگا صرف پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ سے 8 ماہ میں عوام سے 600 ارب روپے وصول کیے جائیں گے جبکہ سیلز ٹیکس میں اضافہ سے ہر چیز مہنگی ہوگی اور حکومت کو اس مد میں 8 میں 400 ارب سے زائد وصولی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ منی بجٹ کے نام پر عوام پر لارج بجٹ نافذ کردیا گیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے تحریک انصاف کے عہدیداروں وکارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ چوہدری سلیم بریار، احسن سلیم بریار نے کہا کہ منی بجٹ کے بعد 34 سے زائد اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہوا اور مہنگائی کی شرح تاریخ کی بلند ترین سطح 38.42 فیصد تک پہنچ گئی جس سے غریب اور سفید پوش عوام سے جینے کا حق چھینا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرول اور سیلز ٹیکس میں اضافہ سے اشیاء ضروریہ گھی تیل، چینی، آٹا سمیت ہر چیز مہنگی ہوگئی ہے۔ عوام انتخابات میں ظالم حکمرانوں کو اپنے ووٹ کی طاقت سے مسترد کردینگے۔

بقیہ بقیہ جات 30

رہے تھے، پولیس کا پیچھا کرنے پر مسلح ڈاکوؤں نے فائرنگ شروع کر دی۔ ایک ڈاکو اپنے ساتھی کی فائرنگ سے زخمی ہوگیا جبکہ دوسرا موقع سے فرار ہو گیا۔ زخمی ہونے والے ڈاکو کی شناخت عظیم کے نام سے ہوئی جبکہ ساتھی علی رضا فرار ہے۔ ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر شہری سے موٹر سائیکل چھینی اور فرار ہو رہے تھے، ڈاکوؤں نے ایک روز قبل شہری صہیب کو دوران واردات فائرنگ سے زخمی کیا۔ بند روڈ ٹی پوائنٹ کے قریب ڈاکوؤں نے پولیس کے پہنچنے پر فائرنگ شروع کردی۔ ملزم عظیم اپنے ساتھی کی فائرنگ سے زخمی ہوا۔ ڈی ایس پی آصف ندیم نے بتایا کہ ملزم عظیم ڈکیتی چوری جیسی سنگین وارداتوں میں ریکارڈ یافتہ ہے، زخمی کو طبی امداد کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ دوسرے ساتھی کی تلاش کے لیے علاقہ میں سرچ آپریشن کیا جا رہا ہے۔ تحقیقات و کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے، عوام الناس کے جان و مال کی حفاظت ہماری اولین ذمہ داری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 31

شہروں کا درجہ حرارت اسلام آباد اور مظفر آباد تیرہ ڈگری سینٹی گریڈ، مری تین، لاہور سترہ، کراچی انیس پشاور چودہ کوئٹہ نو اور گلگت بارہ ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ بھارت کے غیر قانونی زیرقبضہ جموں وکشمیر میں محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کے مطابق سرینگر، اننت ناگ، پلوامہ، بارہ مولہ، اور شوپیاں میں مطلع جزوی طور پر ابر آلود رہنے ، تیز ہوائیں چلنے اور گرج چمک کے ساتھ بارش متوقع ہے

بقیہ بقیہ جات 32

زار 215 ہیوی وہیکلز کو چالان ٹکٹس جاری، سال 2022 میں 72 ہزار سے زائد کمرشل وہیکلز کو چالان ٹکٹس جاری ہوئے۔ خطرناک حد تک دھواں چھوڑنے والی 01 ہزار سے زائد گاڑیوں کو تھانوں میں بند کروایا گیا، دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کو 02 ہزار کے چالان ٹکٹس کئے جارہے ہیں۔ مستنصر فیروز نے کہا کہ گاڑیوں سے نکلنے والا مضر صحت دھواں سموگ کا باعث بن رہا ہے، احتیاطی تدابیر اپنانے سے سموگ کے خطرات سے بچا جا سکتا ہے، کارروائی کرنے سے سموگ اور ماحولیاتی آلودگی کے اثرات کم ہونگے

بقیہ بقیہ جات 33

میں نے لاہور میٹروپولیٹن کارپوریشن، لاہور پارکنگ کمپنی اور لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کو خصوصی ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ سڑکوں کے پیچ ورک، تجاوزات، سٹریٹ لائٹس، صفائی ستھرائی اور عوامی خدمات کی فراہمی یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ بھر میں مویشی منڈیوں کے مسائل حل کیے جا رہے ہیں تاکہ گوشت اور لائیو سٹاک کی دیگر مصنوعات کی برآمدات کو فروغ ملے۔ اس موقع پر نگران صوبائی وزیر صنعت وتجارت ڈاکٹر ایس ایم تنویر، صدر لاہور چیمبر کاشف انور، سی ای او پنجاب سرمایہ کاری بورڈ جلال حسن، سینئر نائب صدر لاہور چیمبر ظفر محمود چوہدری، سابق صدور ایوان صنعت و تجارت ، ایگزیکٹو ممبران اور صنعت کار اور تاجر بھی موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 34

واپس بھیجنے پر افغان فورسز کے اہلکار مشتعل ہوگئے۔ سکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ افغان فورسز نے طورخم سرحدی گزرگاہ کو احتجاجاً بند کردیا تھا جس کے بعد سے طورخم سرحدی گزرگاہ بدستور بند ہے۔ سرحدی گزرگاہ کی بندش سے پیدل آمدورفت سمیت تجارتی سرگرمیاں معطل ہیں۔ واضح رہے کہ افغان مریضوں کو پاکستان آمد کیلئے سفری دستاویزات سے استثنیٰ حاصل ہے۔ افغان مریض کیساتھ آنے والے رشتہ دار کیلئے سفری دستاویزات لازمی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 35

سے کھیلنا چاہتے ہیں۔ سابق ترجمان پنجاب حکومت کا مزید کہنا تھا کہ ہم کسی صورت امپورٹڈ ٹولے کے مذموم عزائم کامیاب نہیں ہونے دیں گے، امپورٹڈ حکومت چیئرمین پی ٹی آئی کے خلاف کوئی بھی سازش کرنے سے پہلے ہزار مرتبہ سوچے۔

بقیہ بقیہ جات 36

کی※ مظاہرین نے مہنگائی کے خلاف اور مطالبات کے حق میں نعرے بازی کی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ مہنگائی کے تناسب سے تنخواہوں اور ہاؤس رینٹ الاؤنس موجودہ تنخواہ پر 100 فیصد تمام ملازمین کا حق ہے جبکہ ملازمین کو کنوینس الاؤنس بھی پیٹرول کی موجودہ قیمت کے مطابق ملنا چاہئیے※ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت نے ہمارے مطالبات پورے نہ کئے تو صوبائی صدر اپکا پنجاب چوہدری شفقت رسول سندھو کی ہدایت پر 27 فروری کو دوبارہ پر امن احتجاج کیا جائیگا۔

بقیہ بقیہ جات 37

مصروف ہے، پی ڈی ایم حکمران عوامی مسائل حل کرنے میں مکمل طور ناکام ہو چکے ہیں، حکمران اپنی مدت پوری ہونے تک ملک کو مکمل طور پر دیوالیہ کر دیں گے ضمنی کی بجائے جنرل الیکشن کروائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دنیا کا واحد ملک ہوگا جہاں غریبوں سے ٹیکس لیکر امیروں کو دیا جارہا ہے۔ آئی ایم ایف کے دباؤ میں ٹیکسوں کی بھرمار اور بجلی، تیل، گیس کی قیمتوں میں ہوش ربا اضافے نے لوگوں کو برباد کر کے رکھ دیا ہے۔ مہنگائی میں بے پناہ اضافے نے عام آدمی کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 38

فیملی کلیم پر بھرتی، ویلفیئر فنڈز کے استعمال سمیت دیگر اہم امور بارے فیصلوں کی منظوری دی گئی۔ ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ ٹریفک وارڈنز کی ٹائم اسکیل پروموشن کی سمری جلد از جلد حکومت پنجاب کو بھجوا کر موثر فالواپ سے منظوری لی جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ ٹریفک وارڈنز مستفید ہوسکیں۔ آئی جی پنجاب نے ہدایت کی کہ پولیس کے تمام یونٹس اپنے ویلفیئر فنڈز کو ایس او پیز کے مطابق اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کیلئے بھی استعمال کریں۔ فیملی کلیم پر بھرتی کے حوالے سے ایگزیکٹو بورڈ نے دوران ڈیوٹی انتقال کرنے والے پولیس ملازمین کے بچوں کو خصوصی کوٹے پر محکمہ میں بھرتی کرنے کی منظوری دے دی۔ آئی جی پنجاب نے ڈرائیور کانسٹیبلز کی محکمانہ ترقی کے رولز تیار کرنے کیلئے ایک ہفتے کا وقت دیتے ہوئے ہدایت کی کہ پولیس ایگزیکٹو بورڈ کے آئندہ اجلاس میں ڈرائیور کانسٹیبلز کی پروموشن رولز ڈرافٹ تیار کر کے منظوری کیلئے پیش کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز سنٹرل پولیس آفس میں پولیس فورس کے محکمانہ امور سے متعلقہ اجلاس کی صدارت کے دوران کیا۔

بقیہ بقیہ جات 39

شالامار میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج لاہور کی علیشا شاہد نے 538 نمبر لے کر تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اناٹومی میں 140، فزیالوجی میں 307، بائیوکیمسٹری میں 210 طلبہ نے ڈسٹنکشن حاصل کی۔ سپلیمنٹری امتحانات 7 اپریل سے شروع ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 40

تھاپ پھولوں کی پتیاں اور مالا کے ساتھ پر جوش استقبال کیا گیا۔ اس تقریب میں پی ٹی این نیوز چینل کے چیف ایگزیکٹو رانا شہزاد نے گوجرانوالہ کے سینئر صحافیوں، سیاسی وسماجی شخصیات اور وکلاء حضرات کے ساتھ مل کر سالگرہ کا کیک کاٹا۔ شرکت کرنے والے معزز مہمانان گرامی میاں حبیب مدنی صدر الیکٹرانک ڈیجیٹل میڈیا گوجرانوالہ رانا رضوان سیف اللہ، سینئر صحافی صدر پنجاب یونین جرنلسٹ اور چیف نیوز ایڈیٹر جنگ گروپ اعجاز منظور کھوکھر، جنرل سیکرٹری صابر غوری، صدر پریس کلب لدھے والا وڑائچ نیامت بشیر، عامر اولکھ، سکندر جٹ، پریس کلب عالم چوک سرپرست اعلیٰ ڈاکٹر عصمت اللہ، چیئرمین طارق عزیز چوہان، وائس چیئرمین افضل مغل جنرل سیکرٹری یاسین مہر، انفارمیشن سیکرٹری پریس کلب عالم چوک محمد سلیم طور، سینیئر صحافی چوہدری نصیر ہمایوں، حافظ شاہد ملک، سجاد کھرل، منصور سپروائزر محکمہ ایف بی آر، سماجی شخصیات سینیئر رہنماء پاکستان تحریک انصاف چیئرمین یوسی پنا کھا چوہدری طاہر اقبال ہنجرا، نائب صدر گوجرانوالہ انصاف لیبر ونگ چوہدری نعیم ابراہیم، ڈاکٹر عباس منہاس نائب صدر انصاف لیبر ونگ اور دیگر مہمانوں نے شرکت کی۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض رضوان بھٹی نے انجام دیے اور سب نے اپنی اپنی را※ کا اظہار کیا۔ چیئرمین پریس کلب عالم چوک طارق عزیز چوہان نے تقریر کرتے ہوئے کہا کے صحافی معاشرے کی آنکھ ہیں اور وطن عزیز پاکستان کا چوتھا ستون ہیں، ہم پی ٹی این نیوز ٹیم کی پروقار تقریب کے انعقاد پر رانا شہزاد اور ان کی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 41

اعظم شہباز شریف نے کہا کہ معیشت کے استحکام کیلئے ٹھوس اور فوری اقدامات لے رہے ہیں، موجودہ حکومت کو سیلاب جیسی قدرتی آفت کا مقابلہ کرنا پڑا، پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات کا سامنا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا موجودہ حکومت کو گزشتہ حکومت کی بدانتظامی کا بھی سامنا ہے، غیر ضروری درآمدات میں کمی اور برآمدات میں اضافہ حکومت کی اولین ترجیح ہے، تمام مشکلات کے باوجود شبانہ روز محنت سے ملکی معیشت کی بہتری کیلئے کوشاں ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 42

اسمبلی محمد سبطین خان نے آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن کے PPSC یونٹ کے نومنتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ سپیکر محمد سبطین خان نے نومنتخب عہدیداران سے حلف لیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سپیکر نے کہا کہ جمہوریت کا یہ فائدہ ہے کہ آپ کی آواز ایوانوں تک پہنچتی ہے۔ مہنگائی نے عوام کی چیخیں نکال دی ہیں۔ سرکاری ملازمین کو مہنگائی الاونس دیا جائے۔ سپیکر محمد سبطین خان نے الیکشن کمیشن کو مشورہ دیا تھا کہ نہ خود پریشان ہوں اور نہ عوام کو پریشان کریں، مقررہ مدت میں الیکشن کروائیں۔ انہوں نے کہا کہ دیانتداری سے ڈیوٹی کرنے والے ملازمین کے بچوں کو ملازمتیں ملنا ان کا حق ہے۔

بقیہ بقیہ جات 43

کردوں کو دوبارہ سر اٹھانے کا موقع دے کر گئی ووٹ کو عزت دو بیانیہ زندہ ہے، زندہ رہیگا۔ آئین پاکستان عوام کے حق حکمرانی کی نگہبانی کرتا ہے بد قسمتی سے عدلیہ کے کچھ فیصلے عمران کی سیاست کے پیچھے کھڑے ہیں۔ پرویز الٰہی ٹیپ سے میچ فکسنگ کے بعد اب عدالتی کیس فکسنگ ہو رہی ہے، پرویز الٰہی ٹیپ کی تحقیقات کرکے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی ہونی چاہئیے، لگتا ہے عمران خان ملک دشمن قوتوں کا آلہ کار بن چکا ہے۔ بھارت اور پی ٹی آئی میڈیا یا سیل ایٹمی پروگرام کے خلاف بے بنیاد مہم چلا رہا ہے، عمران خان اپنی سیاست کو ختم ہوتا دیکھ کر حواس باختہ ہو چکا ہے۔ عمران خان اپنے کارکنان کو جیلوں میں ڈالنے کی کوشش کر رہا ہے، عمران خان کے مشکور ہیں کہ وہ اپنے کارکنان کو جیل ڈالنا چاہتے ہیں۔ دو صوبائی حکومتیں ختم کرنے پر عمران خان کے شکر گزار ہیں۔ سیاسی نالائقی پر عمران خان نوبل انعام کے حقدار ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 44

، مرکزی بینک کے پاس گزشتہ ہفتے زرمبادلہ کے ذخائر 3 ارب 20 کروڑ ڈالر تھے جس سے بمشکل تین ہفتوں کی درآمدات کی جا سکتی ہیں ، ترسیلات زر بھی 9.89 فیصد کمی کے بعد ایک ارب 89 کروڑ ڈالر ریکارڈ کی گئیں جو دسمبر میں 2 ارب 10 کروڑ ڈالر تھیں۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ برس جنوری میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 2 ارب 47 کروڑ روپے تھا جو کم ہو کر 24 کروڑ ڈالر پر آگیا ہے جبکہ گزشتہ مہینے دسمبر کے 29 کروڑ ڈالر کے مقابلے میں خسارے میں 16.55 فیصد کی ہوئی۔ توازن ادائیگی کے بحران کی وجہ سے درآمدات پر جاری پابندیوں کے سبب پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ جنوری میں 2.90 فیصد کمی کے بعد 24 کروڑ ڈالر کی سطح پر آگیا۔

بقیہ بقیہ جات 45

عدم حاضری کے باعث سماعت ایک مرتبہ پھر کچھ دیر کے لیے ملتوی کردی تاہم اس دوران عمران خان اپنی گاڑی سے نکل کر کمرہ عدالت میں پہنچ گئے۔ عدالت کی جانب سے پی ٹی آئی چیئرمین کو شام 5 بجے تک پیش ہونے کی آخری مہلت دی گئی تھی جس کے باوجود وہ قدرے تاخیر سے احاطہ عدالت پہنچے تاہم کارکنوں کی بڑی تعداد میں موجودگی اور سیکیورٹی اہلکاروں کی عدم موجودگی اور سیکیورٹی کے باعث وہ مسلسل اپنی گاڑی میں موجود رہے اور کمرہ عدالت تک نہ پہنچ سکے۔ خیال رہے کہ لاہور ہائی کورٹ نے 16 فروری کو الیکشن کمیشن کے فیصلے کیخلاف پی ٹی آئی کے احتجاج اور کار سرکار میں مداخلت کے کیس میں حفاظتی ضمانت کی درخواست پر حلف نامے اور وکالت نامے پر دستخط میں فرق کی وضاحت کے لیے چیئرمین پی ٹی آئی کو آج پیش ہونے کا حکم دیا تھا۔ دوسری جانب جسٹس علی باقر کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے عمران خان کی حفاظتی ضمانت کی درخواست پر دوبارہ سماعت شروع کردی ہے۔ دوران سماعت رہنما پی ٹی آئی شاہ محمود قریشی نے تاخیر سے پہنچنے پر معذرت کی۔ جس پر عدالت نے استفسار کیا کہ عمران خان احاطہ عدالت میں موجود ہیں تو اب تک کمرہ عدالت میں کیوں نہیں پہنچے؟ عدالت نے سیکیورٹی انچارج کو بھی طلب کرلیا۔ جس پر شاہ محمود قریشی نے کہا کہ آپ سیکیورٹی انچارج سے استفسار کرسکتے ہیں کہ عمران خان احاطہ عدالت میں موجود ہیں۔ جسٹس علی باقر نے استفسار کیا کہ عدالت میں درخواست گزار کو پیش ہونے سے کس نے روکا ہے؟ جس پر عمران خان کے وکیل نے کہا کہ کسی نے روکا نہیں مگر سیکیورٹی اہلکار تعاون نہیں کررہے۔ عدالت نے ایس پی سیکیورٹی کو فوری عمران خان کو پیش کرنے کا حکم دے دیا۔

بقیہ بقیہ جات 46

گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کے روز یہاں پارٹی کے تنظیمی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا ۔ مریم نواز شریف نے کہا نواز شریف آئے گا تو سب حالات ٹھیک ہوجائیں گے، ماضی میں بھی ہمیشہ برے حالات میں ملک ملا لیکن نواز شریف اور شہباز شریف نے ہمیشہ ڈیلیور کیا اور اب بھی قوم اور ملک کو مسائل سے نکالیں گے۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کے لوگ مسلم لیگ (ن) میں آنے کے لیے منتیں کر رہے ہیں، عمران خان کے خلاف مقدمات سیاسی انتقام کی بنیاد پر نہیں بنے، مشرق اور مغرب میں سب جانتے ہیں کہ عمران خان نے ٹیریان کے معاملے میں جھوٹ بولا ہے اور ٹیریان والا جھوٹ نہ نگلا جا رہا ہے اور نہ اگلا جا رہا ہے، توشہ خانہ میں عمران خان نے ڈکیتیاں کی ہیں، فارن فنڈنگ میں عمران خان مجرم ثابت ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تنظیم کو ہر سطح پر فعال بنائیں گے، سوشل میڈیا، خواتین اور یوتھ ونگز کو مزید وسعت دیں گے

بقیہ بقیہ جات 47

فورسز کی جانب سے ایف سی چیک پوسٹوں پر فائرنگ ہوئی، جس میں ایک ایف سی اہلکار زخمی ہوگیا۔ ایف سی ذرائع کے مطابق طورخم سرحدی گزر گاہ پر دوطرفہ فائرنگ کا سلسلہ جاری ہے، تاہم ایک ایف سی اہلکار کے زخمی ہونے کے علاوہ کسی بڑے جانی نقصان کی اطلاع نہیں۔ زخمی ایف سی اہل کار کو سی ایم ایچ لنڈی کوتل منتقل کردیا گیا ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق افغان سکیورٹی حکام نے طورخم سرحدی گزرگاہ کو گزشتہ شام ہر قسم آمدورفت کے لیے بند کردیا تھا، جس کے بعد سے طورخم سرحدی گزرگاہ بدستور بند ہے اور پیدل آمدورفت سمیت تجارتی سرگرمیاں معطل ہیں۔ گزشتہ شام ایک افغان شہری نے مریض کے ہمراہ سفری دستاویزات کے بغیر پاکستان میں داخل ہونے کی کوشش کی، ایف سی حکام نے بغیر سفری دستاویزات کے داخل ہونے والے افغان شہری کو واپس کردیا، جس پر افغان حکام مشتعل ہوگئے اور افغان سکیورٹی حکام نے طورخم سرحدی گزرگاہ کو گزشتہ شام ہر قسم آمدورفت کے لیے بند کردیا۔

بقیہ بقیہ جات 48

پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان کو گرفتار کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ ایف آئی اے ذرائع کے مطابق وزارت داخلہ کی ہدایت پر ایف آئی اے لاہور کی 4 رکنی ٹیم تشکیل دے دی گئی ہے۔ ڈائریکٹر ایف آئی اے لاہور سرفراز خان ورک کی قیادت میں ٹیم مقامی پولیس کی مدد سے عمران خان کو گرفتار کرے گی۔ عمران خان کو گرفتاری کے بعد اسلام آباد سے آئی ہوئی ٹیم کے حوالے کیا جائے گا۔ ایف آئی اے ذرائع کا کہنا ہے کہ ایف آئی اے کی ٹیم نے پہلے عمران خان کو زمان پارک سے گرفتار کرنے کا پروگرام بنایا تھا مگر کارکنوں کے شدید ردعمل کو دیکھتے ہوئے اب ہائی کورٹ میں پیش ہونے کے بعد گرفتار کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں ایف آئی اے اور پولیس نے تیاری مکمل کر لی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 49

سیاست کو مسترد کر دیا ہے، یومیہ چند ورکرز کی گرفتاری کا تحریک بحالی جمہوریت (ایم آر ڈی) سے موازنہ کیا جارہا ہے، تحریک انصاف ملک میں جمہوریت کی جدوجہد سے بلکل ناواقف ہے، ایم آر ڈی میں سینکڑوں لوگ اور کارکنان شہید ہوئے، ہزاروں کو جیلوں میں ڈالا گیا تھا، پی ٹی آئی کی لاعلمی پر افسوس ہی کیا جا سکتا ہے، ایم آر ڈی تحریک ضیاء کی آمریت کے خلاف اور جمہوریت اور آئین کی بحالی کے خاطر تھی، ایم آر ڈی کسی شخص کی ذاتی سیاست بچانے یا کسی بیانیہ کے لئے نہیں تھی، عمران خان کا جیل بھرو تحریک※ ان کی ذاتی سیاسی مقاصد کیلئے ہے، اس مہم کا جمہوریت، ملک اور عوام سے کوئی لینا دینا نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 50

بڑے بڑے ادرے اور کمپنیاں ڈیفالٹ ہو چکی ہیں میں نام نہیں لوں گا، حقیقت یہ ہے کہ جو چیزیں ملک کے لیے زرمبادلہ نہیں بنا رہی انکا کوئی حل سوچنا ہوگا۔ وزیر دفاع نے کہا کہ چار ہزار روپے کرایہ پر مال روڈ پر 14 سو 15 سو کنال کا گالف کلب دیا ہوا ہے، یہ غریبوں کی غربت کا مذاق اڑانے والی بات ہے، اگر کسی کو بسانا ہے تو گالف کلب میں بسائیں غریبوں کی بستیوں پر بلڈوزر کیوں چلاتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 51

لیکن احتجاج کرنے پر دہشت گردی کے پرچے کاٹے گئے ۔ اسد عمر کا کہنا تھا کہ اس احتجاج میں عمران خان موجود ہی نہیں تھے، لیکن ان کے خلاف بھی پرچہ کاٹ دیا گیا، ان کے خلاف ایک بھی مقدمہ درست نہیں لیکن وہ کیس کی ہر پیشی پر عدالتوں میں پیش ہوئے ، 3 نومبر کو ان پر قاتلانہ حملہ ہوا، جس میں پی ٹی آئی چیئرمین زخمی ہوئے اور ڈاکٹرز نے انہیں مکمل ا※رام کا مشورہ دیا اور وہ عدالت میں پیش نہیں ہوئے۔ رہنما پی ٹی آئی نے کہا کہ یہ کیس بہت بڑا مزاق ہے، 3 دن سے میڈیا پر واویلا مچایا جا رہا ہے کہ عمران خان عدالت پیش نہیں ہو رہے، پورا نظام اس بات پر لگا ہے کہ عمران خان کو کیسے گرفتار کیا جائے

بقیہ بقیہ جات 52

موجودہ مردم شماری 5 سال بعد ہو رہی ہے، اس مردم شماری کا کریڈٹ ایم کیو ایم پاکستان کا حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا پیپلز پارٹی پر کوئی اعتماد نہیں، ہم سمجھتے ہیں مردم شماری بھی سیاست کی نظر ہونے جارہی ہے، کراچی میں رہنے والوں کی آبادی کو پھر کم کر کے دکھایا جائے گا، مردم شماری میں ہر گھر اور ہر شہری کو گنا جائے۔ فاروق ستار کا مزید کہنا تھا کہ ایک بلڈنگ میں ایک گھر نہیں ہوتا، بلڈنگ میں موجود ہر اپارٹمنٹ کو علیحدہ علیحدہ گنا جائے، ہمارے ساتھ حلقہ بندیوں میں ہاتھ ہوا، ہماری 70 یوسیز کو کم کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 53

ڈیش بورڈ کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری صحت پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی اور ڈی جی ریسکیو ایمرجنسی سروسز پنجاب ڈاکٹر رضوان نصیر نے اس حوالہ سے نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم کو بریفنگ دی۔ نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی نے کارڈیالوجی ہسپتالوں میں امراض قلب کے مریضوں کو پرائمری انجیوپلاسٹی کی 24/7 سہولت فراہم کرکے بڑی نیکی کمائی ہے۔ نگران کابینہ پنجاب کی ترجیحات میں عام آدمی کو سہولت دینا سرفہرست ہے۔ پنجاب کے کارڈیالوجی ہسپتالوں میں مریضوں کو بہترین سہولیات فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہیں۔ نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے مزید کہا کہ پنجاب کے کارڈیالوجی ہسپتالوں میں آنے والے مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا مسلسل جائزہ لیا جارہا ہے۔ پنجاب کے کارڈیالوجی ہسپتالوں میں عملہ کو ڈیش بورڈ پر آن لائن انٹری کرنے کیلئے باقاعدہ تربیت دی جائے گی۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب کے معاون ڈاکٹر فرقد عالمگیر نے کہا کہ آج اکٹھے بیٹھنے کا بنیادی مقصد ہی امراض قلب کے مریضوں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنا ہے۔ ڈاکٹر فرقد عالمگیر نے کہا کہ نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے کارڈیالوجی ہسپتالوں میں مریضوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ پنجاب کے معاون ڈاکٹر فرقد عالمگیر نے صوبہ بھر کے کارڈیالوجی ہسپتالوں میں مریضوں کے علاج و معالجہ میں ٹریٹمنٹ پروٹوکولز کو ہر صورت فولو کرنے کی بھی ہدایت کی

بقیہ بقیہ جات 54

کے جج جواد عباس حسن نے فیصلہ سنایا۔ عمران خان کے شریک ملزم نے دہشت گردی کی دفعات خارج کرنے کی درخواست دائر کی تھی جبکہ عمران خان کے وکیل نعیم حیدر پنجوتھہ وانتظار حسین پنجوتھہ ایڈوکیٹ نے درخواست دی تھی۔ انسداد دہشت گردی عدالت نے دہشت گردی کی دفعات نکال کر کیس سیشن کورٹ کو بھیج دیا۔

بقیہ بقیہ جات 55

ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی وزارت خارجہ کے مشیر خاص اور قونصلر ڈیرک شیلٹ نے اپنے ایک انٹرویو میں کہا کہ پاکستان کو دہشت گردی کی نئی لہر کا سامنا ہے جس پر امریکا پاکستان کے ساتھ کام کرنے کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم یہ سمجھنے اور جاننے کی کوشش کر رہے ہیں کہ پاکستان کو دہشت گردی کی اس نئی لہر کا سامنا کیوں ہے اور یہ خطرہ کیوں بڑھتا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشاور اور کراچی پولیس پر حملوں پر ہونے والی پاکستانی تحقیقات سے حاصل معلومات کا باریک بینی سے جائزہ لے رہے ہیں اور اس بات کو یقینی بنا رہے ہیں کہ ان حملوں کو انجام دینے والوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 56

خیبر پختونخوا اسمبلیوں کے انتخابات کی تاریخ کے اعلان پر الیکشن کمیشن نے آج (منگل کو) اہم اجلاس بلالیا۔ صدر عارف علوی نے 9 اپریل بروز اتوار پنجاب اور کے پی اسمبلیوں میں الیکشن کی تاریخ دے دی، صدر نے الیکشن ایکٹ 2017 کے سیکشن 57 ایک کے تحت انتخابات کی تاریخ کا اعلان کیا۔ اس اعلان کے بعد الیکشن کمیشن نے آج اہم اجلاس طلب کرلیا ہے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں صدر کی جانب سے انتخابات کی تاریخ کے اعلان کا جائزہ لیا جائے گا۔ اس حوالے سے ترجمان الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ صدر مملکت کی جانب سے لیٹر ملنے کے بعد الیکشن کمیشن قانون کے مطابق فیصلہ کرے گا

بقیہ بقیہ جات 57

وفاداری آئین سے ہونی چاہیے، انہوں نے مزید کہا کہ عارف علوی قومی اسمبلی تحلیل کرکے پہلے ہی آئین شکنی کر چکے ہیں، سپریم کورٹ کی تشریح کے مطابق صدر کا عہدہ علامتی ہے، سپریم کورٹ کے مطابق کسی ایک سیاسی جماعت کے ساتھ ساز باز صدر کے منصب اور حلف کی خلاف ورزی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 58

کیخلاف قتل کی مبینہ سازش کے الزام میں سابق وزیر داخلہ شیخ رشید کیخلاف تھانہ آبپارہ اسلام آباد میں درج مقدمے کے چالان کی کاپی مل گئی ہے۔ پولیس نے شیخ رشید کیخلاف چالان میں سات گواہان کے بیانات شامل کئے ہیں، چالان میں درج تمام گواہان تھانہ آبپارہ میں مختلف عہدوں پر تعینات ہیں۔ گواہان میں کانسٹیبل فضل عباس، اے ایس آئی وسیم حیدر اور کانسٹیبل عثمان ظہور، کانسٹیبل نصر اللہ، کانسٹیبل محمد رشید اور محرر مالخانہ قاسم جان کا بیان چالان میں شامل کیا گیا، تھانہ آبپارہ میں تعینات ہیڈ کانسٹیبل محمد اختر کا بیان بھی چالان کا حصہ بنایا گیا ہے۔ چالان کے مطابق گواہان نے کہا کہ گرفتاری کیلئے ملزم کی رہائش گاہ پہنچے تو سنگین نتائج کی دھمکیاں دی گئیں،

بقیہ بقیہ جات 59

اجلاس آج (منگل) کو ہوگا۔ چیئرمین مولانا عبدالخبیر آزاد کی زیر صدارت رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس آج منگل کو شام اسلام آباد میں ہوگا، جس میں شعبان کا چاند دیکھا جائے گا۔ واضح رہے کہ ہفتے اور اتوار کی درمیانی رات کو ملک بھر میں شب معراج عقیدت واحترام سے منائی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 60

آئی بی اے سکھر، بیگم نصرت بھٹو خواتین یونیورسٹی میں ڈاکٹر تہمینہ مگن، اروڑ یونیورسٹی سکھر میں زاہد کھنڈ اور اللہ بخش یونیورسٹی جامشورو میں ڈاکٹر اربیلا بھٹو کو وائس چانسلر مقرر کیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ان تقرریوں کا باقاعدہ نوٹیفکیشن آئندہ ایک دو روز میں جاری کردیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 61

ایک جماعت دہشت گرد تنظیموں سے بات کرتی ہے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے شرجیل میمن نے کہا کہ جو دہشت گرد پکڑے گئے انہیں عمران خان حکومت میں معافی دی گئی، یہ باتیں کسی سے ڈھکی چھپی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے دہشت گرد جہاں نظر آئے انہیں عبرتناک سزا دینی چاہیے۔ شرجیل میمن کا کہنا ہے کہ سندھ پولیس اور رینجرز کو سلام پیش کرتے ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگیں قومیں لڑتی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 62

اپارٹمنٹس تباہ ہو چکے ہیں جبکہ اموات کی تعداد میں بھی اضافے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ دوسری جانب شام کے شورش زدہ علاقوں میں بھی اموات کی تعداد بڑھ رہی ہے۔ اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے ورلڈ فوڈ پروگرام اپیل کر رہا ہے کہ شام میں جنگ بندی کی جائے تاکہ امدادی سرگرمیوں میں مشکلات نہ ہوں۔ اس وقت ترکیہ میں اموات کی تعداد 40 ہزار 642 جبکہ شام میں 5 ہزار 800 سے تجاوز کر چکی ہیں۔ قبل ازیں اقوام متحدہ نے ترکیہ کے زلزلہ متاثرین کی مدد کے لیے ایک ارب ڈالر امداد کی اپیل کی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 63

کامیاب نہیں ہونے دیں گے، سیاسی محاذ آرائی اور عدم استحکام کی صورتحال ملک کے مفاد میں نہیں، میں آج بھی عمران خان سے کہتا ہوں کہ وہ اپنے رویے پر معذرت کریں

بقیہ بقیہ جات 64

درخواست فوری سماعت کیلئے مقرر کرنے کی استدعا کردی ہے۔ خط میں چیف جسٹس اور معزز ججز سے آئین کے تحت بنیادی حقوق خصوصاً آرٹیکل 14 کے تحت شہریوں کے پرائیویسی کے حق کے تحفظ کیلئے اقدامات کی بھی استدعا، عمران خان نے معاملے کے حوالے سے 8 سوالات بھی چیف جسٹس اور ججز کے سامنے رکھے ہیں۔ خط میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ کئی مہینوں سے مشکوک اور غیر مصدقہ آڈیوز/ ویڈیوز کے منظر عام پر آنیکا سلسلہ جاری ہے، منظر عام پر آنے والی مبینہ آڈیوز/ ویڈیوز مختلف موجود و سابق سرکاری شخصیات اور عام افراد کے مابین گفتگوؤں پر مبنی ہیں، منظرِ عام پر آنے والی آڈیوز/ ویڈیوز غیر مصدقہ مواد پر مشتمل ہوتی ہیں، ان آڈیو/ ویڈیوز کو تراش خراش اور کاٹ چھانٹ کر کے ڈیپ فیک سمیت دیگر جعلی طریقوں سے تیار کیا جاتا ہے، چند ماہ پہلے بعض ایسی آڈیوز منظرِ عام پر آئیں جن کے مواد سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ وزیراعظم کے دفتر/ ہاؤس سے متعلق تھیں، ان آڈیوز سے تاثر ملتا ہے کہ وزیراعظم کے دفتر/ ہاؤس کی خفیہ نگرانی یا یہاں ہونے والی بات چیت کی خفیہ ریکارڈنگز ایک معمول تھا، ایوانِ وزیراعظم بلاشبہ ریاست کا حساس ترین ایوان ہے جہاں قومی حساسیت کے حامل معاملات پر تبادل※ خیال کیا جاتا ہے، ایوانِ وزیراعظم کی سیکیورٹی پر نقب سے عوام کی سلامتی، تحفظ اور مفادات و حیات پر سنگین اثرات مرتب ہوتے ہیں

بقیہ بقیہ جات 65

اور اسپیکر سندھ اسمبلی آغا سراج درانی کو ریکی کی تصاویر بھی دکھا دی گئی ہیں۔ ریکی کی تصاویر دیکھنے کے بعد اور سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر اسپیکر سندھ اسمبلی نے وزیراعلی مراد علی شاہ ایوان کی سیکیورٹی سخت کرنے کی ہدایت کردی ہے۔ آغا سراج درانی نے ریکی کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں اسمبلی کی ریکی کی تصاویر دکھائی گئیں، اس ادارے کو جامع سیکیورٹی دی جائے، گیٹ پر کھڑے چند سپاہیوں کے پاس جدید اسلحہ بھی نہیں، وزیراعلی سندھ سیکیورٹی کو یقینی بنائیں، اور اراکین اسمبلی بھی تعاون کریں اکیلے آئیں، ڈرائیورز کے لئے الگ ایریا ہے

بقیہ بقیہ جات 66

کے مطابق وفاقی کابینہ سے سرکولیشن کے ذریعے سعودی عرب کے ساتھ معاہدے کے حوالے سے سمری کی منظوری لی گئی۔ دونوں ممالک کے درمیان کسٹمز سے متعلق امور میں تعاون، باہمی معاونت ہوگی۔ حکومتی ذرائع کے مطابق سعودی عرب کے ساتھ معاہدہ کئی حوالوں سے پاکستان کیلئے فائدہ مند ہوگا، معاہدے سے ٹیکس اور ڈیوٹیز کی چوری کے خطرات کم ہوں گے۔ معاہدے سے متعلق بین الوزارتی مشاورتی عمل مکمل کرلیا گیا ہے۔ وزارت داخلہ، دفاع، تجارت اور خارجہ سے مشاورت کی گئی جبکہ وزارت قانون وانصاف سے معاہدے کے مسودے کی توثیق بھی کروائی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 67

چاہتی ہے تاکہ ملک میں گندم کا بحران پیدا نہ ہو نہ ہی پیاز، ٹماٹر اور آلو کیلئے انڈیا کا محتاج بننا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی گرین ٹی وی قائم کرے گی تاکہ خواتین کیلئے کچن گارڈن اور کسانوں کی رہنمائی ہو سکے

بقیہ بقیہ جات 68

اقتدار میں بھی لا سکتے ہو لیکن آڈیو ویڈیو سے ریاست کو نہیں چلا سکتے، ریاست جب ڈبو دی جائے تو باقی کیا رہ جاتا ہے۔ جو آئین شکن ہیں وہ آئین کی آڑ میں وہ کام کرنے والے ہیں

بقیہ بقیہ جات 69

عارف علوی خوامخواہ ٹانگ نہ اڑائیں، الیکشن کمشن کو غیرقانونی اور غیر آئینی احکامات پر مجبور نہیں کیا جا سکتا، الیکشن کمیشن آپ کا غلام نہیں کہ جو آپ کہیں وہ مانے، عمران خان نے معیشت، خارجہ تعلقات اور قومی مفادات کو نقصان پہنچایا، اب ریاستی سربراہ کے منصب کو سازش کے لئے استعمال کررہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 70

شہ خانہ کو ٹاپ ایجنڈا بنانے والی حکومت اب اپنے بیانیے سے راہ فرار اختیار کرچکی ہے، سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں رہنما پی ٹی آئی فواد حسین چودھری نے کہا کہ لاہور ہائی کورٹ میں توشہ خانہ کیس کی سماعت کے دوران وفاقی حکومت نے موقف اختیار کیا کہ اگر توشہ خانہ کا ریکارڈ پبلک کیا گیا تو توشہ خانہ کے ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ کا بیان حلفی دیں کہ کیسے یہ تحائف خفیہ ہیں، اگر عدالت مطمئن ہوئی کہ واقعی یہ تحائف خفیہ ہونے چاہیے تو عدالت اسے پبلک کرنے کا حکم نہیں دے گی۔ معزز عدالت نے کہا کہ آپ نے جواب میں لکھا ہے کہ توشہ خانہ کے تحائف منظر عام پر آنے سے میڈیا ہائپ بن جاتی ہے، کیا صرف یہ وجہ ہے کہ توشہ خانہ کے تحائف خفیہ رکھے جاتے ہیں۔ اس میں ملکی سلامتی اور بین الاقوامی تعلقات کہاں سے آگئے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ اگر ایک بی ایم ڈبلیو کی گاڑی کا تحفہ آتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ اسکے بدلے ایل این جی کا ٹھیکہ دیں تو پھر کیا ہوگا۔ عدالت نے سماعت ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 71

کر دیا جائے گا۔ اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی نے آخری نوٹس کے ساتھ ادائیگیاں نہ کرنے والے اداروں اور وزارتوں کی تفصیلات بھی جاری کر دیں، آئیسکو کے مطابق آزاد جموں کشمیر 105 ارب 33 کروڑ 50 لاکھ روپے پارلیمنٹ لاجز کے ذمہ واجبات 11 کروڑ 20 لاکھ، پی ایم سیکرٹریٹ 8 کروڑ 40 لاکھ روپے وزارت داخلہ آئیسکو کی 8 کروڑ 30 لاکھ روپے سی ڈی اے 2 ارب 88 کروڑ ، پاک سیکرٹریٹ 68 کروڑ 90 لاکھ روپے کے نادہندہ ہیں آئیسکو کے مطابق کیبنٹ سیکرٹریٹ 7 کروڑ 90 لاکھ، واسا 44 کروڑ 90 لاکھ، فیڈرل گورنمنٹ کے زیر انتظام ہسپتال 19 کروڑ 80 لاکھ روپے وزارت ریلوے 14 کروڑ 70 لاکھ، وفاقی پولیس 14 کروڑ 60 لاکھ، ٹی ایم اے راول ٹاؤن ساڑھے بارہ کروڑ کی نادہندہ ایف بی آر/ سی بی آر 1 کروڑ 40 لاکھ اور وزارت منصوبہ بندی ایک کروڑ 20 لاکھ روپے کی نادہندہ ہے آئیسکو کے مطابق چیف کمشنر اسلام آباد 7 کروڑ، وزارت صحت 5 کروڑ 80 لاکھ نسٹری آف کلچر اینڈ سپورٹس 5 کروڑ 40 لاکھ روپے سینیٹ 5 کروڑ ، وزارت تعلیم 4 کروڑ 70 لاکھ پاکستان براڈ کاسٹنگ کارپوریشن 2 کروڑ 90 لاکھ روپے کے نادہندہ ہیں

بقیہ بقیہ جات 72

پولیس اور امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچیں اور زخمیوں کو ٹروما سنٹر چکوال اور ٹی ایچ کیو منتقل کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ حادثے کے بعد بس مکمل طور پر تباہ ہوگئی جس کی وجہ سے بس کی باڈی کو کاٹ کر زخمیوں کو باہر نکالا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 73

کے پاس ایگزیکٹو پاور نہیں ہے، صدر نے از خود اعلان کر کے آئینی بحران پیدا کر دیا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے احمد بلال کا کہنا تھا کہ صدر مملکت اور الیکشن کمیشن کے درمیان مشاورت نہیں ہوئی، آئین میں لکھا ہے صدر الیکشن کمیشن سے مشاورت کے بعد اعلان کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی ایڈوائس پر صدر مملکت تاریخ دے سکتے ہیں، وزیر اعظم نے صدر مملکت کو ایڈوائس نہیں دی، اب عدالت عظمیٰ ہی کوئی رولنگ دے گی، فیصلہ اب عدالت ہی کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 74

کے مزار پر حاضری کے لئے جا رہے تھے، حادثے میں جاں بحق ہونے والے تین افراد کی لاشیں نکال لی گئی ہیں جبکہ دیگر تین کی تلاش کے لئے جاری ریسکیو آپریشن کو اندھیرے کے باعث روک دیا گیا ہے۔ دوسری جانب حادثے میں جاں بحق ہونے والے افراد کی لاشیں گھر پہنچنے پر کہرام مچ گیا۔

بقیہ بقیہ جات 75

واقع رہائش گاہ میں لے جانے سے روک لی گئی۔ پولیس نے کہا کہ اندر سے اجازت ملنے اور مکمل چیکنگ تک گاڑی نہیں جانے دے سکتے، گاڑی روکنے پر پاکستان تحریک انصاف کے کارکنوں کی پولیس کے ساتھ تلخ کلامی ہوئی ہے۔ عمران خان کی رہائش گاہ سے اجازت ملنے پر گاڑی کو اندر جانے دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 76

بجے طلب کر رکھا ہے۔ ایف آئی اے کی کارروائی بدنیتی پر مبنی ہے، درخواست گزار کی جانب سے استدعا کی گئی ہے کہ عدالت ایف آئی اے طلبی کا نوٹس معطل کرے، درخواست میں ایف آئی اے سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا۔

بعدالت جناب مسز نادیہ علی صاحبہ
سول جج درجہ اول بھلوال

دعویٰ: تقسیم مکان

عنوان: محمد اکبر بنام محمد اصغر۔ بنام محمد اصغر ولد دوست محمد عرف دوسہ قوم ڈوآنہ حلہ سکنہ سالم تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا۔ ہرگاہ کے مقدمہ درجہ بالا میں مدعا علیہ مذکور کی تعمیل آسان طریقے سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بتقرری 23-2-22 اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت حاضر آئیں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب چودھری شاہد محمود پنجوتھہ صاحب
نائب تحصیلدار ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس
بھلوال

درخواست برائے تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 4 شمالی

متوفیہ نجمہ پروین بیوہ محمد شریف، وارثان: محمد شریف والد، صفیہ بی بی والدہ، رانا محمد شریف خاوند، محمد شہباز پسر پہلے فوت شدہ، شہناز رانی دختر متوفیہ بعد میں فوت شدہ، زندہ: رانا محمد شہزاد، رانا محمد عمران، محمد کامران پسران، محمد اقبال زروشیا شہباز دختر، سونیا بانو بیوہ ، رانا محمد شہزاد پوتگان متوفیہ ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب میاں محمد نعیم جانثار صاحب،
تحصیلدار ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع سالم:

متوفی حق نواز ولد شیر محمد، وارثان: شیر محمد والد، ستاں بیوی والدہ پہلے فوت شدہ، زندہ: سرفراز برادر، شہناز بی بی ہمشیرہ متوفی، کنیز بتول بیوہ، نگہت نواز، صائمہ نواز دختران حق نواز متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

سٹار ہائی سکول پرائم گرامر سکول کے زیر اہتمام

فن گالا، گریجویشن و تقسیم انعامات کا انعقاد

فن گالا میں بچوں کی جانب سے پیش کی جانے والی ٹیبلوز اور فن سے ذاتی زندگی میں نکھار آنے سے انکی نصابی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا' ڈاکٹر ایوب ندیم' محمد کامران

لاہور (سٹاف رپورٹر' قوت) روز سٹار ہائی سکول اور پرائم گرامر سکول لاہور کے زیر اہتمام فن گالا، گریجویشن و تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں طلبہ و طالبات، اساتذہ اکرام، طلبہ و طالبات کے والدین و انتظامیہ نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ جس میں مہمان خصوصی راجہ کامران ایڈووکیٹ ہائی کورٹ، پرنسپل گورنمنٹ سائنس کالج لاہور ڈاکٹر ایوب ندیم، ڈائریکٹر ریفاء انٹرنیشنل کالج ملک وقاص، پروڈیوسر ڈائریکٹر پی ٹی وی ہوم محمد صفدر، منور خان نیازی ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پریس لاز ڈی جی پی آر لاہور، مینجنگ ڈائریکٹر پرائم گرامر سکول عمران یونس تھے۔ تقریب کا آغاز قرآن پاک سے کیا گیا، بعدازاں نبی پاک میں گلہائے عقیدت پیش کیا گیا۔ مہمان گرامی ڈاکٹر ایوب ندیم اور محمد کامران نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سٹار ہائی سکول اور پرائم گرامر سکول اپنے طلبہ و طالبات کو معیاری تعلیم فراہم کر رہے ہیں۔ موجود تقریب میں بچوں کی قابلیت وصلاحیت کو سراہا گیا۔ انھوں نے کہا کہ بچوں کو نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ غیر نصابی سرگرمیوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

PRIME GRAMMAR SCHOOLS

تقریب فن گالا میں بچوں کی جانب سے ٹیبلز اور فن پیش کئے گئے جبکہ ڈاکٹر ایوب ندیم' محمد کامران، طالبات، ودیگر شرکا کی تصویری جھلکیاں

مسائل کے حل کیلئے صنعتکاروں، تاجروں سے ہر ممکن تعاون کرینگے، ابراہیم حسن مراد

محکمہ بلدیات کی خدمات کی فراہمی میں جدت لا رہے ہیں تا کہ شہریوں کو خدمات بلا روک ٹوک اپنی دہلیز پر ملیں' نگران وزیر بلدیات

لاہور (خبر نگار) نگران وزیر بلدیات پنجاب ابراہیم حسن مراد نے کہا ہے کہ میونسپل سروسز، پارکنگ، انکروچمنٹ اور دیگر مسائل کے حل کیلئے صنعتکاروں اور تاجروں سے ہر ممکن تعاون کریں گے تاکہ صوبے میں صنعت اور تجارت کو صحیح معنوں میں فروغ ملے۔ وہ گزشتہ روز لاہور چیمبر آف کامرس کا دورہ کر رہے تھے۔ انہوں نے چیمبر کے ارکان سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ بلدیات کی تمام خدمات کی فراہمی میں جدت لا رہے ہیں تاکہ شہریوں کو یہ خدمات بلا روک ٹوک اپنی دہلیز پر ملیں۔ ابراہیم حسن مراد نے کہا کہ مقامی انڈسٹری اور برآمدات کے فروغ میں لاہور چیمبر کی بے پناہ خدمات ہیں جس نے ملک کو بڑی بڑی کاروباری شخصیات دی ہیں۔ صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ ملکی معیشت کی بحالی و استحکام کے لیے کاروباری برادری کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ بلدیات کے اداروں سے پیدائش، وفات اور شادی سرٹیفکیٹ کے اجراء کا طریق کار آسان ترین بنایا جا رہا ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

نگران وزیر بلدیات پنجاب ابراہیم حسن مراد لاہور چیمبر آف کامرس کے ارکان سے خطاب کر رہے ہیں

ڈپٹی سپیکر کے پی محمود جان کیخلاف قتل اور اقدام قتل کا مقدمہ درج

ڈپٹی سپیکر کے پی محمود جان اور عیسیٰ خیل قوم کے درمیان جائیداد کا تنازع تھا' پولیس

پشاور (بیورو رپورٹ' قوت) خیبر پختونخوا اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر محمود جان سمیت ان کے دو ساتھیوں کے خلاف قتل اور اقدام قتل کا مقدمہ درج کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق مضافاتی علاقے ریگی سفید سنگ میں ڈپٹی اسپیکر کے پی اسمبلی محمود جان اور عیسیٰ خیل قوم کے درمیان جائیداد کا تنازع چلا آرہا تھا۔ گزشتہ روز ڈپٹی اسپیکر نے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ متنازع زمین میں ایکسی ویٹر سے کام شروع کیا تو مخالف فریق کی جانب سے منع کرنے پر فائرنگ کی گئی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

نقیب اللہ قتل کیس میں راؤ انوار سمیت دیگر کی بریت کیخلاف اپیل دائر

ملزمان کی بریت کیخلاف اپیل نقیب اللہ کے بھائی شیر عالم کی جانب سے دائر کی گئی

کراچی (بیورو رپورٹ' قوت) نقیب اللہ قتل کیس میں سابق ایس ایس پی ملیر راؤ انوار سمیت دیگر ملزمان کی بریت کے خلاف سندھ ہائیکورٹ میں اپیل دائر کردی گئی ہے۔ رواں برس 23 جنوری کو کراچی کی انسداد دہشتگردی کی عدالت نے نقیب اللہ قتل کیس کا فیصلہ سنایا تھا اور اس وقت کے ایس ایس پی ملیر راؤ انوار سمیت 18 دیگر ملزمان کو بری کر دیا تھا۔ کیس میں ملزمان کی بریت کے خلاف سندھ ہائی کورٹ میں درخواست دائر کی گئی ہے۔ ملزمان کی بریت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

نریندر مودی بھارت کو BJP راشٹر میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں، محبوبہ مفتی

سرینگر (ایجنسیاں، قوت) پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کی سربراہ محبوبہ مفتی نے کہا ہے کہ بھارتیہ جنتا پارٹی کی حکومت مقبوضہ کشمیر کو اپنی پالیسیوں کیلئے ایک مشق گاہ کے طور پر استعمال کر رہی ہے جنہیں بعد میں بھارت میں نافذ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

بھائی سے جھگڑے میں فائرنگ کرنیوالا ملزم گرفتار

لاہور (سٹاف رپورٹر، قوت) صوبائی دارالحکومت لاہور کے علاقہ ماڈل ٹاؤن میں دو بھائیوں میں گھریلو جھگڑے پر ہوائی فائرنگ کا واقعہ پیش آیا ہے، پولیس نے فائرنگ میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

ملک کے بیشتر میدانی علاقوں میں موسم زیادہ تر خشک رہے گا

بالائی خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان اور کشمیر میں کہیں کہیں بارش کا امکان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ' قوت) محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کے مطابق آئندہ بارہ گھنٹے کے دوران ملک کے بیشتر میدانی علاقوں میں موسم زیادہ تر خشک رہے گا جبکہ بالائی علاقوں میں سرد اور جزوی طور پر ابر آلود رہے گا۔ تاہم خطہ پوٹھوہار، بالائی خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان اور کشمیر میں کہیں کہیں گرج چمک کے ساتھ بارش اور پہاڑوں پر برفباری کا امکان ہے۔ اس دوران ژالہ باری بھی متوقع ہے۔ ملک کے مختلف حصوں میں ریکارڈ کیا گیا بعض (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

واردات کے بعد فرار ڈاکوؤں کی پولیس پارٹی پر فائرنگ

ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار، دوسرا فرار، پولیس کا سرچ آپریشن

لاہور (سٹاف رپورٹر، قوت) صوبائی دارالحکومت لاہور کے علاقہ شاہدرہ ٹاؤن میں واردات کے بعد فرار ہونے والے ڈاکوؤں نے تعاقب کرنے پر پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کردی، ایک ڈاکو اپنے ہی ساتھی کی فائرنگ سے زخمی ہوگیا جسے گرفتار کرلیا گیا جبکہ دوسرا فرار ہوگیا۔ بتایا گیا ہے کہ شاہدرہ ٹاؤن کے علاقہ میں دوران پٹرولنگ 15 کی کال ملنے پر پولیس اہلکاروں کی جانب سے دو مسلح ڈاکوؤں کا تعاقب کیا گیا۔ ڈاکو شہری سے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

امیدوار ایم این اے میاں مظہر عباس حلقہ 156 کی سابق وزیر اعظم چوہدری شجاعت حسین کے بیٹے چوہدری شافع حسین سے ملاقات۔ ملاقات میں موجودہ ملکی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا

سی ٹی او لاہور کا دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی کا حکم

لاہور (سٹاف رپورٹر' قوت) چیف ٹریفک آفیسر لاہور کیپٹن (ر) مستنصر فیروز نے دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ شہر کے داخلی و خارجی راستوں، بس اڈوں پر جوائنٹ آپریشنز کیے جائیں، خصوصی ناکہ جات لگاتے ہوئے کریک ڈاؤن کو بھی یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے بتایا کہ رواں سال کے دوران 20ہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

منی بجٹ پٹرول مہنگا، مہنگائی کی شرح 42

فیصد پہنچنے پر عوام پریشان، سلیم بریار

لاہور (سٹاف رپورٹر، قوت) ٹیلن گروپ آف کمپنیز کے چیئرمین، پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما چوہدری محمد سلیم بریار، احسن سلیم بریار ایم پی اے سپیشل اسسٹنٹ وزیر اعلیٰ پنجاب برائے بورڈ آف انوسٹمنٹ نے کہا ہے کہ منی بجٹ، پٹرول اور سیلز ٹیکس و دیگر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

ملکی صورتحال کے پیش نظر پنجاب یونیورسٹی ہاسٹلز کی سکیورٹی سخت کرنے کا فیصلہ

لاہور (سٹاف رپورٹر، قوت) امن و امان کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر پنجاب یونیورسٹی ہاسٹلز کی سکیورٹی سخت کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس حوالے سے چیئرمین (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

طورخم سرحد پر افغان فورسز کی ایف سی چیک پوسٹ پر فائرنگ

بغیر سفری دستاویزات پاکستان داخل ہونیوالے افغان شہری کو واپس بھیج دیا گیا

خیبر (ایجنسیاں، قوت) طورخم سرحد پر افغان فورسز کی جانب سے ایف سی چیک پوسٹ پر فائرنگ کی گئی ہے۔ ایف سی ذرائع کے مطابق ایف سی اہلکاروں کی جانب سے بھی جوابی فائرنگ کی گئی ہے، فائرنگ میں کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز پاکستان آنے والے افغان مریض کے ساتھی کے پاس سفری دستاویزات نہیں تھیں، بغیر سفری دستاویزات پاکستان داخل ہونے والے افغان شہری کو واپس بھیج دیا گیا۔ افغان شہری کو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

عمران خان ہماری ریڈ لائن، پوری قوم اس کی حفاظت کریگی، مسرت جمشید

ہم لوگ پاکستان کے مستقبل کی خاطر سر پر کفن باندھ کے نکلے ہیں: رہنما پی ٹی آئی

لاہور (سٹاف رپورٹر، قوت) پاکستان تحریک انصاف کی مرکزی رہنما و سابق ترجمان پنجاب حکومت مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ عمران خان ہماری ریڈ لائن ہیں اور اس لائن کی حفاظت پاکستانی قوم کرے گی۔ انہوں نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری اپنے پیغام میں کہا کہ ہم لوگ پاکستان کے مستقبل کی خاطر سر پر کفن باندھ کے نکلے ہیں، حکومت نے رجیم چینج آپریشن سے پاکستان کو پہلے ہی کئی دہائی پیچھے کر دیا ہے، اب یہ پاکستان کے مستقبل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

آڈیو لیک کی مکمل تحقیقات ہونی چاہیے، چوہدری پرویز عابد

آئین میں واضح ہے کہ اسمبلیاں تحلیل ہونے کے 90 روز میں الیکشن کروائے جائیں، صدر بار

گوجرانوالہ (علی رضا وڑائچ) صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن گوجرانوالہ چوہدری پرویز عابد کا کہنا ہے کہ آڈیو لیک کی مکمل تحقیقات ہونی چاہیے کیونکہ پردہ داری سب کا آئینی حق ہے اس کی پاسداری ہونی چاہیے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ بار روم میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا انھوں نے کہا کہ جہاں سپریم کورٹ محفوظ نہیں وہاں عام آدمی کیسے محفوظ ہو سکتا ہے دہشتگردی اس وقت ختم ہوگی جب سب کو ان کے آئینی حقوق ملیں گے صدر بار کا کہنا تھا کہ تمام مسائل کا واحد حل ملک میں آئین و قانون کی بالا دستی ہونا ہے اس لیے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

24 فروری کو "حق دو مارچ" کا انعقاد کیا جائے گا

مار گئی مہنگائی اس وقت ایک ایسا نعرہ ہے جو ہر شخص کے دل کی آواز ہے، مظہر اقبال رندھاوا

گوجرانوالہ (چوہدری طارق، نویدہ بخاری، قوت) ضلعی امیر جماعت اسلامی مظہر اقبال رندھاوا نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کے زیر اہتمام 24 فروری کو "حق دو مارچ" کا انعقاد کیا جائے گا جو بروز جمعۃ المبارک 3 بجے شیخوپورہ موڑ جی ٹی روڈ سے آغاز کریگی جس میں تاجر، صنعتکار، وکلا، ڈاکٹرز، شہری، طلبا، نوجوانوں کے علاوہ ہر مکتبہ فکر کے افراد کی کثیر تعداد شرکت کریگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر احسان اللہ عثمانی جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی ضلع گوجرانوالہ، شیخ محمد افضل صدر کلاتھ بورڈ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

نارنگ ریلوے اسٹیشن پر سہولیات کا فقدان

مسافروں کو پینے کے صاف پانی تک میسر نہیں، نوٹس کا مطالبہ

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) نارنگ ریلوے اسٹیشن پر پینے کا صاف پانی نہ ہونے سے مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا نارنگ ریلوے اسٹیشن پر روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں مسافروں کی آمدورفت ہوتی ہے مگر پینے کا صاف پانی نہ ہونے سے انہیں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے سردیاں تقریباً گزر چکی ہیں گرمیوں کے دنوں میں مسافروں کو بہت زیادہ مشکلات کا سامنا ہونے کا امکان ہے شہریوں نے محکمہ ریلوے اور مخیر حضرات سے اپیل کی ہے کہ نارنگ ریلوے اسٹیشن پر پینے کے صاف پانی کا انتظام کیا جائے تاکہ مسافروں کیلئے آسانیاں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

ننکانہ، ایپکا کے زیر اہتمام قلم چھوڑ ہڑتال و احتجاجی مظاہرہ

تنخواہوں اور ہاؤس رینٹ الاؤنس موجودہ تنخواہ پر 100 فیصد اضافہ کیا جائے، مقررین

ننکانہ صاحب (نمائندہ قوت) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن ضلع ننکانہ صاحب کے زیر اہتمام مطالبات کے حق میں قلم چھوڑ ہڑتال اور احتجاجی مظاہرہ کیا گیا جس کی قیادت ضلعی صدر آصف مسعود بھٹی نے کی جبکہ احتجاجی مظاہرے میں مبشر سلیم بھٹی سینئر نائب صدر، سید محمد عقیل عباس شاہ صوبائی سینئر نائب صدر پنجاب، محمد علی منور ضلعی نائب صدر، عظیم لطیف چیئرمین، محمد سلیم بھٹی جنرل سیکریٹری، محمد سلمان وائس چیئرمین، جاوید احمد شاہ سرپرست اعلیٰ جنید ادریس پریس سیکرٹری ایپکا، طارق محمود اور عبدالنبی سمیت دیگر عہدیداران اور ممبران نے شرکت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

احتجاج احتجاج
احتجاج احتجاج

ننکانہ: مبشر سلیم بھٹی، سید محمد عقیل عباس شاہ، محمد علی منور، عظیم لطیف ودیگر احتجاج میں شریک ہیں

صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن گوجرانوالہ چوہدری پرویز عابد پریس کانفرنس کر رہے ہیں

جیل بھرو تحریک سوشل میڈیا پر گرفتاریاں ٹویٹر پر دی جائینگی: سلیم رضا

عوام کو ریلیف کی فراہمی کی خاطر مربوط اقدامات کئے جا رہے ہیں، ممبر پی ڈی ایم

جلد عوام مثالی ریلیف سے ہمکنار ہونگے ملک ترقی کریگا اور خوشحالی قوم کا مقدر بنے گی

لاہور (سٹاف رپورٹر، قوت) مسلم لیگ (ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات، ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ جیل بھرو تحریک سوشل میڈیا پر گرفتاریاں ٹویٹر پر دی جائیں گی، کارکنوں کی بجائے تحریک انصاف عدالتوں کو مطلوب اپنی لیڈر شپ سے جیل بھرو تحریک کا آغاز کرے، جیل بھرو تحریک چلانے والے خود کیوں مقدمات میں قبل از گرفتاری کی ضمانتیں کروا رہے ہیں؟۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ نواز لیگ کی قیادت عوام دوستی میں اپنی مثال آپ ہے قوم کو جن مشکل حالات کا سامنا ہے قیادت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

مختلف واقعات میں ایک لڑکی کو ملزمان نے بے آبرو کردیا، دوسری نے شور مچا کر خود کو محفوظ کرلیا

قصور (قوت بیورو) قصور کے گردونواح میں زیادتی کی دو مختلف واقعات میں ایک لڑکی کو ملزمان نے بے آبرو کر دیا جبکہ دوسری نے شور مچا کر خود کو محفوظ کیا۔ قصور کے نواح تپوکی میں نامزد ملزمان نے ایک لڑکی کو بے آبرو کر دیا، زیادتی کا نشانہ بننے والی لڑکی سراپا احتجاج۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

محکمہ صحت کی طرف سے سکول ہیلتھ اینڈ نیوٹریشن سپروائزر کو ریگولر کرنے کا فیصلہ

جڑانوالہ (ایجنسیاں، قوت) محکمہ صحت کی طرف سے سکول ہیلتھ اینڈ نیوٹریشن سپروائزر کو ریگولر کرنے کا فیصلہ، جڑانوالہ سمیت صوبہ بھر میں کنٹریکٹ پر بھرتی ہونے والے گریڈ 17 کے سکول ہیلتھ اینڈ نیوٹریشن سپروائزرز کی تفصیلات طلب کرلیں۔ سیکرٹری پرائمری اینڈ سکینڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

"جگ مگ فیصل آباد' پروگرام وسیع پیمانے پر لانچ کرنے کا اعلان

شہر بھر کے روڈز کی حالت زار کو بہتر بنانا ترجیح ہے، ڈی سی علی عنان قمر

فیصل آباد (قوت بیورو) ڈپٹی کمشنر علی عنان قمر نے "جگ مگ فیصل آباد' پروگرام وسیع پیمانے پر لانچ کرنے کا اعلان کر دیا جس کے تحت پہلے مرحلہ میں بدھ 22 فروری کو سوساں روڈ کو جگ مگ کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی اور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی، واسا، پی ایچ اے، میٹروپولیٹن کارپوریشن کو معیاری صفائی ستھرائی، پلانٹیشن کے علاوہ گرین بیلٹس کی تزئین و آرائش، پیچ ورک، سٹریٹ لائٹس فنکشنل، وال چاکنگ کے صفایا کے علاوہ گٹروں کے ڈھکن یقینی بنانے کا ٹاسک تفویض کر دیا۔ انہوں نے محکموں کو کوآرڈینیشن کی تاکید کی اور اسسٹنٹ کمشنرز کو فوکل پرسن مقرر کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہر بھر کے روڈز کی حالت زار (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

ڈپٹی کمشنر علی عنان قمر جگ مگ فیصل آباد کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

6 ماہ میں صنعتوں کی پیداوار میں 3.68 فیصد کمی تشویشناک ہے: میاں خرم

برآمدات کی بحالی اور توسیع کے سلسلہ میں فوری اقدامات کی ضرورت ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر، قوت) چیئرمین ٹاؤن شپ انڈسٹریز ایسوسی ایشن لاہور میاں خرم الیاس نے ادارہ شماریات کی رپورٹ پر تشویش کا اظہار کیا ہے جس کے مطابق رواں مالی سال کے 6 ماہ کے دوران بڑی صنعتوں کی پیداوار میں 3.68 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹاؤن شپ انڈسٹریز ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین سہیل اکبر، احسن منیر چاولہ وائس چیئرمین کے ہمراہ صنعتکاروں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بجلی گیس، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ سے صنعتی شعبہ کی پیداواری لاگت بڑھ رہی ہے جس سے اشیاء مہنگی ہونے کے باعث ملکی برآمدات کمی کا شکار ہیں انہوں نے کہا کہ آٹو موبائیل سیکٹر کی پیداوار میں 23.30 فیصد، ٹیکسٹائل کے شعبے کی پیداوا میں 13.06 فیصد، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

ایران سے 85 غیر قانونی پاکستانی تارکین وطن بے دخل، ذرائع

تارکین وطن قانونی دستاویزات کے بغیر ترکیہ اور یورپی ممالک پہنچنا چاہتے تھے

تفتان (فارن ڈیسک، قوت) ایرانی حکام نے ضلع چاغی کے قریب میرجاوہ تفتان سرحد سے مزید 85 غیر قانونی پاکستانی تارکین وطن کو ملک بدر کر دیا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق ڈی پورٹ ہونے والوں میں 38 کا تعلق پنجاب، 34 کا تعلق بلوچستان، 9 کا تعلق سندھ اور 4 شہریوں کا تعلق خیبر پختونخوا سے ہے، ان شہریوں کو تفتان رہداری گیٹ پر لیویز فورس کے اہلکاروں کے حوالے کیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ ابتدائی پوچھ گچھ میں بتایا گیا کہ تارکین وطن بہتر معاشی ذرائع کی تلاش کے لیے قانونی دستاویزات کے بغیر ترکیہ اور یورپی ممالک پہنچنا چاہتے تھے، ان پاکستانیوں کو ایران کے مختلف شہروں سے گرفتار کیا گیا۔ حراست میں لیے گئے افراد کو بعد ازاں مزید تفتیش اور قانونی چارہ جوئی کے لیے وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے حوالے کردیا گیا۔

جھنگ: پولیس نے ڈیڑھ ماہ قبل قتل ہونیوالے محرم خان کا نامزد قاتل گرفتار کرلیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) پولیس نے ڈیڑھ ماہ قبل قتل ہونیوالے محرم خان کا نامزد قاتل گرفتار کرلیا ہے جبکہ تین ملزمان کی عبوری ضمانت ہو نے پر مقدمہ کی تفتیش کی جارہی ہے تفصیلات کے مطابق تھانہ گڑھ مہاراجہ کے علاقہ میں ڈیڑھ ماہ قبل محرم خان کو قتل کر دیا گیا تھا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

بادشاہ چارلس سوم کی تاج پوشی کی تقریب، موسیقاروں کے نام سامنے آگئے

لندن (فارن ڈیسک، قوت) برطانیہ کے بادشاہ چارلس سوم کی تاج پوشی کی تقریب کے لئے 12 نئی موسیقی کا انتخاب کیا گیا ہے جس میں سے ایک مشہور برطانوی موسیقار اینڈریو لائیڈ ویبر موسیقی پیش کریں گے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق چھ مئی کو لندن کے ویسٹ منسٹر ایبے میں ہونے والی تاج (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

انتخابات پی ڈی ایم جماعتوں کا سیاسی جنازہ ثابت ہونگے: ڈاکٹر شاہد صدیق

ملک کو بحرانوں سے نکالنا پی ڈی ایم حکومت کے بس کی بات نہیں، مرکزی رہنما

مہنگائی میں بے پناہ اضافے نے عام آدمی کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر، قوت) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر مرکزی بانی رہنما ڈاکٹر شاہد صدیق خان نے کہا ہے کہ انتخابات پی ڈی ایم جماعتوں کا سیاسی جنازہ ثابت ہونگے، پی ڈی ایم حکومت کا المیہ اس وقت یہ ہے کہ نہ ان سے سیاست ہو رہی ہے اور نہ ہی معیشت چل رہی ہے، وفاقی حکومت ضمنی انتخاب سے راہ فرار حاصل کر کے آئین کی خلاف ورزی کی مرتکب ہو رہی ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک کو بحرانوں سے نکالنا پی ڈی ایم حکومت کے بس سے باہر ہو چکا ہے۔ "چوں چوں کا مربہ" ملک کی بجائے اپنی جیبیں بھرنے میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

قرآن و سنت کا نظام ہی پاکستان کا مقدر، مسائل کا واحد حل ہے، ضیاء الدین انصاری

ملک کو 2 صوبوں میں انتخابات کی نہیں بلکہ پورے ملک میں انتخابات کی ضرورت ہے' امیر جماعت اسلامی

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈوکیٹ نے کہا ہے کہ قرآن وسنت کا نظام ہی پاکستان کا مقدر اور مسائل کا واحد حل ہے۔ ملک میں اسلامی نظام کے بغیر ملک وقوم ترقی اور خوشحالی کی منزال طے نہیں کر سکتے۔ انتخابات میں آئین و قانون کی بالادستی سے ہی ملک وقوم کا مستقبل وابستہ ہے۔ صدر مملکت پاکستان کا کے پی کے اور پنجاب میں انتخابات کی تاریخ کا اعلان درست فیصلہ ہے مگر ملک کو دو صوبوں میں انتخابات کی نہیں بلکہ پورے ملک میں انتخابات کی ضرورت ہے۔ حکومت حیلے بہانوں کی بجائے بروقت پورے ملک میں انتخابات کیلئے ایک تاریخ کا اعلان کرے۔ جماعت اسلامی نے اہل لاہور کو صوبائی وقومی اسمبلی کیلئے پڑھی لکھی، باصلاحیت اور دیانتدار قیادت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

لاہور: جماعت اسلامی پی پی 158 سے امیر جماعت اسلامی وسطی پنجاب محمد جاوید قصوری، ذکر اللہ مجاہد، عامر نثار خان، رانا آصف خطاب کر رہے ہیں

سٹی ڈویژن پولیس کا کریک ڈاؤن، 145 ملزمان گرفتار

سنگین وارداتیں کرنے والے مفرور اشتہاری اور ریکارڈ یافتہ 52 ملزمان گرفتار کئے

لاہور (سٹاف رپورٹر، قوت) سٹی ڈویژن پولیس نے کریک ڈاؤن کر کے 24 گھنٹوں میں 145 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق سنگین وارداتیں کرنے والے مفرور اشتہاری اور ریکارڈ یافتہ 52 ملزمان گرفتار، مختلف مقامات سے 7 منشیات فروش گرفتار، غیر قانونی اسلحہ اور اسکی نمائش کرنے پر 4 ملزمان گرفتار، حساس مقامات اور کرایہ داری ایکٹ کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

برازیل' سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ، 36 افراد جاں بحق

سینکڑوں لوگ بے گھر، مختلف شہروں میں ایمرجنسی نافذ' ذرائع

ساؤ پاؤلو (فارن ڈیسک' قوت) برازیل کی ریاست ساؤ پاؤلو میں موسلادھار بارش کے بعد سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کے نتیجے میں چھتیس افراد ہلاک جبکہ سیکڑوں لوگ بے گھر ہوگئے۔ شہروں میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سیلابی صورتحال کے باعث ساؤ پاؤلو کے گورنر نے پانچ ساحلی شہروں میں ایمرجنسی نافذ کردی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

اقوام متحدہ اسرائیلی حملے روکنے کیلئے ضروری اقدامات کرے: شام

دمشق میں تباہ کن زلزلے کے باوجود اسرائیلی ظالمانہ کارروائیاں جاری ہیں

دمشق (فارن ڈیسک، قوت) شام نے دمشق پر اسرائیل کے تباہ کن میزائل حملے کے بعد اقوام متحدہ پر زور دیا ہے کہ وہ اسرائیل کے حملوں کو روکنے کے لئے ضروری اقدامات کرے اور اسرائیل سے باز پرس کرے۔ شام کی وزارت خارجہ نے اپنے بیان میں کہا کہ جب دمشق تباہ کن زلزلے میں شہید ہونے والے افراد کی تدفین اور مشکل صورتحال سے نکلنے کی کوشش میں مصروف ہے اسرائیل نے ظالمانہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

شمالی کوریا کی جانب سے بیلسٹک میزائلوں کے تجربات کا سلسلہ جاری

فوجی مشقیں بند نہ کی گئیں تو کوریا اور بحرالکاہل میدان جنگ بن جائینگے، خبر رساں ادارے

پیانگ یانگ (فارن ڈیسک، قوت) شمالی کوریا کی جانب سے بیلسٹک میزائلوں کے تجربات کا سلسلہ جاری، جاپان کے سمندر میں دو مزید بیلسٹک میزائلوں کا تجربہ، جزیرہ نما کوریا اور بحرالکاہل میں شدید کشیدگی۔ شمالی کوریا کے سرکاری خبر رساں ادارے نے میزائل تجربات کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ تجربات کئے گئے میزائل دشمن کے فضائی اڈوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

نایاب نسل کے گدھوں کو رواں سال آزاد کرنے کا فیصلہ

لاہور (نیٹ نیوز) چھانگا مانگا جنگل میں بنائے گئے ولچرز بحالی سنٹر میں موجود نایاب نسل کے سفید پشت والے گدھ آزاد فضاؤں میں اڑان بھرنے کے لئے بے چین ہیں لیکن ماہرین کے نزدیک انہیں ابھی کھلی فضا میں چھوڑنا خطرناک ہو سکتا ہے۔ پاکستان میں ولچرز کی ناپیدی کا سبب بننے والی ادویات آج بھی ملک بھر میں مختلف ناموں سے فروخت ہو رہی ہیں۔ ادھر ڈبلیو ڈبلیو ایف کے حکام کا کہنا ہے اس سال تجرباتی طور پر دو ولچرز وائلڈ لائف پروٹیکٹڈ ایریا اور نیشنل پارک میں چھوڑے جانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

خاتون نے دوست کے گھر سے پونے 4 کروڑ روپے کی اشیا چرا کر ہو بہو نقلی اشیا رکھ دیں

بیجنگ (نیٹ نیوز) اپنی دوست کے گھر سے پونے 4 کروڑ روپے مالیت کی قیمتی اشیا چرا کر ان کی جگہ ہو بہو نقلی اشیا رکھنے والی چینی خاتون کو 12 سال قید کی سزا سنا دی گئی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق دھوکہ دہی اور فراڈ کا یہ معاملہ تین سال قبل شروع ہوا تھا جب کاؤ نامی خاتون نے اپنے گھر کی تزئین و آرائش کے لیے چابی اپنی دوست لیو کو دی تھی اور وہ خود کام کے سلسلے میں شہر سے باہر گئی ہوئی تھی۔ جب واپس لوٹی تو چند ہی دنوں میں اسے اندازہ ہوگیا کہ بعض اشیا جعلی یا نقلی ہیں

دوران ڈیوٹی انتقال کرنیوالے

پولیس ملازمین کے بچوں کو خصوصی کوٹے پر بھرتی کرنے کی منظوری

آئی جی پنجاب کا اجلاس میں 10 برس سروس سے قبل انتقال کرنیوالے پولیس ملازمین کو فیملی کلیم دینے کے ٹاسک پر کام شروع کرنے کی ہدایت

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے 10 برس سروس سے قبل انتقال کرنے والے پولیس ملازمین کو فیملی کلیم دینے کے ٹاسک پر کام شروع کرنے کی ہدایت جاری کی ہے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ ٹریننگ مکمل کر کے پولیس فورس کا حصہ بننے والے تمام ملازمین محکمہ کے لئے یکساں اہمیت کے حامل ہوتے ہیں اگر 10 برس سروس سے قبل ملازم کی وفات ہوجائے تو اسکے اہل خانہ کو فیملی کلیم کیلئے اپلائی کرنے کا حق دیا جانا انتہائی ضروری ہے۔ تفصیلات کے مطابق پولیس ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت سنٹرل پولیس آفس میں منعقد ہوا جس میں ٹریفک وارڈنز کی ٹائم اسکیل پروموشن، دوران سروس انتقال کرنے والے ملازمین کے لواحقین کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سنٹرل پولیس آفس میں ایگزیکٹو بورڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

راہول گاندھی کی کشمیری عوام کے حقوق غصب کرنے پر مودی فسطائی حکومت کی شدید مذمت

نئی دہلی (فارن ڈیسک، قوت) آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے سابق صدر اور رکن پارلیمنٹ راہول گاندھی نے کشمیری عوام کے حقوق غصب کرنے پر مودی کی فسطائی حکومت کی شدید مذمت کی ہے۔ انہوں نے گل مرگ میں کشمیر سے تعلق رکھنے والے پارٹی رہنماؤں کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے جموں و کشمیر کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
چیف ایگزیکٹو	احسن یوسف
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
ڈپٹی ایڈیٹر	شہروز میاں
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر عبدالحمید نے وطن پاک پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر 111 لٹن روڈ سے شائع کیا، آفس 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

ضلع بھر کے تمام تھانہ جات کے محرران کو تبدیل کردیا گیا

جڑانوالہ (ایجنسیاں، قوت) فیصل آباد ضلع بھر کے تمام تھانہ جات کے محرران کو تبدیل کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق احسان بٹ محرر تھانہ گڑھ تعینات۔ سعید عمران (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

تھانہ ریل بازار پولیس نے منشیات فروش کو 3 کلو ہیروئن سمیت گرفتار کرلیا

جڑانوالہ (ایجنسیاں، قوت) فیصل آباد تھانہ ریل بازار پولیس نے کچہری بازار اسلحہ مارکیٹ سے منشیات فروش کو 3 کلو ہیروئن سمیت گرفتار کر لیا، پولیس رپورٹ کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

فیس بک اور انسٹا گرام صارفین بھی بلیوٹک کی فیس ادا کریں گے

لندن (فارن ڈیسک، قوت) سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر کے بعد فیس بک اور انسٹاگرام کے صارفین بھی بلیوٹک اکاونٹ کی فیس ادا کریں گے۔ غیر ملکی خبر رساں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

بی جے پی نے مودی کے مذہب سے محبت کا بھانڈا پھوڑ دیا

ممبئی (فارن ڈیسک، قوت) گائے ذبیحہ کے معاملے پر مسلمانوں کو قتل و غارت کا نشانہ بنانے والی بی جے پی کے رہنما نے حکمران سیاسی جماعت اور مودی کی مذہب سے محبت کا بھانڈا پھوڑ دیا، بھارتی ریاست میگھالیہ میں بی جے پی کے ریاستی صدر ارنسٹ موری نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

ایم بی بی ایس فرسٹ پروفیشنل سالانہ امتحانات کے نتائج کا اعلان

42 میڈیکل کالجوں کے 5499 امیدواروں کی امتحان میں شرکت

5031 پاس جبکہ 425 فیل قرار' کامیابی کا تناسب 92.21 فیصد رہا

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز نے پیر کے روز ایم بی بی ایس فرسٹ پروفیشنل سالانہ امتحانات 2022 کے نتائج کا اعلان کردیا۔ 42 میڈیکل کالجوں کے 5499 امیدواروں نے امتحان میں شرکت کی۔ جن میں سے 5031 پاس جبکہ 425 فیل قرار پائے۔ یوں کامیابی کا تناسب 92.21 فیصد رہا۔ ملتان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج ملتان کی عائلہ سیف اور شیخ زید میڈیکل کالج رحیم یار خان کے سید معیز الحق بخاری نے مشترکہ طور پر پہلی پوزیشن حاصل کی۔ دونوں امیدواروں نے 541/600 نمبر حاصل کیے۔ شیخ خلیفہ بن زید النہیان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج لاہور کی زینب فاطمہ نے 539 نمبر لے کر دوسری پوزیشن، جبکہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

گوجرانوالہ پی ٹی این نیوز چینل کی دوسری سالانہ تقریب کا انعقاد

سی او رانا شہزاد نے صحافیوں، سیاسی و سماجی شخصیات کیساتھ مل کر سالگرہ کا کیک کاٹا

پی ٹی این نیوز کے نمائندگان کو گولڈ میڈل سے نوازا گیا' مہمانوں کا بھرپور استقبال

گوجرانوالہ (سپیشل رپورٹر) گوجرانوالہ پی ٹی این نیوز چینل کے چیف ایگزیکٹو رانا شہزاد نے اپنی ٹیم کے ہمراہ مدوخلیل میں دوسری سالانہ تقریب کا انعقاد کیا، پروقار تقریب کا آغاز تلاوت قران پاک اور نعت رسول مقبول سے کیا، پروقار تقریب میں سیاسی و سماجی شخصیات، وکلاء حضرات اور تمام صحافی برادری کی تنظیموں نے بھرپور شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق گوجرانوالہ مدوخلیل میں، پی ٹی این نیوز کے ہیڈ آفس میں دوسری سالانہ تقریب کا اہتمام کیا گیا اور پی ٹی این نیوز کے نمائندگان کو گولڈ میڈل سے نوازا گیا، اور تقریب میں انے والے تمام معزز مہمانوں کا ڈھول کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)